257
قو

# امام احمد رضا کے نثری شہ پارے

ذخیرہ
صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی
لاہور پاکستان

مرتبہ
سید محمد ریاست علی قادری

ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا کراچی

Marfat.com

# اِمام احمد رضا

# کے

# نثری شہ پارے

مُرتّبہ

سیّد محمد ریاست علی قادری

ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا

کراچی

Marfat.com

52790 نام کتاب ــــــــ امام احمد رضاؒ کے نثری شہ پارے

مرتب ــــــــ سید محمد ریاست علی قادری

کتابت ــــــــ محمود احمد ناصر

ناشر ــــــــ ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا. کراچی

مطبع ــــــــ آر. آئی پرنٹرز. اردو بازار. کراچی

سنہ طباعت ــــــــ ۱۴۰۵ھ / ۱۹۸۴ء

اشاعتِ اوّل ــــــــ ایک ہزار

قیمت ــــــــ ۱۲/ روپے

ملنے کا پتہ:۔ مکتبۂ رضویہ. فیروز شاہ اسٹریٹ. آرام باغ. کراچی

# اظہارِ تشکّر!

ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا، کراچی اپنے محسنِ خاص محترم جناب حمید اللہ قادری حشمتی صاحب کا ممنون و شکر گزار ہے جن کی مساعئ جمیلہ اور مالی تعاون سے یہ کتاب منظرِ عام پر آئی۔ اللہ تعالےٰ اُن کو اِس کا اجرِ عظیم عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین

Marfat.com

# حرفِ آغاز

برصغیر پاک و ہند میں اردو زبان کے ارتقاء کے ساتھ ساتھ اُس کی تاریخ بھی مرتب کی گئی۔ تاریخِ ادبِ اردو پر کئی بلند پایہ کتب معرضِ وجود میں آئیں۔ جن میں اردو شاعری پر دل کھول کر لکھا گیا اور ضمناً نثر اردو کے ارتقائی مراحل پر بھی لکھا گیا۔ لیکن اِن دونوں موضوعات کے تحت علمائے کرام کی کاوشوں کو یکسر فراموش کر دیا گیا۔ اردو نظم کی تاریخ میں نعتیہ شاعری پر بہت کم توجہ دی گئی۔ جو حقائق سے مملو اور عشقِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے معمور تھی۔

تاریخِ ادبِ اردو میں نعتیہ شاعری جیسے وقیع موضوع پر صرف سرسری توجہ کی گئی۔ نثر اردو میں میر امن اور میر شیر علی افسوس کی نثر نگاری پر خوب دل کھول کر لکھا لیکن افسوس کہ اس میں علمائے کرام کی اُن خدمات کا خاطر خواہ ذکر نہیں کیا گیا جو اردو نثر نگاری کے ارتقاء میں ان کے قلم کی جنبش سے معرضِ وجود میں آئیں۔ اگرچہ ان علمائے کرام نے ادب لطیف کو اپنا موضوع نہیں بنایا اور نہ ہی اُن کی نثر نگاری کا یہ نصب العین تھا لیکن انیسویں اور بیسویں صدی میں ان حضرات کے قلم سے جو مذہبی کتب اور دینی موضوعات پر دل پذیر تحریریں منصۂ شہود پر آئیں انہوں نے اردو نثر نگاری کے ارتقاء میں بھرپور کردار ادا کیا۔

پاک و ہند میں لکھی جانے والی تاریخِ ادبیات اردو میں علمائے کرام کی ان گرانقدر تصانیف کا بڑی بے دلی سے ذکر کیا۔ حیرت ہے کہ تاریخ نثر اردو (از مولانا حامد حسن قادری مرحوم) میں ان خدمات کو نہیں سراہا گیا۔ ضمناً کچھ

Marfat.com

حوالے اس موضوع پر ملتے ہیں لیکن "علمائے کرام کا اردو نثر کی ترقی میں حصہ" کو موضوع بنا کر نہیں لکھا گیا۔ حالانکہ یہ ایک ایسا وقیع موضوع تھا کہ اس ایک موضوع پر، نی "نثر اردو کے ارتقاء" میں مبسوط کتابیں تالیف کی جا سکتی ہیں۔ میرے مرحوم فاضل دوست ڈاکٹر محمد ایوب قادری نے اس موضوع کو اپنایا اور اس پر انہیں پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری ملی لیکن افسوس کہ اُن کا یہ مبسوط مقالہ طبع ہو کر اہلِ علم کے سامنے نہ آسکا۔

بیسویں صدی عیسوی میں اردو کے عناصر خمسہ پر خوب لکھا گیا۔ لیکن وہاں بھی اگر نظر انداز کیا گیا تو صرف اُن علمائے کرام کو جو نثر اردو میں تحقیق و تدقیق کی بساط بچھا گئے تھے اور اردو نثر کا ایک گرانقدر ذخیرہ اپنی متنوع الموضوع تصانیف کی صورت میں یادگار چھوڑ گئے تھے۔

ایسے ہی باکمال صاحبِ طرز اردو انشا پردازی میں اعلیحضرت امام احمد رضا قدس سرہٗ ہیں جن کے فتاوٰی یعنی فتاوٰی رضویہ کی گیارہ جلدوں میں اردو کے قابلِ ذکر جواہر پارے موجود ہیں۔ اعلیحضرت امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ کا ترجمہ قرآنِ مجید موسوم بہ "کنز الایمان" مخصوص خوبیوں کے علاوہ اردو نثر کا ایک عظیم شاہکار ہے۔

امام احمد رضاؒ اپنے دَور کے ایک جلیل القدر عالمِ دین اور مذہبی رہنما تھے اُن کی ایک ہزار سے زائد مختلف الموضوع کتب اُن کے تبحرِ علمی، وسیع النظری اور اردو ادب میں عبور اور کمال کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ ظاہر ہے کہ انہوں نے اپنے نصب العین، عقائد اور تبلیغِ دین کی خدمت کے لیئے جب اظہارِ مدعا کا کوئی ذریعہ تلاش کیا ہو گا تو کسی نہ کسی زبان و ادب کو ابلاغ کا ذریعہ بنایا ہو گا۔ عربی اور فارسی تو اُن کے دَور میں خواص کی زبان تھی۔ اردو کو ایک عمومی زبان کا منصب حاصل تھا۔ چنانچہ عام موضوعات کے اظہار کے لیئے انہوں نے

Marfat.com

اردو ہی کو اظہار کا ذریعہ بنایا اور اس طرح اعلیحضرت امام احمد رضا نے ار۔۔ بانُ ادب کی ترقی و توسیع میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

اُن کی تحریروں میں جا بجا ایسے الفاظ نظر آتے ہیں جن کو اگر وہ استعمال نہ فرماتے تو وہ کبھی کے متروک ہو چکے ہوتے۔ یہی کچھ حال محاورات کا ہے۔ انہوں نے اردو نثر میں ہزاروں محاورات استعمال کیئے ہیں۔ اُن کے اندازِ بیان میں دلکشی اور اثر آفرینی کے جواہر موجود ہیں۔ اُن کی نثر دلوں میں اُترتی چلی جاتی ہے۔ انہوں نے اردو نثر نگاری کو بانکپن عطا فرمایا اور اردو روزمرّہ کو اپنے اندازِ بیان سے پُرکیف اور دل نشیں بنا دیا۔

زیرِ نظر کتاب میں امام احمد رضاؔ کی مختلف الموضوع تصانیف سے اردو نثر نگاری کے چند نمونے بطورِ خاص قارئین کرام کے مطالعہ کے لیئے پیش کرنیکی سعادت حاصل کرنے کی کوشش کی ہے تاکہ آپ حضرات کو اندازہ ہو کہ تاریخِ ادبِ اردو کے مرتّبین و مصنّفین نے کس قدر فراموش کاری کو اپنایا ہے اور اُن کے قلم سے اردو ادب کے کیسے کیسے عظیم قلمکار اور صاحبِ فن حضرات کی خدمات ہماری نگاہوں سے اوجھل رہی ہیں۔ یقین ہے کہ کوئی صاحبِ علم و ادب اس طرف توجہ فرماکر تاریخِ ادب اردو کی اس کمی کو پورا کرنے کی کوشش فرمائیں گے اور اُس خلا کو پُر کریں گے جس سے اردو ادب کا دامن ابھی تک خالی ہے۔

امید ہے ادب نواز اور علم دوست احباب میری اس پیشکش کو شرفِ قبولیت سے نوازیں گے۔

سید محمد ریاست علی قادری

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

امام احمد رضا قدس سرہٗ چودھویں صدی کے جلیل القدر عالم، عظیم المرتبت مفتی، بلند پایہ مصنف، دیدہ ور سیاست دان، صاحبِ بصیرت سائنسدان، لائق و فائق نکتہ داں، باکمال شاعر اور ایک صاحبِ طرز انشا پرداز ادیب تھے۔ انہیں اردو، ہندی، فارسی اور عربی نظم و نثر پر یکساں عبور تھا۔ بلاشبہ علم و فن میں ان کے معاصرین میں ان کا کوئی ہم پلّہ نہ تھا۔ اور کثرتِ علوم پر اُن کو جو مہارت حاصل تھی اس کی نظیر اُن کے عہد میں تو کیا ماضی میں بھی شاذ ہی نظر آتی ہے۔

امام احمد رضاؒ جیسی نابغۂ روزگار ہستیاں صدیوں بعد منصۂ شہود پر جلوہ آرا ہوتی ہیں۔ ان کی شخصیت جامع علوم و جامع صفات تھی۔ وہ دنیائے اسلام کے ایک فقید المثال محقق اور عدیم المثال فقیہہ تھے۔ ان کی ذات علم و فن کا ایک ایسا منارۂ نور تھی جس کی ہر شعاع ظلمتوں میں گھرے ہوئے اور راہ سے بھٹکے ہوئے انسانوں کے لیے تسکین قلب و جاں تھی۔

امام احمد رضاؒ پچپن علوم و فنون پر نہ صرف عبور رکھتے تھے بلکہ انہوں نے علم و فن کی ہر صنف پر بے شمار کتابیں تحریر فرمائیں۔ ان کی کتب کا مطالعہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ہر موضوع پر ادیبانہ اسلوب نگارش اختیار

Marfat.com

کرنے پر کتنی قدرت رکھتے تھے۔ ادب و شاعری میں اُن کا مقام صفِ اوّل کے شہ سواروں میں ہوتا ہے۔ ان کی ادبی خدمات سے کسی طرح صرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا۔ وہ ایک کہنہ مشق ادیب اور بے باک قلمکار تھے۔ ان کی تحریروں میں بلا کی سلاست اور روانی پائی جاتی ہے۔ ان میں جگہ جگہ ایسے ادبی شہ پارے نظر آتے ہیں کہ طبیعت جھوم جھوم اٹھتی ہے۔ اُن کا حسین اندازِ بیاں، زبان کی چستگی و ٹھہراؤ، برمحل شیریں الفاظ کا دروبست، استعارات کی جودت، طرزِ ادا میں نفاست، جذبات میں خلوص، ادائیگیٔ بیان میں بہارت، فکر میں گہرائی، اظہار میں بے ساختگی اور رفعت، خیالوں میں شادابی وطہارت، ان ہی عناصر کے امتزاج سے وہ اپنی تحریروں کے چہرہ کا غازہ تیار کرتے تھے۔ سرعتِ نگارش کا یہ عالم تھا کہ ایک ہی نشست میں پورا رسالہ قلمبند کر لیتے۔ نفسِ موضوع اور بندش الفاظ پر ایسی قدرت کہ ایک دفعہ کے لکھے ہوئے جملے کو قلمزد کرنے کی نوبت نہ آتی۔ امام احمد رضاؒ کی تصانیف کا اگر بنظرِ غائر مطالعہ کیا جائے تو بے شمار ادبی شہ پارے مل جائیں گے جن سے ایک ضخیم کتاب مدوّن ہو سکتی ہے۔ پیشِ نظر کتاب میں امام احمد رضاؒ کی چند کتب سے مختلف موضوع پر چیدہ ادبی شہ پارے پیش کیے جارہے ہیں تاکہ ناظرین امام احمد رضاؒ کے بیان و زبان اور ان کے ادیبانہ فیوض سے بہرہ ور ہوسکیں۔ یہ ادبی شہ پارے اردو ادب میں قابلِ قدر اضافہ ہی نہیں بلکہ اس کا ایک انمول سرمایہ بھی ہیں۔

(۱)

مولانا احمد رضا خاںؒ نے ان لوگوں کے خلاف رسالہ "مقال العرفاء

Marfat.com

باغرباء شرع وعلماء" (۱۳۲۷ھ) تحریر فرمایا جو شریعت اور طریقت کو علیحدہ تصور کرتے ہیں اور جن کے نزدیک اہلِ طریقت کو شریعت کی حاجت نہیں ہے۔
اس رسالے میں ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں:۔

(الف)

"شریعت اصل ہے اور طریقت اس کی فرع، شریعت منبع ہے اور طریقت اُس سے نکلا ہوا دریا۔ طریقت کی جدائی شریعت سے محال و دشوار ہے۔ شریعت پر ہی طریقت کا دار و مدار ہے۔ شریعت ہی اصل کار ہے، شریعت ہی مناط و مدار ہے۔ شریعت ہی محک و معیار ہے۔"

"مقال العرفاء" میں ایک اور جگہ فرماتے ہیں۔

(ب)

"شریعت عمارت ہے۔ اس کا اعتقاد بنیاد اور عمل چنائی۔ پھر اعمالِ ظاہرہ دیواریں ہیں کہ اس بنیاد پر ہوا میں چنے گئے۔ اور جب تعمیر بڑھ کر آسمانوں تک پہنچی وہ طریقت ہے۔ دیوار جتنی اونچی ہوگی نیو کی زیادہ محتاج ہوگی اور نہ صرف نیو بلکہ اعلیٰ حصہ اسفل حصے کا بھی محتاج ہے۔ اگر دیوار نیچے سے خالی کر دی جائے اوپر سے بھی گر پڑے گی۔ احمق وہ جس پر شیطان نے نظر بندی کر کے اس کی چنائی آسمانوں تک دکھائی اور دل میں ڈالا کہ اب ہم تو زمین کے دائرے سے اونچے گزر گئے ہمیں اس سے تعلق کی کیا حاجت ہے؟ نیو سے دیوار جدا کر لی اور نتیجہ وہ ہوا جو قرآنِ عظیم نے فرمایا "فَانْهَارَ بِهٖ فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ"

Marfat.com

"مقال العرفاء" میں ایک اور جگہ رقمطراز ہیں

(ج)

"عمرو کا قول کہ شریعت چند احکام، فرض و واجب و حلال و حرام کا نام ہے، محض اندھا پن ہے۔ شریعت تمام احکام، جسم و جان روح و قلب و جملہ علومِ الٰہیہ و معارف نامتناہیہ کو جامع ہے جن میں سے ایک ٹکڑے کا نام طریقت و معرفت ہے۔ لہٰذا باجماعِ قطعی جملہ اولیائے کرام تمام حقائق کو شریعتِ مطہرہ پر عرض کرنا فرض ہے، اگر شریعت کے مطابق ہوں حق و مقبول ہیں۔ ورنہ مردود و مخذول۔ تو یقیناً قطعاً شریعت ہی اصل کار ہے، شریعت ہی مناط و مدار ہے۔ شریعت ہی محک و معیّار ہے۔ شریعت راہ کو کہتے ہیں اور شریعتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا افضل الصلوٰۃ والتحیہ کا ترجمہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی راہ۔ یہ قطعاً عام و مطلق ہے نہ کہ صرف چند احکام جسمانی سے خاص۔ یہی وہ راہ ہے کہ پانچوں وقت ہر نماز بلکہ ہر رکعت میں اس کا مانگنا اور اس پر ثبات و استقامت کی دعا کرنا ہر مسلمان پر واجب فرمایا ہے کہ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ ہم کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی راہ پر چلا اور ان کی شریعت پر ثابت قدم رکھ۔"

اسی کتاب میں ایک اور موقع پر ارشاد فرماتے ہیں :۔

(د)

"عمرو کا قول کہ طریقت نام ہے وصول الی اللہ کا محض جنون و

Marfat.com

جہالت ہے۔ ہر دو حرف پڑھا ہوا جانتا ہے کہ طریق، طریقہ، طریقت راہ کو کہتے ہیں نہ کہ پہنچ جانے کو تو یقیناً طریقت بھی راہ ہی کا نام ہے۔ اب اگر وہ شریعت سے جدا ہو تو بشہادتِ قرآنِ عظیم خدا تک نہ پہنچائے گی بلکہ شیطان تک پہنچائے گی۔ جنت میں نہ لے جائے گی بلکہ جہنم میں لے جائے گی کہ شریعت کے سوا سب راہوں کو قرآنِ عظیم باطل و مردود فرما چکا۔ لاجرم ضرور ہوا کہ طریقت ہی شریعت ہے۔ اسی راہ کا روشن ٹکڑا ہے۔ اس کا اس سے جدا ہونا محال و ناسزا ہے۔ جو اسے شریعت سے جدا جانتا ہے اسے راہِ خدا سے توڑ کر راہِ ابلیس مانتا ہے۔ مگر حاشا طریقتِ حقہ، راہِ ابلیس نہیں۔ قطعاً راہِ خدا ہے تو یقیناً وہ شریعتِ مطہرہ ہی کا ٹکڑا ہے طریقت میں جو کچھ منکشف ہوتا ہے شریعت ہی کے اتباع کا صدقہ ہے۔ ورنہ بے اتباعِ شرع بڑے بڑے کشف راہبوں، جوگیوں، سنیاسیوں کو ہوتے ہیں پھر وہ کہاں تک لیجاتے ہیں۔ اسی نارِ جہنم و عذابِ الیم تک پہنچاتے ھیں۔ ۱۵

(مں)

"شریعت کو قطرہ، طریقت کو دریا کہنا اس مجنوں بچے پاگل کا کام ہے جس نے دریا کا پاٹ کسی سے سُن لیا اور یہ نہ جانا کہ یہ وسعت اس میں کہاں سے آئی۔ اور نہ ہی اس کے منبع اور خزانے سے واقفیت حاصل کی۔ خزانے میں

Marfat.com

وسعت نہ ہوتی تو اس میں کس گھر سے آتی۔ شریعت منبع ہے اور طریقت اس میں سے نکلا ہوا دریا۔ بلکہ شریعت اس مثال سے بھی متعالی ہے۔ منبع سے پانی نکل کر دریا بن کر جن زمینوں پر گزرے انہیں سیراب کرنے میں اسے منبع کی احتیاج نہیں۔ نہ اس سے نفع لینے والوں کو اصل منبع کی اس وقت حاجت۔ مگر شریعت وہ منبع ہے کہ اس سے نکلے ہوئے دریا یعنی طریقت کو ہر آن اس کی احتیاج ہے۔ منبع سے اس کا تعلق ٹوٹے تو یہی نہیں کہ صرف آئندہ کے لیئے مدد موقوف ہو جائے۔ فی الحال جتنا پانی آ چکا ہے چند روز تک پینے، نہانے کھیتیاں، باغات سینچنے کا کام دے۔ نہیں نہیں، منبع سے تعلق ٹوٹتے ہی یہ دریا فوراً فنا ہو جائے گا۔ بوند تو بوند نم کا نام نظر نہ آئے گا۔ نہیں نہیں، میں نے غلطی کی، کاش اتنا ہی ہوتا کہ دریا سوکھ گیا۔ پانی معدوم ہوا، باغ سوکھے، کھیت مرجھائے، آدمی پیاسے تڑپ رہے ہیں۔ ہرگز نہیں بلکہ یہاں اس مبارک منبع سے تعلق چھوٹتے ہی یہ تمام دریا البحر المسجور ہو کر شعلہ فشاں آگ ہو جاتا ہے جس کے شعلوں سے کہیں پناہ نہیں''

(ص)

''عمرو کا طریقت کو غیر شریعت جان کر حصر کر دینا کہ یہی مقصود ہے۔ انبیاء صرف اسی کے لیئے مبعوث ہوئے، صراحتہً شریعتِ مطہرہ کو معاذ اللہ معطّل، مہمل، لغو اور باطل کر دینا

Marfat.com

ہے۔ اور یہ صرف کفر و ارتداد و زندقہ و الحاد اور موجبِ لعنت والعیاد ہے۔ ہاں یہ کہتا تو حق تھا کہ اصل مقصود وصول الی اللہ ہے۔ مگر حیف ہے اس پر جو اپنی جہالتِ شدیدہ سے نہ جانے یا جانے اور عنادِ شریعت کے باعث نہ مانے کہ وصول الی اللہ کا راستہ یہی شریعت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور بس۔ ہم اوپر قرآنِ عظیم سے ثابت کر آئے ہیں کہ شریعت کے سوا اللہ تک راہیں بند ہیں۔ طریقت۔ اگر وہ اپنے زعم میں کسی راہ مخالف شریعت کا نام سمجھا ہے تو حاشا وہ خدا تک پہنچائے بلکہ وہ مسدود اور اس کا چلنے والا مردود اور انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر اس کی تہمت ملعون و مطرود۔ کیا کوئی ثبوت دے سکتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کو شریعت کے خلاف دوسری راہ کی طرف بلایا ہے۔ حاشا و کلاّ"۔

## (۲)

مولانا احمد رضا خاں نے سرورِ دو عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم یعنی کشتئ اُمت کے ناخدا، وہ مَاکَانَ وَمَا یَکُوْنُ کے عالم ہیں۔ اور انہیں مصیبت میں پکارنا، مشکل کشا و حاجت روا جاننا درست ہے۔ اس پر ایک رسالہ "انباء المصطفےٰ بحال سر و اخفی"، (۱۳۲۰ھ) تحریر فرمایا۔ کتاب کے آخری صفحہ پر تحریر فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

(الف)

"حضرات مخالفین سے یہی گذارش ہے کہ اگر توفیقِ الٰہی مساعدت کرے، یہی حرفِ مختصر ہدایت کرے تو ازیں چہ بہتر۔ ورنہ اگر بوجۂ کوتاہی فہم و غلبۂ وہم و قلتِ تدرّب و شدّتِ تعصّب اپنی تمام جہالاتِ فاحشہ کی پردہ دری ان مختصر سطور میں نہ دیکھ سکیں۔ تو اسی مہرِ جہانتاب کا انتظار رکھیں جو بعنایتِ الٰہی و اعانتِ رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وسلم ان تمام ظلمتوں کی صبح کر دے گا۔ ان کا ہر کاسۂ سوال آبِ زلال رد و ابطال سے بھر دے گا۔ کیا فائدہ کہ اس وقت آپ کی خوابِ غفلت کچھ ہذیانات کا رنگ دکھا دے اور وہ جب صبح ہدایت افقِ سعادت سے طالع ہو تو کھل جائے کہ:۔

ع خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

معہذا طائفۂ ارانب و ثعالب کو یہی مناسب کہ جب شیر ژیاں کو چہل قدمی کرتا دیکھ لیں سامنے سے ٹل جائیں۔ اپنے اپنے سوراخوں میں جان چھپائیں ـــــــ نہ یہ کہ اس وقت اس کے خرامِ نرم پر غرّہ ہو کر غرّائیں ـــــــ اس کی آتشِ غضب بھڑکائیں ـــــــ اپنی موت اپنے منہ بلائیں۔

ع نصیحت گوش کن جاناں کہ از جانِ دور تر خواہند
شغالانِ ہزیمت مند خشمِ شیرِ ہیجارا"

اس کتاب میں ایک اور موقع پر اُن نامرادوں کی خبر لیتے ہیں جن کا کام ہی حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے علم کو گھٹانا ہے۔

Marfat.com

(ب)

"افسوس اسی منہ سے مقامِ اعتقادیات بنانا، احادیثِ صحاح بھی نامقبول ٹھہرانا۔ اسی منہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علمِ عظیم گھٹا کر ایسی بے اصل حکایت سے سند لانا اور ملمع کاری کے لیئے شیخ کا نام لکھ جانا جو صراحۃً فرما رہے ہیں کہ اس حکایت کی جڑ نہ بنیاد۔ اب اس کے سوا کیا کہیئے کہ ایسوں کی داد نہ فریاد ــــــ اللہ اللہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مناقبِ عظیمہ اور بابِ خصائل سے نکلوا کر اس تنگنائے میں داخل کرائیں ــــــ تاکہ صحیحین بخاری و مسلم کی حدیثیں بھی مردود بنائیں ــــــ اور حضور کی تنقیص شان میں یہ فراخی دکھائیں ــــــ کہ بے اصل بے سند مقولے سب سما جائیں ــــــ ع۔ خال ایمان کا معلوم ہے بس جانے دو۔"

(ج)

"افسوس اِن شرک فروش اندھوں کو اتنا نہیں سوجھتا کہ علمِ الٰہی ذاتی ہے اور علمِ خلق عطائی۔ وہ واجب، یہ ممکن، وہ قدیم، یہ حادث، وہ نامخلوق، یہ مخلوق، وہ نامقدور، یہ مقدور، وہ ضروری البقاء، یہ جائز الفنا، وہ ممتنع التغیّر، یہ ممکن التبدل، ان عظیم تفرقوں کے بعد احتمالِ شرک نہ ہوگا مگر کسی مجنوں کو، بصیرت کے اندھے اس علم ماکان وما یکون بمعنی مذکور ثابت جاننے کو معاذاللہ علمِ الٰہی سے مساوات مان لینا سمجھتے ہیں۔"

Marfat.com

منکرانِ مریض القلب ،عریض الثلب اسی بناء پر اپنا پیٹ
پھاڑے مرے جاتے تھے کہ ہائے ہائے محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلّم کے لیئے روزِ اوّل سے قیامت تک کے تمام ماکان
وما یکون کا علم تفصیلی مانا جاتا ہے۔ اب نصیبوں کو سر پر ہاتھ
دھر کر روئیں کہ بحمد اللہ تعالےٰ وہ جمیع علم ماکان وما یکون علومِ
محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عظیم سمندروں سے ایک
نہر بلکہ بے پایاں موجوں سے ایک لہر قرار پاتا ہے ۔"

(۳)

"الامن و العلیٰ" ۱۳۱۱ھ مولانا احمد رضا خان کی بہت ہی بلند پایہ
تصنیف ہے جس کے حوالے انھوں نے جابجا اپنی کتابوں میں تحریر فرمائے
ہیں۔ ذیل کی ایک مختصر تحریر جامع اور دلنشیں ہونے کے ساتھ ساتھ مدلّل
بھی ہے ۔ فرماتے ہیں :۔

(الف)

"اللہ اللہ اس حدیثِ صحیح کے پچھلے جملے نے پھر وصلِ اوّل
احادیثِ متعلقہ محبوبِ اجمل صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی آتشِ
شوق سینے میں بھڑکا دی۔ کتا اپنے پیارے آقا و مہربان مولیٰ
کا دروازہ چھوڑ کر کہاں جائے۔ ہر پھر کر وہیں کا رہا چاہے بلکہ
واللہ یہ کتا اپنے پیارے کریم مالک کے در سے ہٹا ہی نہیں ۔
انبیاء کے دروازے پر جائے تو انہیں کا گھر ہے ________
اولیاء کے یہاں آئے تو انہیں کا در ہے ______ ملائکہ کی

Marfat.com

منزلوں پر گزرے تو انہیں کا نگر ہے
"کوئی اور اُن کے سوا کہاں ۔:۔ وہ اگر نہیں تو جہاں نہیں"

اسی کتاب میں ایک اور موقع پر مسلمانانِ اہلِ سنّت کو تلقین فرماتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں :۔

(ب)

"زید لقبید کے ایسے کلمات کچھ محلِ تعجب نہیں کہ مذہب وہابیہ کی تباہی حتی الامکان حضور سیّد الانس والجان علیہ وعلیٰ آلہٖ افضل الصلوٰۃ والسّلام کے ذکر شریف کے مٹانے اور محبوبانِ خدا جل وعلا وعلیہم الصلوٰۃ والثناء کی تعظیم قلوب مسلمین سے گھٹانے پر ہے۔ وَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ۔ مگر تعجب ان مسلمانانِ اہلسنّت سے ہے کہ ایسے ناپاک اقوال پر کان دھریں۔ بہت کان کھانے والے دنیا میں ہوئے اور ہوتے رہیں گے۔ مسلمان صحیح العقیدہ ان کی طرف التفات ہی کیوں کریں۔ ایسوں کا علاج حضور میں خاموشی ——— اور غیبت میں فراموشی ——— اور اٹھتے بیٹھتے ہر وقت ہر حال اپنے محبوب بے مثال صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے ذکرِ پاک کی زیادہ گرم جوشی ——— کہ مخالف خود ہی اپنی آگ میں جل بجھیں گے۔"

(۴)

مولانا احمد رضا خان نے "الکوکبۃ الشہابیہ علیٰ کفریاتِ ابی الوہابیہ"

Marfat.com

(۱۳۱۲ھ) مولانا مولوی محمد فضل المجید صاحب قادری فاروقی بدایونی کے لیئے تحریر فرمائی۔ مولانا مولوی محمد فضل المجید صاحب نے دریافت کیا کہ وہابیہ، غیر مقلدین جو تقلید آئمہ اربعہ کو شرک کہتے ہیں۔ جس مسلمان کو مقلد دیکھیں مشرک بتاتے ہیں۔ اس کے جواب میں فاضل بریلویؒ نے ۱۰۷ صفحات پر مشتمل جواب تحریر فرمایا۔ مندرجہ ذیل پیراگراف مذکورہ کتاب سے نقل ہے جو یقیناً ایک ادبی شہ پارہ کہلانے کا مستحق ہے۔

(الف)

"وائے بے انصافی! اگر کوئی تمہارے باپ کو گالی دے اُس کے خون کے پیاسے رہو۔ صورت دیکھنے کے روادار نہ ہو۔ بس پاؤ تو کچا نگل جاؤ ——— وہاں نہ تاویلیں نکالو۔ نہ سیدھی بات ہیر پھیر میں ڈالو ——— اور محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی نسبت وہ کچھ سنو اور آنکھ میلی نہ کرو۔ بلکہ اس کی امامت پیشوائی کا دم بھرو، ولی جانو، امام مانو ——— جو اُسے بُرا کہے اُلٹی اُس سے دشمنی ٹھانو ——— بدلگام کی بات میں سو سو طرح کے پیچ نکالو ——— رنگ رنگ کی تاویلیں ڈھالو ——— جیسے بنے اُس کی بگڑی سنبھالو ——— اس کی حمایت میں عظمتِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پسِ پشت ڈالو۔ یہ کیسا ایمان ہے؟ کیسا اسلام ہے؟ کیا اسلام اسی کا نام ہے؟

(ب)

صفحہ ۲۷، تقویۃ الایمان کی عبارت "جو کچھ کہ اللہ اپنے بندوں سے معاملہ

Marfat.com

کرے گا خواہ دنیا میں خواہ قبر میں، خواہ آخرت میں سو اُن کی حقیقت کسی کو معلوم نہیں۔ نہ نبیؐ کو نہ ولی کو نہ اپنا حال نہ دوسرے کا صفحہ ۲۵ ان باتوں میں سب بندے بڑے ہوں یا چھوٹے سب یکساں بے خبر ہیں اور نادان۔ صفحہ ۵۷، ۵۸ جو اللہ کی شان ہے۔ اور اُس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں سو اس میں اللہ کے ساتھ کسی کو ملا دے۔ مثلاً کوئی شخص کہے فلاں درخت میں کتنے پتے ہیں یا آسمان میں کتنے تارے ہیں تو اس کے جواب میں یہ نہ کہے کہ اللہ و رسول جانے۔ کیونکہ غیب کی بات اللہ ہی جانتا ہے۔ رسولؐ کو کیا خبر؟''

اس کے جواب میں مولانا احمد رضا خان قدس سرہٗ نے جو تحریر فرمایا وہ ذیل میں ملاحظہ ہو:۔

''سبحان اللہ! وہاں تو پیر جی کے ایک ایک مرید کو زمین و آسمان جنت و دوزخ حتیٰ کہ قبر کے حالات، آئندہ کے واقعات، لوحِ محفوظ و عرشِ اعظم غرض تین تلوک روشن تھے۔ عرش و فرش میں ہر جگہ کے حالات کا جان لینا اپنے اختیار میں تھا۔ خود ان پیر جی کو وہ طریقے معلوم تھے کہ یوں کرو تو یہ سب باتیں روشن ہو جائیں گی۔ مگر معاذ اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی انجانی یہاں تک ہے کہ آسمان کے تارے تو درکنار کیا دخل کہ ایک پیڑ کے پتے جان لیں۔ اگر کوئی انہیں کہے کہ وہ کسی درخت کے پتوں کی گنتی جانتے ہیں تو اُس نے انہیں اللہ کی شان میں ملا دیا۔ وہاں تو بندگی کو وہ وسعت تھی یہاں آ کر خدائی اتنی تنگ ہو گئی کہ ایک پیڑ کے پتے جاننے پر رہ گئی

Marfat.com

حق فرمایا اللہ عزّوجل نے " اللہ ہی کی قدر نہ کی جیسے چاہیئے تھی "

(۵)

مولانا احمد رضا خانؒ نے تمہید الایمان " (۱۳۲۶ھ) نامی رسالے میں قرآن و احادیث و تصریحاتِ آئمہ دین کی روشنی میں کفر اور اسلام کی حدود کو متعیّن فرما دیا ہے اور بتا دیا ہے کہ جو لوگ سرے سے عقائد کے معاملے میں آزاد خیالی کو رواج دینا چاہتے ہیں وہ حقیقت میں دین کے دشمن ہیں۔ زیرِ نظر تحریر " تمہید الایمان " سے لی گئی ہے۔

(الف)

" حاشا۔ للہ، مسلمانوں کا علاقہ محبّت و عداوت صرف محبّت و عداوتِ خدا و رسولؐ ہے۔ جب تک ان دشنام دہوں سے دشنام صادر نہ ہوئی یا اللہ و رسول کی جناب میں ان کی دشنام نہ دیکھی، سنی تھی اُس وقت تک کلمہ گوئی کا پاس لازم تھا۔ غایت احتیاط سے کام لیا حتیٰ کہ فقہائے کرام کے حکم سے طرح طرح اُن پر کفر لازم تھا۔ مگر احتیاطاً اُن کا ساتھ نہ دیا اور متکلمینِ عظام کا مسلک اختیار کیا۔ جب صاف صریح انکارِ ضروریاتِ دین و دشنام دہی ربّ العالمین و سیّد المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم اجمعین آنکھ سے دیکھی تو اب بے تکفیر چارہ نہ تھا کہ اکابر ائمہ دین کی تصریحیں سُن چکے کہ " من شک فی عذابہ و کفرہ فقد کفر " جو ایسے کے معذّب و کافر ہونے میں شک کرے خود کافر ہے " اپنا اور اپنے دینی بھائیوں، عوامِ اہلسنّت

Marfat.com

کا ایمان بچانا ضروری تھا۔ لاجرم حکم کفر دیا۔ اور شائع کیا۔
وَذَالِكَ جَزَآءُ الظّٰلِمِيْنَ "

اسی "تمہید الایمان" میں ایک اور موقع پر تحریر فرماتے ہیں:۔

(ب)

"ابھی قرآن و حدیث ارشاد فرما چکے ہیں کہ ایمان کے حقیقی و واقعی ہونے کو دو باتیں ضرور ہیں۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی تعظیم اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی محبّت تمام جہانوں پر تقدیم۔ تو اس کی آزمائش کا یہ صریح طریقہ ہے کہ تم جن لوگوں سے کیسی ہی تعظیم، کتنی ہی عقیدت، کیسی ہی دوستی، کیسی ہی محبّت کا علاقہ ہو، جیسے تمہارے باپ، تمہارے استاد، تمہارے پیر، تمہاری اولاد، تمہارے بھائی، تمہارے احباب، تمہارے بڑے، تمہارے اصحاب، تمہارے مولوی، تمہارے حافظ، تمہارے مفتی، تمہارے واعظ وغیرہ وغیرہ کسے باشد جب وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کی شانِ اقدس میں گستاخی کریں۔ اصلاً تمہارے قلب میں اُن کی عظمت۔ اُن کی محبّت کا نام و نشان نہ رہے۔ فوراً اُن سے الگ ہو جاؤ ـــــ دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دو۔ اُن کی صورت، اُن کے نام سے نفرت کھاؤ ـــــ پھر نہ تم اپنے رشتے، علاقے، دوستی، الفت کا پاس کرو۔ نہ اس کی مولویت، مشیخت، بزرگی، فضیلت کو خاطر میں لاؤ ـــــ کہ آخر یہ جو کچھ تھا محمد رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم ہی کی غلامی کی بناء پر تھا۔"

## (۶)

مولانا احمد رضا خان نے علم و فن کا شاید ہی کوئی شعبہ ایسا ہو جس پر نہ لکھا ہو۔ "تقدیر اور تدبیر" کے موضوع پر آپ کا رسالہ "تبلغ الصدر الایمان القدر" (۱۳۲۵ھ) اپنی نظیر آپ ہے۔ اس میں ایک جگہ فرماتے ہیں :-

### (الف)

"اسی تحریر میں کہ فقیر نے پندرہ آئتیں اور پینتیس حدیثیں جملہ پچاس نصوص ذکر کیئے اور صدہا بلکہ ہزارہا کے پتے دیئے یہ کیا تھوڑے ہیں ؟ انہیں سے ثابت ہے کہ انکارِ تدبیر کس قدر اعلیٰ درجہ کی حماقت، اخبث الامراض ——— اور قرآن و حدیث سے صریح اعراض ——— اور خدا و رسول پر کھلا اعتراض ——— وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔"

### (ب)

"تقدیر نے کسی کو مجبور نہیں کیا، یہ سمجھنا محض جھوٹ اور ابلیس لعین کا دھوکہ ہے کہ جیسا لکھ دیا ہمیں ویسا ہی کرنا پڑتا ہے نہیں نہیں بلکہ لوگ جیسا کرنے والے تھے ویسا ہی ہر ایک کی نسبت لکھ دیا ہے۔ لکھنا علم کے مطابق ہوتا ہے اور علم معلوم کے مطابق ہوتا ہے۔ نہ کہ معلوم کو علم کے مطابق ہونا پڑے۔ دنیا میں پیدا ہونے کے بعد زید زنا کرنے والا تھا

Marfat.com

اور عمرو نماز پڑھنے والا۔ مولا عزوجل عَالِمُ الغَیبِ وَالشَّھَادَۃِ ہے۔ اس نے اپنے علمِ قدیم سے اُن کی حالتوں کو جانا اور جو جیسا ہونے والا تھا ویسا لکھ دیا۔ اگر زید اور عمرو اس کا عکس کرنے والے ہوتے کہ عمرو زنا کرتا اور زید نماز پڑھتا تو مولا عزوجل ان کی یہی حالتیں جانتا اور یوں لکھتا۔ فرض کیجئے کچھ نہ لکھا جاتا تو اللہ عزوجل ازل میں تمام جہان کے تمام اعمال وافعال احوال واقوال بلاشبہ جانتا تھا۔ اور ممکن نہیں کہ اس کے علم کے خلاف واقع ہو۔ اب کیا کوئی ذرا بھی دین وعقل رکھنے والا یہ کہے گا کہ اللہ نے جانا تھا کہ زید زنا کرے گا۔ لہٰذا چاروناچار زید کو بہ مجبوری زنا کرنا پڑا۔ حاشا۔ ہرگز یہ نہیں۔ زید خود دیکھ رہا ہے کہ اپنی خواہش سے زنا کیا ہے۔ کسی نے ہاتھ پاؤں باندھ کر مجبور نہیں کیا۔ یہی اس کا بخواہشِ خود زنا کرنا عالم الغیب والشہادۃ کو ازل میں معلوم تھا۔ جب اُس علم نے اُسے مجبور نہ کیا اُسے تحریر میں لے آنا کیا مجبور کرسکتا ہے بلکہ اگر مجبور ہو جائے تو معاذ اللہ علم ونوشتہ غلط ہو جائے۔ علم میں تو یہ تھا اور یہی لکھا گیا کہ یہ اپنی خواہش سے ارتکابِ زنا کرے گا۔ اگر اس لکھنے سے مجبور ہو جائے تو مجبوراً زنا کیا نہ کہ اپنی خواہش سے تو علم ونوشتہ کے خلاف ہوا۔ اور یہ محال ہے۔"

اس کتاب میں ایک جگہ تحریر فرماتے ہیں :-

52790

Marfat.com

(ج)

"ہمارا اور ہماری جان و مال کا وہ اکیلا پاک نرالا سچا مالک ہے۔ اس کے کام، اس کے احکام میں کسی کو مجال زدن کیا معنی۔ کیا کوئی اس کا ہمسر یا اس پر افسر ہے جو اس سے کیوں اور کیا کہے۔ مالک علی الاطلاق ہے۔ بے اشتراک ہے۔ جو چاہا کیا اور جو چاہے گا کرے گا۔"

(۷)

"جلی الیقین" (۱۳۰۵ھ) مولانا احمد رضا خاںؒ کی ایک نادر روزگار تصنیف ہے۔ پیشِ نظر شہ پارہ اسی میں سے لیا گیا ہے:۔

(الف)

"حضور پُرنور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا افضل المرسلین و سید الاوّلین والآخرین ہونا قطعی ایمانی، یقینی، اذعانی، اجماعی ایقانی مسئلہ ہے جس میں خلاف نہ کرے گا۔ مگر گمراہ و بددین۔ بندۂ شیطان والعیاذ باللہ رب العالمین۔ کلمہ پڑھ کر اس میں شک عجیب ہے ــــــ آج نہ کھُلا تو کل قریب ہے۔ جس دن تمام مخلوق کو جمع فرمائیں گے ــــــ سارے مجمع کا دولہا حضورؐ کو بنائیں گے۔ انبیائے جلیل تا حضرت خلیل سب حضورؐ ہی کے نیاز مند ہوں گے ــــــ موافق و مخالف کی حاجتوں کے ہاتھ انہیں کی جانب بلند ہوں گے۔ انہیں

Marfat.com

کی حمد کا ڈنکا ہو گا جو آج بیاں ہے ـــــــ کل عیاں ہے.
اس دن جو مومن و مقر ہیں، نوید بارعشرتوں سے شادیاں رچائیں گے ـــــــ اور جو مبطل و منکر ہیں دلفگار حسرتوں سے ہاتھ چبائیں گے۔

(۸)

مولانا احمد رضا خاںؒ نے اپنے ایک رسالے "منیر العین" (۱۳۰۱ھ) میں تقویۃ الایمان پر تنقید کرتے ہوئے تحریر فرمایا.

(الف)

"صحیح بخاری و مسلم نے حدیثِ توبہ کعب بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ، میں روایت کیا کہ جب ان کی توبہ قبول ہوئی عرض کی "یا رسول اللہ میری توبہ کی تمامی یہ ہے کہ میں اپنا سارا مال اللہ اور اللہ کے رسول کے لیئے صدقہ کردوں"، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے انکار نہ فرمایا۔ یہ حدیثیں حضراتِ صحابیہ کی جان پر آفت ہیں۔ انہیں پر کیا موقوف فقیر غفر اللہ تعالیٰ نے ایسی بہت سی کثیر و عظیم باتوں کا آیات و احادیث سے صاف و صریح ثبوت دیا۔ مثلاً قرآن وحدیث ناطق ہیں، اللہ ورسول نے دولت مند کر دیا، اللہ ورسول نگہبان ہیں، اللہ ورسول بے والیوں کے والی ہیں، اللہ ورسول کی طرف توبہ، اللہ ورسول کی دہائی، اللہ ورسول دینے والے ہیں، اللہ ورسول سے دینے کی توقع، اللہ ورسول نے نعمت

Marfat.com

دی، اللہ و رسول نے عزّت بخشی، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم اپنی امّت کے حافظ و نگہبان ہیں، حضور کی طرف سب کے ہاتھ پھیلے ہیں، حضور کے آگے سب گڑگڑا رہے ہیں۔ حضور ساری زمین کے مالک ہیں۔ حضور سب آدمیوں کے مالک ہیں۔ حضور تمام امّتوں کے مالک ہیں۔ ساری دنیا کی مخلوق حضور کے قبضہ میں ہے۔ مدد کی کنجیاں حضور کے ہاتھ ہیں۔ نفع کی کنجیاں حضور کے ہاتھ میں ہیں۔ جنّت کی کنجیاں حضور کے ہاتھ میں ہیں۔ دوزخ کی کنجیاں حضور کے ہاتھ ہیں۔ آخرت میں عزّت دینا حضور کے ہاتھ ہے۔ قیامت میں کل اختیار حضور کے ہاتھ ہے۔ حضور مصیبتیں دور فرماتے ہیں، حضور سختیوں کے ٹالنے والے، ابوبکر صدیق، عمر فاروق حضور کے بندے، حضور کے خادم نے بیٹا دیا۔ حضور کے خادم رزق آسان کرتے ہیں۔ حضور کے خادم بلائیں دفع کرتے ہیں۔ حضور کے خادم بلندی مرتبہ دیتے ہیں۔ حضور کے خادم تمام کاروبارِ عالم کی تدبیر کرتے ہیں۔ اولیاء کے سبب بلا دُور ہوتی ہے۔ اولیاء کے سبب رزق ملتا ہے۔ اولیاء کے سبب مدد ملتی ہے۔ اولیاء کے سبب مینہ اترتا ہے۔ اولیاء کے سبب زمین قائم ہے۔ یہ اور ان جیسے اور بیسیوں باتیں صرف قرآن و حدیث سے لکھی ہیں۔ وہابی صاحب شرک وغیرہ جو حکم لگانا چاہیں۔ اللہ و رسول کی جناب میں بکیں۔ یا خدا اور رسول سے لڑیں۔ اگر لڑ سکیں۔

Marfat.com

• عزیزو خدارا! انصاف ذرا شاہ ولی اللہ کے قول الجمیل دیکھو اور اُن کے والد و مشائخ وغیرہم کے اختراعی اعمال تماشا کرو۔ درد سر کے لیئے تختہ پر ریتا بچھا دینا۔ کیل سے ابجد ہوز لکھنا، چیچک کو نیلے سوت کا گنڈا بنانا، پھونک پھونک کر گرہیں لگانا۔ اسمائے اصحاب کہف سے استعانت کرنا۔ انہیں آگ، لوٹ، چوری سے امان سمجھنا۔ دیواروں پر اُن کے لکھنے کو آمد جن کی بندش جاننا۔ دفع جن کو چار کیلیں گوشہائے مکان میں گاڑنا، عقیمہ کے لیئے گلاب و زعفران سے ہرن کی کھال لکھنا، یہ کھال اُس کے گلے کا ہار کرنا، اسقاط حمل کو کسم کا رنگا گنڈا نکالنا عورت کے قد سے ناپنا۔ گن کر نو (۹) گرہیں لگانا، دردزہ کو آیات قرآنی لکھ کر عورت کی بائیں ران میں باندھنا، فرزند نرینہ کے لیئے ہرن کی کھال اور وہی گلاب و زعفران کا حیال، بچہ کی زندگی کو اجوائن اور کالی مرچیں لینا، اُن کو ٹھیک دوپہر کو قرآن پڑھنا، لڑکا نہ ہونے کو عورت کے پیٹ پر دائرے کھینچنا، دفع نظر کو چھری سے دائرہ کھینچنا، کُنڈل کے اندر چھری رکھنا، عاین و ساحر کا نام لے کر پکارنا، ناپ کر تین گز ڈورا لینا، اس پر شہت بہت کیا کیا الفاظ غیر معلوم المعنی پڑھنا، قنطاع النجا خدا جانے کون ہے اُس سے ندا کرنا، چور کی پہچان کا عمل نکالنا، یٰس پڑھ کر لوٹا گھمانا،

Marfat.com

بخار کو عیسیٰ و موسیٰ و محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی قسمیں دینا، مصروع کو تانبے کی تختی پر دو اسم کھُدوانا۔ پھر تعین یہ کہ دن بھی خاص اتوار کا ہو، اُس کی بھی پہلی ہی ساعت میں کار ہو۔۔۔ اُس کے سوا صدہا باتیں۔ ان میں کون سی حدیث صحیح یا حسن یا ضعیف ہے۔ آئیے قرونِ ثلاثہ میں کب تھیں۔ اور جب کچھ نہیں تو بدعت کیوں نہ ٹھہریں۔ شاہ صاحب اور اُن کے والدِ ماجد و فرزندِ ارجمند و اساتذہ و مشائخ معاذ اللہ بدعتی کیوں نہ قرار پائے۔ یہ سب تو بے سند حلال و نفائس اعمال مگر اذان میں حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلّم کا نامِ پاک سُن کر انگوٹھے چومنا، آنکھوں سے لگانا، اُس سے روشنیٔ بصارت کی امید رکھنا کہ اکابرِ سلف سے ماثور علماء و صلحاء کا دستور ـــــ کتبِ فقہ میں مسطور۔ یہ معاذ اللہ حرام و وبال و موجبِ ضلال تو کیا بات۔ یہاں نامِ پاک حضور سیّد المحبوبین صلی اللہ علیہ وسلّم درمیان ہے۔ لہٰذا وہ دلوں کی دبی آگ کو بحیلۂ بدعت شعلہ فشاں ہے۔

ع بہر رنگے کہ خواہی جامہ مے پوش

من اندازِ قدرت را مے شناسم

(ج)

" بالفرض کچھ نہ سہی۔ تو اقل درجہ اس فعل کو اعمالِ مشائخ سے ایک عمل سمجھئے کہ بغرضِ روشنائیٔ بصر معمول ایسی جگہ ثبوتِ حدیث کی کیا ضرورت۔ صیغۂ اعمال میں تصرف و استخراجِ

Marfat.com

مشائخ کو ہمیشہ گنجائش ہے۔ ہزاروں عمل اولیائے کرام بتاتے ہیں کہ باعثِ نفع بندگانِ خدا ہوتے ہیں۔ کوئی ذی عقل حدیث سے اُن کی سندِ خاص نہیں مانگتا۔ کتب آئمہ و علماء و مشائخ و اساتذہ شاہ ولی اللہ و شاہ عبدالعزیز اور خود ان بزرگواروں کی تصانیف ایسی صدہا باتوں سے مالامال ہیں انہیں کیوں نہیں بدعت و ممنوع کہتے ہیں۔"

(ذ)

"جب ہمارے کان تک یہ بات پہنچی کہ اُن میں ایسا نفعِ ذکر ہے۔ اور شرح مطاہر نے ان افعال سے کہیں منع نہ کیا تو اب ہمیں تحقیقِ محدثانہ کیا ضرور ہے؟ اگر حدیث فی نفسہٖ صحیح ہے فبہا ورنہ ہم نے اپنی نیک نیتی کا اچھا پھل پایا۔"

(س)

"حدیث پر عمل کے یہ معنی ہیں کہ یہ حکم اُس سے ماخوذ اور اس کی طرف سے مضاف ہو کہ اگر نہ اُس سے لیجیئے، نہ اُس کی طرف اسناد کیجیئے تو اس پر عمل کیا ہوا۔ اور شک نہیں کہ خود صحیح کے ہوتے ہوئے ضعیف سے اخذ اور اس کی طرف اضافت یعنی چہ مثلاً کوئی کہے چراغ کی روشنی میں کام کی اجازت تو ہے مگر اس شرط پر کہ نورِ آفتاب بھی موجود ہو۔ سبحان اللہ! جب مہر نیمروز خود جلوہ افروز تو چراغ کی کیا حاجت اور اس کی طرف کب اضافت۔ اسے چراغ کی روشنی میں کام کرتا کہیں گے یا نورِ شمس میں۔"

Marfat.com

ع آفتاب اندر جہاں آنگہ کہ میجو یدسہا

لاجرم معنی مسئلہ یہی ہے کہ حدیث ضعیف احکام میں کام نہیں دیتی اور دربارۂ فضائل کافی ووافی "

(۹)

رسالہ "اعتقاد الاجاب فی الجمیل والمصطفےٰ والآلِ والاصحاب" ۱۲۹۸ھ مولانا احمد رضا خان کی نادرِ روزگار تصنیفِ لطیف ہے۔ وہ ایک عاشقِ رسول تھے۔ ایک عاشقِ صادق کہ جنہوں نے ہمیں صحابۂ کرام کے اس عقیدے اور ایمان سے روشناس کرایا جو یہ ہے کہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وسلّم کی عظمت ومحبت کے بغیر ہم خدا کی بندگی کا حق ادا نہیں کرسکتے اور عشق وعظمت، تعظیم وتوقیر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی اصل ایمان ہے اور ایمان کی جان ہے۔ پیشِ نظر شہ پارہ اسی رسالے سے لیا گیا ہے۔

(الف)

"محمل کیلئے کروڑوں منزل سے کروڑوں منزل خردخردہ میں دنگ ہے ـــــ نیا سماں ہے نیا رنگ ہے ـــــ قرب میں بُعد، بُعد میں قرب، وصل میں ہجر، ہجر میں وصل گوہر شناور دریا مگر صدف نے وہ پردہ ڈال رکھا ہے کہ نم سے آشنا نہیں۔ اے جاہلِ ناداں! علم کو علم والے پر چھوڑ اور اس میدانِ دشوار جولان سے سمند بیان کی عنان موڑ ـــــ زبان بند ہے پر اتنا کہتے ہیں کہ

Marfat.com

خلق کے آقا ہیں، خالق کے بندے، عبادت ان کی کفر اور بے ان کی تعظیم کے خبط۔ ایمان اُن کی محبت و عظمت کا نام ـــــــ اور مسلمان وہ ہے جس کا کام ہے نامِ خدا کے ساتھ اُن کے نام پر تمام ـــــــ والسّلام علیٰ خیر الانام ـــــــ والاصحاب علی الدّوام"

اسی رسالے میں ایک اور جگہ تحریر فرماتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے:۔

(ب)

"علم وہ وسیع عطا فرمایا کہ علومِ اوّلین و آخرین اس کے بحرِ علوم کی نہریں یا جوششِ فیوض کے چھینٹے قرار پائے۔ ازل سے ابد تک تمام غیب و شہادت پر اطلاع تمام حاصل۔ الاما شاء اللہ بصر وہ محیط کہ شش جہت اُس کے حضور جہت۔ مقابل دنیا ان کے سامنے اٹھائی کہ تمام کائنات تا بروزِ قیامت آنِ واحد میں پیشِ نظر۔ سمع والا کے نزدیک پانچ سو برس کی راہ کی صدا جیسے کان پڑی آواز ہے۔ اور قدرت کا تو کیا پوچھنا کہ قدرتِ قدیر علی الاطلاق جلّ جلالہ کی نمود و آئینہ ہے۔ عالمِ علوی و سفلی میں اُسی کا حکم جاری۔ فرمانروائی کُن کو اس کے زبان کی پاسداری مردہ کو قم کہیں زندہ اور چاند کو اشارہ کریں فوراً دوپارہ ہو۔ جو چاہتے ہیں خدا وہی چاہتا ہے کہ یہ وہی چاہتے ہیں جو خدا چاہتا ہے"

اور اسی رسالے میں یہ شہ پارہ ملاحظہ ہو۔ زبان و بیان کی چاشنی کیسا حُسن پیدا کرتی ہے کہ واہ واہ کا نعرہ بے اختیار نکل جاتا ہے۔

Marfat.com

(ج)

"ان کے بعد اصحاب سیّد المرسلین صلی اللہ علیہ علیہم اجمعین ہیں۔ اور انھیں میں حضرت بتول جگر پارۂ رسول خاتونِ جہاں بانوی جناب سیدۃ النساء فاطمہ زہرہ اور اس دو جہاں کی آقازادی کے دونوں شاہزادے، عرش کی آنکھ کے تارے، چرخ سیادت کے مہ پارے، باغِ تطہیر کے پیارے پھول، دونوں قرۃ العین رسول، امامین، کریمین، سعیدین، شہیدین، تقیین، نقیبین، نیرین، طاہرین، ابو محمد حسن و ابو عبد اللہ حسین ......"

(۱۰)

وصایا شریف مولانا احمد رضا خان ۱۳۴۰ھ جن کو مولانا حسنین رضا خان صاحب نے جمع کیا. وصال سے کچھ عرصہ قبل اپنے پیر و مرشد سیّدنا و مخدومنا مولانا شاہ آلِ رسول صاحب قدس سرہٗ کا عرس جو ذی الحجہ میں ہوتا ہے، اس دفعہ محرم الحرام میں کیا. لوگوں کو مکان میں طلب فرمایا اور وعظ و نصیحت فرمائی۔

(الف)

"مجھے معلوم نہیں کہ میں کتنے دن تمہارے پاس ٹھہروں. تین ہی وقت ہوتے ہیں بچپن، جوانی اور بڑھاپا. بچپن گیا، جوانی گئی، بڑھاپا آیا. اب کون سا چوتھا وقت آنے والا ہے جس کا انتظار کیا جائے. ایک موت ہی باقی ہے۔"

اس کے بعد دو وصیتیں کیں اور پھر اس طرح فرمایا.

Marfat.com

(ب)

"حضورِ اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ربُ العزت جل جلالہٗ کے نور ہیں۔ حضور سے صحابہؓ روشن ہوئے، صحابہؓ سے تابعین روشن ہوئے، تابعین سے تبع تابعین روشن ہوئے، اُن سے آئمہ مجتہدین روشن ہوئے۔ اُن سے ہم روشن ہوئے۔ اب ہم تم سے کہتے ہیں یہ نور ہم سے لے لو۔ ہمیں اس کی ضرورت ہے کہ تم ہم سے روشن رہو۔ وہ نور یہ ہے کہ اللہ و رسول کی سچی محبت اُن کی تعظیم اور اُن کے دوستوں کی خدمت اور ان کی تکریم اور اُن کے دشمنوں سے سچی عداوت۔ جس سے اللہ و رسول کی شان میں ادنیٰ توہین پاؤ ـــــ پھر وہ تمہارا کیسا ہی پیارا کیوں نہ ہو فوراً اُس سے جدا ہو جاؤ۔ جس کو بارگاہِ رسالت میں ذرا بھی گستاخ دیکھو پھر وہ تمہارا کیسا ہی بزرگ معظم کیوں نہ ہو اپنے اندر سے دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دو۔ میں ہمیشہ تمہیں یہی بتاتا رہا اور اس وقت بھی یہی عرض کرتا ہوں۔"

(۱۱)

"خالص الاعتقاد" ۱۳۲۸ھ مولانا احمد رضا خان کی ایک عظیم تصنیف ہے۔ جس میں آپ نے فرقہ وہابیہ کی خوب خبر لی ہے۔ مندرجہ ذیل تحریر ملاحظہ فرمائیے:۔

(الف)

"بھلا جس خدا کی توحید ہی رکھنے کے لیئے جی سے بگاڑی، رسولوں

Marfat.com

سے بگاڑی ـــــــ سب کے علم پر دولتی جھاڑی ۔ غضب ہے کہ وہی خدا وہابیہ کو چھوڑ کر رسولؐ کا ہو جائے ـــــــ الٹا وہابیہ پر حکم کفر لگائے ۔ سچ ہے اب کسی سے دوستی کا دھرم نہ رہا ۔ معلوم نہیں کہ اب مخالفین اپنے ہر گروہوں کا فتویٰ مانتے ہیں یا اللہ واحدِ قہار کا ۔"

(ب)

"اللہ اللہ ! مسلمانوں نہ صرف مسلمانوں دنیا بھر کے عاقلوں سے پوچھ دیکھو کہ کبھی کسی بے حیا سی بے حیا ، ناپاک سی ناپاک ، گھناؤنی سی گھناؤنی ، بے باک سی بے باک ، پاجی ، کمینی ، گندی قوم نے اپنے خصم کے مقابل بے دھڑک ایسی حرکات کیں ۔ آنکھیں میچ کر ، گند امنہ پھاڑ کر اُن پر فخر کیئے ۔ انہیں سرِ بازار شائع کیا ، اور اُن پر افتخار ہی نہیں بلکہ سنتے ہیں کہ اُن میں کوئی نئی نویلی ، حیادار ، شرمیلی ، بانکی نکیلی ، میٹھی رسیلی ، اچپل البیلی ، چنچل انیلی ، اجودھیا باشی آنکھ یہ تان لیتی اور بچی ہے کہ ناچنے ہی کو جو نکلے تو کہاں کا گھونگھٹ ، ـــــــ اُس فاحشہ آنکھ نے کوئی نیا غمزہ تراشا اور اُس کا نام شہابِ ثاقب رکھا ہے کہ خود اُسی کے شیطان بے حیائی پر شہابِ ثاقب ہے ۔ اُس میں وہ حیا پریدہ ، گیسو بریدہ ، افتخار سے استناد ، استناد سے اعتماد تک بڑھی ہے ۔ کہیں تو اُسی ملعونہ بظلم مسماۃ سیف النقی کا آنچل پکڑ کے سند لائی اور کہیں اُس کا بھی سہارا چھوڑ خود اپنی طرف سے

Marfat.com

وہی بے مُری گائی۔ وہ تانہ غمزہ یاروں تک پہنچا تو انشاء اللہ العزیز القدیر اُس کی جدا خبر لی جائے گی۔"

(ج)

"مسلمانو! ان حضرات کی عیاریاں، مکاریاں، حیاداریاں ملاحظہ کیں؟ حضرت والا سید صاحب قبلہ دامت برکاتہم کی طرح جس بندہ کو خدا عقل وایمان وانصاف دے گا وہ ان مکاروں ابلیس شعاروں پر لاحول ہی پڑھ کر اٹھے گا۔ اب بعونہٖ تعالےٰ خالص الاعتقاد مطالعہ کیجیے اور اپنے ایمان ویقین ومحبت وغلامی حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کو تازگی بخشیے۔"

(۱۲)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ نے مولانا مولوی شاہ محمد ابراہیم قادری، برکاتی، مدراسی، حیدر آبادی کے مراسلے کے جواب میں "الزمزمۃ القمریۃ فی الذب عن الخمریۃ" ۱۳۰۶ھ تحریر فرما کر مولوی محمد وکیل احمد صاحب سکندر پوری کے لیئے ارسال کیا تاکہ وہ قصیدۂ غوثیہ کی اردو شرح میں اسکو شامل کریں جو وہ مخالفین کے لیئے تحریر فرما رہے ہیں۔ بعض لوگ قصیدۂ غوثیہ کی عربیت کے پیچھے پڑے ہیں۔ لہٰذا مولانا احمد رضا قدس سرہٗ نے مذکورہ رسالہ لکھ کر مولوی صاحب سکندر پوری کو اجازت مرحمت فرمائی کہ وہ اس کو اپنی شرح میں شامل کریں تاکہ مخالفین کا منہ بند ہو سکے۔ اس رسالے سے ایک پیرا اہم ناظرین کی دلچسپی کے لیئے پیش کرتے ہیں۔

Marfat.com

"الحمد للہ! کلام اپنے منتہیٰ کو پہنچا اور ارتیاب مرتاب اپنی سزا کو۔ اب مجھے اتنا ظاہر کرنا اور رہا ہے کہ اوّل تا آخر یہ سارا کلام میں نے اس تسلیم پر مبنی کیا ہے کہ قصیدۂ مبارکہ میں قوانینِ عربیت سے مخالفات ہیں۔ معترض دیکھے کہ اس تسلیم پر بھی بحمد اللہ سرکارِ قادریت نے ہم پر کیا کچھ لطف فرمایا اور کن کن وجوہِ قاہرہ سے انکارِ منکر کو ہباءً منثورا کر دکھایا۔ مگر ابھی تو ہمیں حضرت معترض کی مزاج پرسی کرنی ہے۔ ذرا مہربانی فرما کر اپنے اعتراضاتِ تفصیلی سے اطلاع دیں اور اس وقت جوابِ تفصیلی کے مرتبے میں ہم پر ہمارے آقا کا فیضان دیکھیں۔ ہاں ہاں! اصلاً نہ شرمائیں

——— جہاں تک اعتراض خاطر میں آئیں ———

سب ایک ایک کر کے بیان فرمائیں ——— کچھ اٹھا رکھنے کی تکلیف ہرگز نہ اٹھائیں ——— ہم بھی تو جانیں کہ قصیدۂ مبارکہ میں ایسے کیا کچھ اغلاط دیکھ پائے ہیں ——— جن کی بناء پر یہ شور اٹھائے ہیں ——— امید کرتا ہوں کہ ان شاء اللہ القادر بیان کرتے وقت کھل جائے گا۔"

(۱۳)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ کی مشہورِ زمانہ تصنیف "المحجۃ المؤتمنۃ فی آیۃ الممتحنۃ" (۱۳۳۹ھ) وصال سے ایک سال قبل کی تحریر ہے جس کو آپ نے مولوی حاکم علی صاحب بی۔ اے۔ حنفی نقشبندی، مجددی، پروفیسر

Marfat.com

سائنس اسلامیہ کالج لاہور کے ۱۲ صفر ۱۳۳۹ھ کے مراسلے کے جواب میں تحریر فرمایا۔ اسی رسالے میں آئمہ حنیفہ کا مسلک اور یہ کہ موالات مطلقاً کسی کافر سے جائز نہیں۔ اور یہ کہ وداد و اتحاد جو ہنود سے منایا جاتا ہے اور اُن سے یہ استعانت اور انہیں معاہد و حلیف بنانا اور اُن کا مساجد میں لے جانا خصوصاً واعظ بنا کر، یہ سب حرام قطعی ہیں۔ استعانت کی وہ تحقیق جلیل کہ جس کی نظیر ملنا محال ہے۔ نیز ترکِ تعاون و امدادِ مدارس پر اجمالی کافی بحث ہے۔ اس رسالے میں مولانا احمد رضا خاں قدس سرّہ نے اُن مسلمانوں کی خبر لی ہے جنہوں نے گاندھی کو اپنا ہادی و رہبر بنایا اور ہندوؤں کی خوشنودی کی خاطر شعارِ اسلامی سے منہ موڑا۔

ذیل میں اس رسالے میں سے کچھ تراشے پیش کیے جا رہے ہیں۔

(الف)

"مگر للّٰہ انصاف! وہ غلامی ادھوری تھی۔ سید احمد خاں نے کسی پادری یا نصرانی کو امورِ دین میں صراحۃً اپنا امام و پیشواء نہ لکھا تھا۔ آیات اور احادیث کی تمام عمر کو چرچ یا صلیب پر نثار کرنا نہ کہا تھا۔ کسی پادری کو مساجد میں مسلمانوں کا واعظ و ہادی نہ بنایا تھا ــــــــ نصرانیت کی رضا کو خدا کی رضا یا کسی پادری کو نبی بالقوہ نہ بنایا تھا ــــــــ اور اب مشرکین کی پوری غلامی ہو رہی ہے۔ اُن کے ساتھ یہ سب کچھ اور اُن سے بہت زائد کیا جا رہا ہے۔ یہ کون سا دین ہے؟ نصاریٰ کی ادھوری سے اجتناب اور مشرکین

Marfat.com

کی پوری میں غرقاب۔ چلتے پرنالے کے نیچے ٹھہرے مینہ
سے بھاگ کر؛"

تحریکِ ترکِ موالات کے زمانے میں گاندھی اور ہندوؤں کا کچھ ایسا سحر مسلمان علماء و اکابر پر طاری تھا کہ بیشتر ان کے جال میں اس طرح جکڑے گئے تھے کہ بعض کی عقلوں پر بھی پردہ پڑ گیا تھا "ہندو مسلم بھائی بھائی" کا نعرہ اور ہندوؤں کے ساتھ مل کر انگریزوں سے ... حاصل کرنے کی تمنّا نے اُن کو اندھا کر دیا تھا۔ ملاحظہ فرمائیے اعلیٰحضرت کیا فرماتے ہیں؛

(ب)

"مسجد میں کسی دبے ہوئے ذمّی کے ذلّت و خواری کیساتھ آنے کا جواز کا اختلافی مسئلہ نکالیں ــــــ اور مشرک کو بروجہ استعلا مسجد میں لے جانا اور مسلمانوں کا واعظ و ہادی بنانا، مسندِ سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر جمانا اُس پر ڈھالیں ــــــ دبے ہوئے ملتجی بے قابو کافر سے کوئی بالائی خدمت یا نہ بکتر عاریت لینے کے جواز کا مسئلہ دکھائیں ــــــ اور اس سے خود سر خود غرض زبر دست خونخوار مشرکوں کے دامن پکڑنا، اُن کے سایہ میں پناہ لینا، ان صریح بدخواہوں کی رائے پر اپنے آپ کو سپرد کر دینا منائیں ــــــ کفار معاہدین یا بعض کے نزدیک قتال سے بالذّات عاجزین کے ساتھ کچھ مالی سلوک کی رخصت والی آیت سنائیں ــــــ اور اسے خونخوار

Marfat.com

مشرکین سخت اعدائے اسلام و مسلمین کے ساتھ اتحاد و وداد بلکہ غلامی و انقیاء کی نہ صرف رخصت بلکہ اعظم فرضیت کی دلیل بنائیں ـــــ ان سب کا بیان بعونہٖ تعالےٰ ابھی آتا ہے آپ انصاف کریں گے کس نے کھینچ تان کی۔ حاشا نہ کھینچ تان بلکہ کمالِ جسارت سے احکامِ الٰہیہ کی کایا پلٹ کر کے قرآن حدیث کی عمر بُت پرستی پر قربان کی۔ وَسَیَعْلَمُ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْٓا اَیَّ مُنْقَلَبٍ یَّنْقَلِبُوْنَ ؎

(ج)

" تو وہ سب محاربین بالفعل ہیں۔ خواہ ہاتھوں سے ہوں یا زبان سے یا دل سے۔ یہ قربانی گاؤ کا مسئلہ ایسا ہی ہے کون سا ہندو ہے جس کے دل میں اس کا نام سُن کر آگ نہیں لگتی ـــــ کون سی ہندو زبان ہے جو گؤ رکھشا کی مالا نہیں جپتی۔ کون سا شہر ہے جہاں اُس کی سبھا یا اُس کے ارکان یا اُس میں چندہ دینے والے نہیں۔ کیا یہ مقدس بے گناہوں کے خون، یہ پاک مساجد کی شہادتیں، یہ قرآنِ عظیم کی آئتیں، انہیں ناپاک رکھشاؤں، انہیں مجموعی سفاک سبھاؤں کے نتائج نہیں؟ نہ بھی ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے۔ اب جس شہر، جس قصبے، جس گاؤں میں چاہو آزما دیکھو۔ اپنی مذہبی قربانی کے لئے گائے پچھاڑو اس وقت یہی تمہاری بائیں پسلی سے نکلے، یہی تمہارے سگے بھائی، یہی تمہارے منہ بولے بزرگ، یہی تمہارے آقا، یہی تمہارے

Marfat.com

پیشوا، تمہاری ہڈی پسلی توڑنے کو تیار ہوتے ہیں یا نہیں؟
ان متفرقات کا جمع کرنا بھی جہنم میں ڈالیئے۔ وہ جو آج تمام ہندوں اور نہ صرف ہندوں تم سب ہندو پرستوں کا امامِ ظاہر و بادشاہِ باطن ہے یعنی گاندھی صاف نہ کہہ چکا کہ مسلمان اگر قربانی گاؤ نہ چھوڑیں گے تو ہم تلوار کے زور سے چھڑادیں گے۔"

(د)

"کیا تم ہی نہیں ہو کہ جب وہ محاربین، قاتلین، ظالمین، کافرین گرفتار ہوئے، ان پر ثبوتِ اشد جرائم کے انبار ہوئے، تمہاری چھاتی دھڑکی، تمہاری ماتا پھڑکی گھبرائے، تلملائے، پٹپٹائے جیسے اکلوتے کی پھانسی سن کر ماں کو درد آئے فوراً گرما گرم دھواں دھار ریزولیوشن پاس کیا کہ ہے، ہے یہ ہمارے پیارے ہیں ——— یہ ہماری آنکھ کے تارے ہیں ——— انہوں نے مسلمانوں کو ذبح کیا، جلایا، پھونکا، مسجدیں ڈھائیں، قرآن پھاڑے۔ یہ ہماری اُن کی خانگی شکررنجی تھی۔ ہمیں اس کے متعلق پرواہ نہیں، یہ ہمارے سگے ہیں کوئی سوتیا ڈاہ نہیں، ماں بیٹی کی لڑائی، دودھ کی ملائی، برتن ایک دوسرے سے کھڑک ہی جاتا ہے ——— ان کے درد سے ہمیں غش پہ غش آتا ہے، ان کا بال بیکا ہوا اور ہمارا کلیجہ پھٹا۔ اللہ ان کو معافی دی جائے ——— فوراً اُن سے

Marfat.com

در گزر کی جائے۔ یہ ہے آیتِ ممتحنہ پر تمہارا عمل، یہ ہے اَلَّذِیْنَ قَاتَلُوْکُمْ فِی الدِّیْنِ سے تمہاری جنگ وجدل، یہ ہے واحد قہار کو تمہارا پیٹھ دینا، یہ ہے کلام جبار سے تمہارا چھٹیا لینا، اُن تمہارے سگوں نے قرآن مجید پھاڑا تم نے اُس کے احکام پاؤں تلے مل ڈالے، انہوں نے مسجدیں ڈھائیں، تم نے ربّ المسجد کے ارشاد دولتیوں سے کچل ڈالے۔ قرآن چھوڑا، ایمان چھوڑا، محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے منہ موڑا، اور اُن کے دشمنوں، اُن کے اعدا سے رشتہ جوڑا۔"

(س)

"واقفو نہم ھواہ کریہ لاینھکم نے کچھ نیک برتاؤ مالی مواسات ہی کی تو رخصت دی یا یہ فرمایا کہ انہیں اپنا انصار بناؤ، اُن کے گہرے یارِ غار ہوجاؤ، اُن کے طاغوت کو اپنے دین کا امام ٹھہراؤ ——— اُن کی جے پکارو، اُن کی حمد کے نعرے مارو، انہیں مساجدِ مسلمین میں باادب، تعظیم پہنچا کر مسندِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر لے جاکر مسلمانوں سے اونچا اٹھا کر واعظ و ہادیٔ مسلمین بناؤ، اُن کے مردار جیفہ اٹھاؤ، کندھے پر ٹکٹی، زبان پر جئے یوں مرگھٹ پہنچاؤ، مساجد کو اُن کا ماتم گاہ بناؤ، اُن کے لیئے دعائے مغفرت و نمازِ جنازہ کا اعلان کراؤ، اُن کی موت پہ بازار بند کرو، سوگ مناؤ، اُن سے اپنے ماتھے پر قشقے لگواؤ، اُن کی خوشی کو شعارِ اسلام بند کراؤ، گائے کا

Marfat.com

گوشت کھانا گناہ ٹھہراؤ، کھانے والوں کو کمینہ بتاؤ۔ اِسے
مثلِ سوئر کے گناؤ، خدا کی قسم کی جگہ رام دہائی گاؤ۔ واحدِ قہار
کے اسماء میں الحاد رچاؤ، اُسے معاذاللہ رام یعنی ہر چیز میں
رما ہوا، ہر شے میں حلول کیئے ہوئے ٹھہراؤ، قرآن مجید کو
رامائن کے ساتھ ڈولے میں رکھ کر مندر میں لے جاؤ،
دونوں کی پوجا کراؤ، اُن کے سرغنہ کو خدا نے اُن کو تمہارے
پاس مذکر بنا کر بھیجا ہے، یوں معنیٔ نبوت جماؤ۔"

واقعی بندگی بےچارگی جب ہندوؤں کی غلامی ٹھہری پھر کہاں کی
غیرت اور کہاں کی خودداری۔ وہ تمہیں ملیچھ جانیں، بھنگی مانیں، تمہارا
پاک ہاتھ جس چیز کو لگ جائے گندی ہو جائے، سودا بیچیں تو دور سے
ہاتھ میں ڈال دیں، پیسے لیں تو دُور سے یا پنکھا وغیرہ پیش کر کے اس
پر رکھوالیں، حالانکہ بحکمِ قرآن خود ہی نجس ہیں اور تم اِن نجسوں کو مقدس
بیت اللہ میں لے جاؤ جو تمہارے ماتھا رکھنے کی جگہ ہے وہاں اُن کے
گندے پاؤں رکھواؤ مگر تم کو اسلامی حس ہی نہ رہا محبتِ مشرکین نے
اندھا بہرا کر دیا۔

(ص)

"مسلمانو! تم نے دیکھا یہ حالت ہے اُن لیڈر بننے والوں
کے دین کی۔ کیسا کیسا شریعت کو بدلتے۔ مسلتے، پاؤں کے
نیچے کچلتے اور خیر خواہِ اسلام بن کر مسلمانوں کو چھلتے ہیں۔
موالاتِ مشرکین۔ ایک ـــــــ معابدۂ مشرکین
دو ـــــــ استعانتِ مشرکین۔ تین ـــــــ

Marfat.com

مسجد میں اخلائے مشرکین ۔ چار ـــــــــ ان سب میں
بلا مبالغہ یقیناً قطعاً لیڈروں نے خنزیر کو دُنبے کی کھال پہنا
کر حلال کیا ہے ـــــــــ دینِ الٰہی کو دیدہ و دانستہ
پائمال کیا ہے۔ اور پھر لیڈر ہیں، ریفارمر ہیں مسلمانوں کے
بڑے راہبر ہیں۔ جو اُن کی ہاں میں ہاں نہ ملائے مسلمان ہی
نہیں۔ یعنی جب تک اسلام کو کُند چھری سے ذبح نہ کرے
ایمان ہی نہیں"۔

## (۱۴)

مولانا احمد رضا خان قدس سرہٗ نے رسالہ "نابع النور علی سوالا جبلپور"
۱۳۳۹ھ میں تحریر فرمایا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب مغربی تعلیم کے ساتھ ساتھ
مغربی تہذیب کو بھی لوگ گلے لگا رہے تھے۔ مولانا احمد رضا خانؒ مغربی تعلیم
اور علومِ عقلیہ کے خلاف نہ تھے بلکہ انہوں نے اپنے ایک فتوے میں سائنسی
اور تکنیکی نیز مختلف علومِ جدیدہ حاصل کرنے کے سلسلے میں بڑا مثبت
پہلو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ان کے سیکھنے پر زور دیا ہے۔ لیکن وہ ایسی
تعلیم کے سخت مخالف تھے جس سے دین پر ضرب پڑتی ہو اور مسلمان
اسلام اور اسلامی شعار ہی سے متنفر ہو جائیں۔ انہوں نے ایسی مغربی تعلیم
اور علومِ جدیدہ کے سیکھنے پر کڑی تنقید کی ہے جس سے مسلمانوں کی
انفرادیت اور اُن کا قومی و ملّی تشخص ختم ہو۔ اس رسالے میں سے ایک
تراشہ قارئین کے لیئے یہاں پیش کیا جاتا ہے۔ مولانا احمد رضا خانؒ
فرماتے ہیں:۔

Marfat.com

(الف)

"مسلمان کہلانے والو! للہ اپنا ایمان سنبھالو، واحدِ قہار کے قہر سے ڈرو. حُبّ للہ و بُغض للہ کے سامان درست کرو. نیچری تہذیب اور ساختہ تادیب کے خوابِ غفلت سے جاگو. جس سے کلمۂ تکذیب و توہینِ خدا و رسول سنو تمہارا کیسا ہی معظم، یا پیارا ہو، دور کرو، دور بھاگو، خدا کے دشمن کو دشمن مانو. اس سے تعلق آگ جانو ورنہ عنقریب دیکھ لو گے کہ تمہارے قلوب مسخ ہو گئے ـــــــ تمہارے ایمان نسخ ہو گئے ـــــــ تمہارے نکاح فسخ ہو گئے." ـــــــ

## (۱۵)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرّہٗ کی پوری زندگی عشق و اتباعِ رسولؐ میں گزری. وہ ایک سچے عاشقِ رسولؐ تھے جس کی جھلک اُن کی تحریروں میں جا بجا نظر آتی ہے. رسالہ "قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام" کا یہ تراشہ ملاحظہ ہو جس کا ایک ایک حرف حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں ڈوبا ہوا دکھائی دیتا ہے. تراشے کے آخر میں آپؒ نے اُن لوگوں کی سختی سے مذمت کی ہے جو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان گھٹانے کی فکر میں دُبلے ہوئے جاتے ہیں:۔

(الف)

"اور محبوب بھی کیسا جانِ ایمان وکانِ احسان. جس کے جمالِ جہاں آراء کا نظیر کہیں نہ ملے گا اور خامہ قدرت نے اس

Marfat.com

کی تصویر بنا کر ہاتھ کھینچ لیا کہ پھر کبھی ایسا نہ کھے گا. کیسا محبوب جسے
اُس کے مالک نے تمام جہانوں کے لیئے رحمت بھیجا. کیسا محبوب
جس نے اپنے تن پر ایک عالم کا بار اٹھالیا. کیسا محبوب جس نے
تمہارے غم میں دن کا کھانا رات کا سونا ترک کر دیا. تم رات دن
اُس کی نافرمانیوں میں منہمک اور لہو ولعب میں مشغول ہو اور
وہ تمہاری بخشش کے لیئے شب وروز گریاں وملول. شب
کہ اللہ تعالےٰ نے آسائش کے لیئے بنائی. اپنے تسکین بخشش
پردے چھوڑے ہوئے پچھلیں موقوف میں صبح قریب ہے،
ٹھنڈی نسیموں کا پنکھا ہو رہا ہے، ہر ایک کا جی اُس وقت
آرام کی طرف جھکتا ہے. بادشاہ اپنے گرم بستروں. نرم تکیوں
میں مست خوابِ ناز ہے اور جو محتاجِ بے نوا ہے اُس کے
بھی پاؤں دو گز کی کملی میں دراز. ایسے سہانے وقت ٹھنڈے
زمانہ میں وہ معصوم، بے گناہ، پاک دامان، عصمت پناہ اپنی
راحت وآسائش چھوڑ. خواب اور آرام سے منہ موڑ. جبینِ نیاز
آستانۂ عزت پر رکھے ہے کہ الٰہی میری امت سیاہ کار ہے
درگذر فرما اور اُن کے تمام جسموں کو آتشِ دوزخ سے بچا
——— جب وہ جانِ راحت. کانِ رافت پیدا ہوا
بارگاہِ الٰہی میں سجدہ کیا اور رَبِّ ھَبْ لِیْ اُمَّتِیْ فرمایا
——— جب قبر شریف میں اتارا لبِ جاں بخشش کو
جنبش دی بعض صحابہؓ نے کان لگا کر سُنا آہستہ آہستہ اُمتی
فرماتے تھے. قیامت کے روز کہ عجب سختی کا دن ہے،

Marfat.com

تانبے کی زمین، ننگے پاؤں، زبانیں پیاس سے باہر، آفتاب سروں پر، سائے کا پتہ نہیں، حساب کا دغدغہ، مِلک قہار کا سامنا، عالم اپنی فکر میں گرفتار ہو گا، مجرمانِ بے یار دامِ آفت کے گرفتار جدھر جائیں گے سوا نفسی نفسی اِذْهَبُوا اِلٰی غَیْرِیْ کچھ جواب نہ پائیں گے۔ اُس وقت یہی محبوب غمگسار کام آئے گا

قفلِ شفاعت اُس کے بازو سے کھُل جائے گا

امامہ سرِ اقدس سے اتاریں گے اور سربسجود ہو کر اُمتی فرمائیں گے۔ وائے بے انصافی! ایسے غمخوار پیارے کے نام پر جان نثار کرنا اور اُس کی مدح و ستائش و نشر و فضائل سے اپنی آنکھوں کو روشن اور دل کو ٹھنڈک دینا واجب یا یہ کہ حتی الوسع چاند پر خاک ڈالے اور اس روشن خوبیوں میں انکار کی شاخیں نکالے۔''

(ب)

''جانِ برادر! اپنے ایمان پر رحم کر۔ خدائے قہار جبّار جل جلالہٗ سے لڑائی نہ باندھ۔ وہ تیرے اور تمام جہان کی پیدائش سے پہلے ازل میں لکھ چکا وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ یعنی ارشاد ہوتا ہے اے محبوب ہمارے ہم نے تمہارے لیئے تمہارا ذکر بلند کیا کہ جہاں ہماری یاد ہو گی تمہارا بھی چرچا ہو گا اور ایمان بے تمہاری یاد کے ہرگز پورا نہ ہو گا۔ آسمانوں کے طبقے اور زمینوں کے پردے تمہارے نامِ نامی سے گونجیں گے۔ مؤذّن اذانوں اور خطیب خطبوں اور ذاکرین اپنی مجالس میں اور واعظین اپنے منابر پر، ہمارے ذکر

Marfat.com

کے ساتھ تمہاری یاد کریں گے۔ اشجار و احجار، آہو و سوسمار و دیگر جاندار و اطفال شیر خوار و معبودانِ کفار جس طرح ہماری توحید بتائیں گے ویسا ہی بہ زبانِ فصیح و بیانِ صحیح تمہارا منشورِ رسالت پڑھ کر سنائیں گے۔ چار اکنافِ عالم میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کا غلغلہ ہوگا۔ جز اشقیائے ازل ہر ذرّہ کلمۂ شہادت پڑھتا ہوگا۔ سبحان ملاء اعلیٰ کو ادھر اپنی تسبیح و تقدیس میں مصروف کروں گا ادھر تمہارے محمود درودِ مسعود کا حکم دوں گا۔ عرش و کرسی ہفت آسمان اوراقِ سدرۃ، قصورِ جناں جہاں اللہ لکھوں گا محمد رسول اللہ بھی تحریر فرماؤں گا اپنے پیغمبروں اور اولوالعزم رسولوں کو اشارہ کروں گا کہ ہر وقت تمہارا دم بھریں اور تمہاری یاد سے اپنی آنکھوں کو روشنی اور جگر کو ٹھنڈک اور قلب کو تسکین اور بزم کو تزئین دیں۔ جو کتاب نازل کروں گا اس میں تمہاری مدح و ستائش اور جمالِ صورت و کمالِ سیرت ایسی تشریح و توضیح سے بیان کروں گا کہ سننے والوں کے دل بے اختیار تمہاری طرف جھک جائیں اور نا دیدہ تمہارے عشق کی شمع ان کے کانوں، سینوں میں بھڑک اٹھے گی۔ ایک عالم آکر تمہارا دشمن ہوکر تمہاری تنقیصِ شان اور محوِ فضائل میں مشغول ہو تو میں قادرِ مطلق ہوں، میرے ساتھ کسی کا کیا بس چلے گا۔ آخر اسی وعدے کا اثر تھا کہ یہود صدہا برس سے اپنی کتابوں سے ان کا ذکر نکالتے اور چاند پر خاک ڈالتے ہیں تو اہلِ ایمان اس

Marfat.com

بلند آواز سے اُن کی نعت سُناتے ہیں کہ سامع اگر انصاف کرے بے ساختہ کلمۂ شہادت پکار اٹھے۔ لاکھوں بے دینوں نے اُن سے محوِ فضائل پر کمر باندھی مگر مٹنے والے خود مٹ گئے اور خوبی ان کی روز بروز ترقی پر رہی۔"

(ج)

"ہمارا اُن کا معاملہ واحد ہے، جو اُن کا غلام ہے وہ ہمارا قائد ہے۔ اُن کے حضور آواز بلند کرنے سے عمل حبط ہو جاتے ہیں۔ انہیں نام لے کر پکارنے والے سخت سزائیں پاتے ہیں۔ اپنے جان و دل کا انہیں مالک جانو، حضور زندہ بدست مُردہ ہو جاؤ۔ ہمارا ذکر اُن کی یاد کے ساتھ ہے۔ اُن کا ہاتھ بعینہٖ ہمارا ہاتھ ہے۔ اُن کی رحمت ہماری مہر، اُن کا غضب ہمارا قہر۔ جس قدر ملازمت زیادہ ہوتی، حضور کی عظمت و محبت ترقی پاتی۔"

(۱۶)

کتاب "احسن الوعا لاداب الدّعا" مولانا نقی علی خاںؒ والدِ ماجد مولانا احمد رضا خاںؒ قدس سرّہٗ کی تصنیفِ لطیف ہے۔ اس تصنیف میں مولانا احمد رضا خاںؒ نے بنام "ذیل المدّعا لاحسن الوعا" میں جگہ جگہ اپنے زرین خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ مندرجہ ذیل تراشے میں "تدبیر منافی توکل نہیں" پر بحث فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:۔

Marfat.com

(الف)

"ہاں پس ثابت ہوا کہ تدبیر ہرگز منافی توکل نہیں بلکہ صلاح نیت کے ساتھ عین توکل ہے۔ ہاں بے شک ممنوع و مذموم ہے کہ آدمی ہمہ تن تدبیر میں منہمک ہو جائے اور اس کی درستی میں جا ڈوبے جا۔ نیک و بد۔ حلال و حرام کا خیال نہ رکھے۔ یہ بات بے شک اسی سے صادر ہو گی۔ جو تقدیر کو بھول کر تدبیر پر اعتماد کر بیٹھا۔ شیطان اُسے ابھارتا ہے کہ اگر یہ بن پڑی تو جب تو کار برآری ہے ورنہ مایوسی و ناکامی۔ ناچار سب ایں و آں سے غافل ہو کر اس کی تحصیل میں لہو پانی ایک کر دیتا ہے اور ذلت و خواری، خوشامد و چاپلوسی، مکر و دغابازی جس طرح بن پڑے اُس کی راہ لیتا ہے۔ حالانکہ اِس حرص سے کچھ نہ ہوگا۔ ہونا وہی ہے جو قسمت میں لکھا ہے۔ اگر یہ علو ہمّت و صدق، نیّت و پاس، عزّت و لحاظِ شریعت ہاتھ سے نہ دیتا، رزق اللہ عزوجل نے اپنے ذمّہ لیا جب بھی پہنچتا۔ اُس کی طمع نے آپ اُس کے پاؤں میں تیشہ مارا اور حرص و گناہ کی شامت نے خَسِرُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃ کا مصداق بنایا اور بالفرض آبرو کھو کر گنہگار ہو کر دو پیسے پائے بھی تو ایسے مال پر ہزار تف۔"

(ب)

"وعظ کا پیشہ کہ آج کل نہ کم علم بلکہ نرے جاہلوں نے کچھ

Marfat.com

الٹی سیدھی اردو دیکھ بھال کر حافظہ کی قوت ــــــ دماغ کی طاقت ــــــ زبان کی طلاقت کو شکارِ مردم کا جال بنایا ہے۔ عقائد سے غافل، مسائل سے جاہل اور وعظ گوئی کے لیئے آندھی۔ ہر جامع، ہر مجمع، ہر میلہ میں غلط حدیثیں، جھوٹی روائیتیں، اُلٹے مسئلے بیان کرنے کو کھڑے ہو جائیں گے اور طرح طرح کے حیلوں سے جو مِل سکا کمائیں گے۔"

(ج)

"سگانِ دنیا کے امیدواروں کو دیکھا جاتا ہے کہ تین تین برس تک امیدواری میں گذر جاتے ہیں صبح و شام اُن کے دروازوں پر دوڑتے ہیں اور وہ ہیں کہ رُخ نہیں ملاتے، بار نہیں دیتے جھڑکتے، دل تنگ ہوتے، ناک بھنوؤں چڑھاتے ہیں۔۔۔ امیدداری میں لگایا تو بیگار ڈالی یہ حضرت گرہ سے کھاتے، گھر سے منگاتے، بیکار بیگار کی بلا اُٹھاتے ہیں اور وہاں برسیں گزریں ہنوز روزِ اوّل ہے مگر یہ نہ امید توڑیں ــــــ نہ پیچھا چھوڑیں۔ اور احکم الحاکمین، اکرم الاکرمین عز جلالہٗ کے دروازے پر اوّل تو آتا ہی کون ہے۔ اور آئے بھی تو اکتائے گھبرائے، کل کا ہوتا آج ہو جائے۔ ایک ہفتہ کچھ پڑھتے گزرا اور شکایت ہونے لگی، صاحب پڑھا تو تھا کچھ اثر نہ ہوا۔ یہ احمق اپنے لیئے اجابت کا دروازہ خود بند کر لیتے ہیں اور پھر بعض تو اس پر ایسے جامے سے باہر ہو جاتے ہیں کہ اعمال و

Marfat.com

ادعیہ کے اثر سے بے اعتقاد بلکہ اللہ عزّوجل کے وعدہ و کرم سے ایسے بے اعتماد والعیاذ باللہ الکریم الجواد۔ ایسوں سے کہا جائے کہ اے بے حیا، بے شرمو! ذرا اپنے گریبان میں منہ ڈالو، اگر کوئی تمہارا برابر والا دوست تم سے ہزار بار کچھ کام اپنے کہے اور تم اُس کا ایک کام نہ کرو تو اپنا کام اُس سے کہتے ہوئے اوّل تو آپ لجاؤ گے کہ ہم نے تو اس کا کہنا کیا ہی نہیں اب کس منہ سے اُس سے کام کو کہیں اور اگر غرض دیوانی ہوتی ہے کہہ بھی دیا اور اُس نے نہ کیا تو اصلاً محلِ شکایت نہ جانو گے کہ ہم نے کب کیا تھا جو وہ کرتا۔ اب جانچو کہ تم مالک علی الاطلاق عزّ جلالہٗ کے کتنے احکام بجا لاتے ہو؟ اُس کا حکم بجا نہ لانا اور اپنی درخواست کا خواہی نخواہی قبول چاہنا کیسی بے حیائی ہے؟۔"

"او احمق! پھر فرق دیکھ، اپنے سر سے پاؤں تک نظرِ غور کر۔ ایک ایک روئیں میں ہر وقت ہر آن کتنی کتنی ہزاروں ہزار بے شمار نعمتیں ہیں۔ تو سوتا ہے اور اُس کے معصوم بندے تیری حفاظت کو پہرہ دے رہے ہیں۔ تو گناہ کر رہا ہے اور سر سے پاؤں تک صحت، عافیت، بلاؤں سے محافظت، کھانے کا ہضم، فضلات کا رفع، خون کی روانی، اعضاء میں طاقت، آنکھوں میں روشنی، بے حساب کرم بے مانگے بے چاہے تجھ پر اتر رہے ہیں۔ پھر اگر تیری بعض خواہشیں عطا نہ ہوں کس منہ سے شکایت کرتا ہے؟ تو کیا جانے

Marfat.com

کہ تیرے لیئے بھلائی کس کاہے میں ہے؟ تو کیا جانے کہ کیسی سخت بلا آنے والی تھی کہ اس دعا نے (جس کے بارے میں تیرا گمان ہے کہ قبول نہ ہوئی) دفع کی۔ تو کیا جانے کہ اس دعا کے عوض کیا ثواب تیرے لیئے ذخیرہ ہو رہا ہے؟ اُس کا وعدہ سچا ہے۔ اور قبول کی یہ تینوں صورتیں ہیں جن میں ہر پہلی پچھلی سے اعلیٰ ہے۔ ہاں بے اعتقادی آئی تو یقین جان کہ مارا گیا اور ابلیس لعین نے تجھے اپنا سا کر لیا۔"

## (۱۷)

مولانا احمد رضا خاںؒ قدس سرہٗ نے رسالہ "صفائح اللجین" ۱۳۰۶ھ میں تحریر فرمایا جس میں احادیث سے دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کا اثبات پیش کیا۔ اس رسالے سے ایک تراشہ ہدیۂ قارئین ہے:

(الف)

"یہاں مقصود اسقدر کہ مدّعی آنکھیں کھول کر دیکھے کہ کس بضاعت پر کمالِ علم و احاطۂ نظر کا دعویٰ ہے۔ کیا ان ائمہ سے غفلت ہوئی اور تم معصوم ہو؟ کیا نہیں ممکن کہ حدیث انہی کتابوں میں ہو اور تمہاری نظر سے غائب رہے۔ مانا کہ ان کتابوں میں نہیں۔ پھر کیا سب کتابیں تمہارے پاس ہیں؟ ممکن ہے کہ اُن کتابوں میں ہو جو اور بندگانِ خدا کے پاس دیگر بلاد میں موجود ہیں۔ مانا کہ ان میں بھی نہیں۔ پھر کیا اسی قدر کتابیں تصنیف ہوئی تھیں؟ ممکن ہے کہ اُن کتابوں

Marfat.com

میں ہو جو معدوم ہو گئیں۔ مانا کہ ان میں بھی نہیں۔ پھر کیا تمام احادیث کتابوں میں مندرج ہو گئی تھیں؟ ممکن ہے کہ اُن احادیث میں ہو جو علماء اپنے سینوں میں لے گئے۔ پھر ہلدی کی گرہ پر پنساری بننا کس نے مانا؟ اپنے نہ پانے کو نہ ہونے کی دلیل سمجھنا اور عدم علم کو علم مالعدم ٹھہرالینا کیسی سخت سفاہت ہے۔ خاص نظیر اس کی یہ ہے کہ کوئی شخص ایک چیز کو اپنی کوٹھڑی کی چار دیواری میں ڈھونڈ کر بیٹھ رہے اور کہہ دے کہ ہم تلاش کر چکے تمام جہان میں کہیں نشان نہیں۔ کیا اس بات پر عقلا اسے مجنوں نہ جانیں گے؟"

صفائح اللجین ہی میں ایک جگہ اپنے معاصر محدثین کو کھلا چیلنج دیتے ہیں۔ پیشِ نظر تراشے سے زبان و بیان کی شگفتگی اور روانی ملاحظہ ہو۔

(ب)

"اگر یوں نہ مانیئے اور اپنی وسعتِ نظر و احاطۂ علم کا دعویٰ ہی کیجئے تو حضرات بے امتحان نہیں سہی۔ اپنے میں جس صاحب کو بڑا محدث جانیئے، متعین کیجیے۔ ہم دس سوال کرتے ہیں کہ اُن کی نسبت جو حکم احادیث میں ہو، ارشاد فرمائیں۔ پھر دیکھئے انشاء اللہ تعالےٰ کیسے غوطے کھاتے ہیں۔ اللہ عزوجل چاہے تو اکثر حکم نہ نکال سکیں گے۔ اور رب تبارک و تعالےٰ کو منظور ہے تو انہیں کتابوں میں اُن کی احادیث نکل آئیں گی۔ اُس وقت معلوم ہو گا کہ دعویٰ اجتہاد کرنے

Marfat.com

والے کتنے پانی میں ہیں۔ وائے بے انصافی؛ ان بیاقوتوں پر آئمہ مجتہدین سے ہمسری کا دعوٰی ہیہات ——— ہیہات چھوٹا منہ بڑی بات آدمی کو کتنی بھاتی ہے۔ مگر امتحان دیتے وقت مزہ آتا ہے۔ ہاں ہاں، یہ بات میں نے اس لیے نہیں کہی کہ سنیئے اور اڑا جایئے۔ نہیں نہیں: ضرور اپنے کسی اعلیٰ محدث کا نام رکھیئے اور ہم جو سوالات کریں اُن کا جواب اُن سے بذریعہ احادیث لکھوائیے۔ ہم بھی تو دیکھیں کس برتے پہ تتا پانی؛"

(۱۸)

مولانا احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ نے رسالہ "اقامۃ القیامہ" ۱۲۹۹ھ میں تحریر فرمایا۔ اس رسالے میں آپ نے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم پر کھڑے ہوکر صلوٰۃ وسلام پڑھنا اور ادب واحترام کو ملحوظِ خاطر رکھنے کا دلائلِ قاہرہ سے ثبوت دیا۔ اس رسالے سے ایک تراشہ پیشِ خدمت ہے۔ ملاحظہ فرمایئے کہ مولانا موصوف کس عمدہ پیرائے میں ان لوگوں کا رد فرما رہے ہیں جو ہر نیک کام کرنے کو شرک و بدعت ٹھہراتے ہیں:-

(الف)

"جس مسلمان نے کسی نئے طریقہ سے حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کا ادب کیا اس ایجاد کو علماء نے اس کے مواثح میں شمار کیا نہ یہ کہ معاذ اللہ بدعتی گمراہ ٹھہرایا۔ یہ بلا انہیں مدعیانِ دینِ و ادب میں پھیلی کہ ہر بات پر پوچھتے ہیں کہ

Marfat.com

فلاں نے کب کیں ؟ فلاں نے کب کیں ؛ حالانکہ خود ہزاروں باتیں کرتے ہیں جو نہ فلاں نے کیں نہ فلاں نے کیں۔ مگر یہ بھی طرقِ تعظیم نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والتسلیم کو گھٹانے مٹانے کے لیئے ایک حیلہ نکال کر زبان سے کہتے جائیں :۔

ع ۔ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اور بلطائفِ حیل جہاں تک بن پڑے امورِ محبت و تعظیم میں کلام کرتے جائیں ۔ آخر ان کا امام اکبر "تقویۃ الایمان" میں تصریح کر چکا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف ایسے کرو جیسے آپس میں ایک دوسرے کی کرتے ہو بلکہ اس میں سے کمی کرو۔ یہ ایمان ہے، یہ دین اور یہ دعویٰ ۔ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم !"

اسی رسالے میں ایک اور مقام پر تحریر فرماتے ہیں ۔

(ب)

"ہم نے مانا کہ جو کچھ قرونِ ثلثہ میں نہ تھا سب منع ہے ۔ اب ذرا حضراتِ مانعین اپنی خبر لیں ۔ یہ مدرسے جاری کرنا، اور لوگوں سے ماہوار چندہ لینا اور طلبہ کے لیئے مطبع نولکشور سے فیصدی دس روپیہ کمیشن لے کر کتابیں منگانا اور تخصیص روزِ جمعہ بعد از نمازِ جمعہ وعظ کا التزام کرنا، جہاں وعظ کہنے جائیں نذرانہ لینا، دعوتیں اڑانا ، مناظروں کے لیئے پینچ اور جلسے مقرر کرنا، مخالفین کے

Marfat.com

ردمیں کتابیں لکھوانا، چھپوانا، واعظوں کا شہر بشہر گشت کرنا، صحاح کے دو دو ورق پڑھ کر محدثی کی سند لینا اور ان کے سوا ہزاروں باتیں کہ سب اکابر و اصاغر طائفہ میں بلا نکیر رائج ہیں قرونِ ثلثہ میں کب تھیں؟ اور ان پیشوایانِ فرقہ جدیدہ کا تو ذکر ہی کیا جو دو دو روپے نذرانہ لے کر مسئلوں پر مہر کریں۔ مدعی مدعا علیہ دونوں کے ہاتھ میں حضرت کا فتویٰ۔ حج کو جائیں تو حمایت کے لیئے کمشنر دہلی و کمشنر بمبئی کی چٹھیاں ضرور ہوں۔ شاید یہ باتیں قرونِ ثلثہ میں تھیں یا تمہارے لیئے پروانہ معافی آگیا ہے کہ جو چاہو کرو تم پر کچھ مواخذہ نہیں۔ یا یہ نکتہ چینیاں انہیں باتوں میں ہیں جنہیں تعظیم و محبت حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے واسطہ ہو باقی سب حلال و شیرِ مادر۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم "۔

(ج)

"اصل اشیاء میں اباحت ہے یعنی جس چیز کی ممانعت شرع مطہر سے ثابت اور اس کی برائی پر دلیلِ شرعی ناطق وہی تو ممنوع و مذموم ہے۔ باقی سب چیزیں جائز و مباح رہیں گی۔ خاص ان کا ذکر جواز قرآن و حدیث میں منصوص ہو یا اُن کا کچھ ذکر نہ آیا ہو تو جو شخص جس فعل کو ناجائز یا حرام یا مکروہ کہے اُس پر واجب کہ اپنے دعویٰ پر دلیل قائم کرے اور جائز و مباح کہنے والوں کو ہرگز دلیل کی حاجت نہیں کہ ممانعت پر کوئی دلیلِ شرعی نہ ہونا یہی جواز کی دلیل کافی ہے۔

Marfat.com

جب بفضلِ اللہ تعالےٰ اُن کے زورِ بازو نے دینِ الٰہی کی بنیادیں مستحکم کردی اور مشارق ومغارب میں ملّتِ حنیفہ کی ترویج ہوگئی اس وقت آئمہ وعلمائے مابعد نے محنت وبجنت [illegible] زمین جمانے والوں کی تربیت [illegible] اور بیانِ تحقیق سے فضل پر تکیہ کرکے اہم فالاہم کاموں میں مشغول ہوئے. اب تو بے خلش صرصر واندیشۂ سموم اور [illegible] بیاریاں ہونے لگیں. فکرِ صائب نے زمینِ تدقیق میں نہریں کھودیں، ذہنِ رواں نے زلالِ تحقیق کی ندیاں بہائیں. علماء واولیاء کی آنکھیں ان پاک مبارک نونہالوں کے لیئے مقالے بنیں خواہانِ دین وملت کی نسیم انفاس متبرکہ نے عطر بازیاں فرمائیں. یہاں تک کہ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا باغ ہرا بھرا، پھولا پھلا، لہلہایا اور اُس کے بھینے پھولوں، سہانے پتوں نے چشم وکام ودماغ پر عجب ناز سے احسان فرمایا. والحمد للہ رب العالمین. اب اگر کوئی جاہل اعتراض کرے کہ کنچیاں جواب پھوٹیں جب کہاں تھیں. یہ پتیاں جو اب نکلیں پہلے کیوں نہاں تھیں. یہ پتلی پتلی ڈالیاں جواب جھومتی ہیں نوپیدا ہیں، یہ ننھی ننھی کلیاں جواب مہکتی ہیں تازہ جلوہ نما ہیں اگر اِن میں کوئی خوبی پاتے تو اگلے کیوں چھوڑ جاتے تو اُس کی حماقت پہ اس الٰہی باغ کا ایک ایک پھول قہقہہ لگائے گا کہ او جاہل! اگلوں کو جڑ جمانے کی فکر تھی وہ فرصت پاتے تو

Marfat.com

یہ سب کچھ کر دکھاتے۔ آخر اس سفاہت کا نتیجہ یہی نکلے گا کہ وہ نادان اس باغ کے پھل پھول سے محروم رہے گا۔"

(۱۸)

ایک حکیم [illegible] کے گھر آگ لگ [illegible] اُس [illegible] بچے بھولے بھالے اندر مکان کے گھر گئے [illegible] لاکھ [illegible] روپوں کا مال اسباب بھی تھا۔ اس دانشمند نے مال کی طرف خیال نہ کیا، اپنی جان پر کھیل کر بچوں کو سلامت نکال لیا۔ یہ واقعہ پسند ہے، خود بھی دیکھ رہے تھے۔ اتفاقاً اُن کے یہاں بھی آگ لگ گئی یہاں نرا مال ہی مال تھا۔ کھڑے ہوئے دیکھتے رہے اور سارا مال خاکستر ہوگیا۔ کسی نے اعتراض کیا تو بولے تم احمق ہو۔ ہم اُس حکیم دانشور کی آنکھیں دیکھے ہوئے تھے اُس کے گھر آگ لگی تھی تو اُس نے مال کب نکالا تھا جو ہم نکال لیتے؟ مگر بیوقوف اتنا نہ سمجھ سکے کہ اُس اولوالعزم حکیم کو بچوں کے بچانے سے فرصت کہاں تھی کہ مال نکالتا۔ نہ یہ کہ اُس نے مال نکالنا بُرا جان کر چھوڑا تھا۔ اللہ تعالےٰ کسی کو اوندھی سمجھ نہ دے۔ آمین۔

(۱۹)

مولوی حاکم علی نقشبندی مجددی، پروفیسر اسلامیہ سائنس کالج لاہور، مولانا احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہٗ سے والہانہ عقیدت رکھتے تھے۔ مولوی حاکم علی صاحب کئی دفعہ مولانا احمد رضا خاںؒ سے ملنے بریلی بھی گئے۔ بریلی

Marfat.com

میں اپنے قیام کے دوران وہ اکثر مولانا احمد رضا خاںؒ سے سائنسی علوم و فنون پر تبادلۂ خیال کرتے تھے۔ وہ مولانا احمد رضا خاںؒ کے تبحر اور علمیت کے بڑے مداح تھے۔ اور اکثر اوقات اُن سے بریلی میں مذہبیات، فقہیات، سیاسیات اور سائنسی علوم پر تبادلۂ خیالات کرتے تھے۔ مولوی حاکم علی مشرباً نقشبندی تھے اور مولانا احمد رضا خاںؒ مشرباً قادری لیکن وہ مولانا کو اس صدی کا مجدد قرار دیتے تھے۔ تحریکِ ترکِ موالات کے زمانے میں جب مولانا احمد رضا خاںؒ نے مسلمانوں کو بیداری کا پیغام دے کر مسٹر گاندھی کی چالوں اور بعض مسلم علماء کی ناعاقبت اندیشانہ روش پر اُن کا پردہ چاک کیا تو مولوی حاکم علی بے ساختہ پکار اٹھے "الاماں یا مجدد مائۃ حاضرہ"۔

رسالہ "نزولِ آیاتِ فرقان بسکونِ زمین و آسمان"، (مطبوعہ لکھنو) مولوی حاکم علی کے ایک استفسار کے جواب میں لکھا تھا۔ مولوی حاکم علی صاحب نے ۱۴ جمادی الاول ۱۳۳۹ھ کو مولانا احمد رضا خاںؒ بزبانِ عربی و فارسی ایک خط ارسال کیا اس میں حرکتِ زمین کی تائید میں بعض قرآنی آیات کے ساتھ تفسیرِ جلالین اور تفسیرِ حسینی سے بعض عبارات پیش کیں۔ اس کے علاوہ سائنس کی کتابوں سے بھی حوالے درج کیے اور مولانا احمد رضا خاںؒ سے درخواست کی کہ وہ حرکتِ زمین کے قائل ہو جائیں۔ مولوی صاحب نے مولانا احمد رضا خاںؒ سے اپنے خط کے اختتام پر التجا کی تھی:-

"غریب نواز! کرم فرما کر میرے ساتھ متفق ہو جاؤ تو پھر انشاء اللہ العزیز سائنس کو اور سائنس والوں کو مسلمان کیا ہوا پائیں گے"۔

Marfat.com

مولانا احمد رضا خاںؒ نے بعنوانِ مذکورہ ۳۲ صفحات پر مشتمل رسالہ قلمبند کیا۔ اس کتابچہ میں انہوں نے ردِّ حرکتِ زمین پر اپنے دلائل پیش کرتے ہوئے مذکورہ بالا تفاسیر کے علاوہ ۲۸ دیگر تفاسیر کے حوالے پیش کیئے اور مولوی حاکم علی صاحب کے دلائل کو ضعیف قرار دیتے ہوئے جدید سائنسدانوں مثلاً نیوٹن، آئن اسٹائن اور البرٹ ایف پورٹا پر شدید تنقید کی اور آخر میں لکھا:۔

(الف)

" محبِ فقیر! سائنس یوں مسلمان نہ ہوگی کہ اسلامی مسائل کو آیات و نصوص میں تاویلات دور از کار کر کے سائنس کے مطابق کر لیا جائے۔ یوں تو معاذ اللہ اسلام نے سائنس قبول کی نہ کہ سائنس نے اسلام۔ وہ مسلمان ہوگی تو یوں کہ جتنے اسلامی مسائل سے اسے خلاف ہے سب میں مسئلہ اسلامی کو روشن کیا جائے۔ دلائلِ سائنس کو مردود و پامال کر دیا جائے۔ جا بجا سائنس ہی کے اقوال سے اسلامی مسئلہ کا اثبات ہو۔ سائنس کا ابطال و اسکات ہو۔ یوں قابو میں آئے گی۔ اور یہ آپ جیسے فہیم سائنسداں کو باذنہٖ تعالےٰ دشوار نہیں۔ آپ اسے بچشمِ پسند دیکھتے ہیں۔"

## (۲۰)

مولانا احمد رضا خاںؒ کی نادر کتاب " الدولتہ المکیہ بالمادۃ الغیبیہ " اسلام کے ایک نہایت ہی اہم اور دشوار گذار موضوع علمِ غیب اور اس کی ماہیت و

Marfat.com

حقیقت پر مشتمل ہے۔ اس موضوع پر ہر کس و ناکس قلم اٹھانے کی ہمت نہیں رکھتا "ہر کارے و ہر مردے"، کے مصداق مولانا جیسے بلند پایہ جلیل القدر عالم ہی اس اہم [illegible] موضوع پر قلم اٹھا سکتے ہیں۔ چنانچہ یہ کتاب اُن کی علمیت، [illegible] ایک نادر شاہکار ہے۔ کتاب عربی زبان میں ہے جس کا ترجمہ [illegible] احمد رضا خان قدس سرہ کے خلف اکبر حضرت مولانا حامد رضا خان علیہ الرحمۃ نے نہایت ہی عرق ریزی و جانفشانی سے کیا ہے۔ اِس کتاب کے آخری صفحہ کا ایک تراشہ ہدیۂ قارئین ہے۔

(الف)

"مگر حسد ایک گھوکھرو ہے کہ جسے لپٹ جاتا ہے وُہ تباہ و ہلاک ہو جاتا ہے۔ تو بچ اور بچ ہلاکت کی جگہوں سے۔ اور اللہ ہمارا اور تیری ہدایت کا والی ہو۔ الحمد للہ جواب پورا ہوا اور صواب کھُل گیا۔ اور جب کہ جلد لکھا ہوا ایک رسالہ کی صورت میں نکلا۔ تو مناسب ہے کہ اس کا نام "الدولۃ المکیۃ بالمادۃ الغیبیۃ" رکھوں تاکہ یہ نام بھی ہو اور مقصود و تالیف اور مکانِ تصنیف کا اشعار و اعلام بھی اور ابجد کے حساب سے سالِ تالیف کی علامت اور نشانی بھی ہو۔"

"الحمد للہ بندہ ضعیف نے پہلا حصہ پہلے دن سات گھنٹے میں پورا کر دیا تھا پھر اس میں فائدے کے لیے نظر ششم بڑھائی اور آج باوصفِ کثرتِ اشغال کے دوسرا حصہ بعد ظہر کے لکھا اور اسے ایک گھنٹے سے زائد میں تمام کر دیا۔ تو بحمد اللہ ۲۷ ذی الحجہ روز چہار شنبہ کو عصر سے پہلے پورا ہو گیا اور سب

Marfat.com

سے افضل درود اور سب سے کامل تر سلام اُس مولیٰ پر جو مہکتی خوشبو سے مخصوص اور اپنے احسان سے حشر کے دن ہمارے شفیع ہیں اور اُن کی عزت والی آل اور عظمت والے صحابہؓ پر جب کہ صبح اور دس راتیں دورہ کریں اور سب خوبیاں اللہ تعالیٰ کو جو مالک ہے سارے جہان کا۔"

اس کتاب میں سے یہ تراشہ ملاحظہ ہو۔

(ب)

"الخلاصہ یہ کہ ہمارا استدلال یہاں تفسیر آیتِ کریمہ سے نہیں بلکہ تاویلِ مفسر اور ان معنیٰ پر ان کے اعتقاد سے ہے۔ یہاں تک کہ اس نے جائز رکھا۔ آیۂ کریمہ کا اس کی جانب اشارہ تو وہ اب تمہارے نزدیک کفر کے زائد لائق والعیاذ باللہ تعالیٰ اور مقصود اس بات کا بیان ہے کہ تم معرفتِ محمد صلی اللہ علیہ وسلّم سے محجوب ہو اور اتنی معرفت بھی نہیں جتنی علمائے ظاہر کو ہے۔ کجا وہ کہ اولیائے کرام کو مرحمت ہوئی تو تم مسلمان کی تکفیر کرتے ہو۔ اور بے علمی سے انکار کرتے اور اس انکار کو اچھا خیال کرتے جیسا کہ ارشادِ الٰہی ہے بلکہ انہوں نے جھٹلایا اُسے جسے انہوں نے نہ جانا یہ ہے ان کا مبلغ علم۔ تو جسے اللہ نور نہ دے اس کے لئے نور نہیں میں مانگتا ہوں اللہ سے عفو و عافیت۔"

(ج)

"الحمدللہ! حق ظاہر ہوا اور صواب چمک اٹھا اور آفتابِ ہدایت پر کوئی پردہ نہ رہا۔ یہ اللہ کا فضل ہے ہم پر اور اُن لوگوں پر لیکن

Marfat.com

بہت لوگ شک نہیں کرتے اور جو اس حقیر ترین بندگان کے کلام
میں ایسے شخص کی طرح نظر کرے جو بات میں غور کرے اور
فائدہ لینا چاہے یا قلبِ حاضر کے ساتھ کان لگائے حملہ اور
ہٹ دھرم کے ہر سوال کا صحیح جواب اس پر ظاہر ہو جائے مگر
تصریح زیادہ نافع اور بیان کے زیادہ لائق ہے تو چاہیئے کہ ہم
ہر سوال پر جُدا جُدا کلام کریں۔ اور اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے۔"

(د)

غیوبِ خمسہ کی بحث کو سمیٹتے ہوئے ایک جگہ فرماتے ہیں:۔
" اور یہ پانچوں غیب حضور پر کیونکر مخفی رہیں۔ حالانکہ حضور کی
امت میں سے ساتوں قطب ان پانچوں کو جانتے ہیں حالانکہ
وہ ساتوں غوث سے نیچے ہیں پھر کجا غوث پھر کجا وہ تمام
اگلوں پچھلوں کے سردار ہیں۔ وہ جو ہر شے کے سبب ہیں۔
وہ کہ ہر شے انہیں سے ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ میں کہتا
ہوں ساتوں قطب سے ابدال مراد ہے کہ وہ ستر ابدال کے اوپر اور
دونوں اماموں کے نیچے ہوتے ہیں جو غوث کے دونوں وزیر
ہیں۔ نیز ابریز میں انہیں سید رضی اللہ تعالٰے عنہ سے فرمایا
کہ ان پانچوں غیبوں کا معاملہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم پر
کیونکر چھپا ہے۔ حالانکہ حضور کی امتِ مرحومہ میں سے کوئی
صاحبِ تصرف تصرّف نہیں کر سکتا جب تک کہ ان پانچوں کو
نہ جانے۔ تو اے منکرو! اِن کلاموں کو سنو اور اولیاء اللہ کی
تکذیب نہ کرو کہ اِن کی تکذیب دین کی بربادی ہے۔ اور

Marfat.com

قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ مکر نے والوں سے انتقام لے گا۔"

(س)

"لا الٰہ الا اللہ کے معنی عام لوگوں کے نزدیک تو یہ ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی سچا معبود نہیں اور خواص کے نزدیک یہ کہ اللہ کے سوا کوئی مقصود نہیں اور خاص الخاص کے نزدیک یہ کہ اللہ کے سوا کوئی نظر ہی نہیں آتا اور جو نہایت کو پہنچ گئے ان کے نزدیک یہ معنی ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی موجود نہیں اور یہ سب معنی حق ہیں۔ اور ایمان کا مدار پہلے پر ہے اور اصلاح کا مدار دوسرے پر اور سلوک کا تمام تیسرے پر اور وصول الی اللہ کا مدار چوتھے پر۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان سب معنی میں سے پورا حظ عطا فرمائے۔ اپنے احسان و کرم سے۔ آمین۔"

(ص)

"ہاں نکتہ ہے اور کیسا نکتہ بلند و بالا جلالت نو طرز خوشنما اور اس میں ایک لطف یہ ہے کہ وہابیہ جو اپنی ذلیل فہم و ر سے سمجھے۔ یہ ان پر اس کے عکس کا حکم لگاتا ہے تو کان لگا کر سن وہ جو اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے اتعا فرمایا جان کہ ان پانچ کے سوا غیب اور بہت کثرت سے ہیں۔ جہاں تک کہ ان پانچ کے جملہ افراد سب مل کر بھی اور غیبوں کے ہزارویں حصے کو بھی نہیں پہنچتے۔ تو اللہ تعالیٰ غیب کا غیب ہے۔ اور وہ ہر چیز پر شاہد ہے اور اس کی ہر صفت غیب ہے اور برزخ غیب ہے اور بہشت غیب ہے اور دوزخ غیب ہے اور حساب

Marfat.com

غیب ہے اور نامۂ اعمال غیب ہے اور قیامت کے میدان میں جمع کیا جانا غیب ہے۔ قبروں سے اٹھانا غیب ہے اور فرشتے غیب ہیں اور ان کے سوا تیرے رب کے لشکر غیب ہیں اور ان کے سوا اور غیب ہیں جن کی جنسیں تک ہم نہیں گنا سکتے نہ کہ فردیں اور معلوم ہیں کہ یہ سب کے سب یا ان میں اکثر غیب ہونے میں ان پانچ سے بڑھ کر ہیں اور اللہ سبحانہٗ وتعالےٰ نے اس آیتِ کریمہ میں ان میں سے کچھ ذکر نہیں فرمایا صرف یہی پانچ ذکر فرمائے:

(ط)

"سب خوبیاں اللہ کو جو جمیع غیوب کا کمال جاننے والا ہے۔ گناہوں کا بڑا بخشنے والا، عیبوں کا بہت چھپانے والا، پوشیدہ راز پر اپنے پسندیدہ رسولوں کو مسلّط کرنے والا۔ اور سب سے افضل درود اور سب سے کامل تر سلام اُن پر جو ہر پسندیدہ سے زیادہ پسندیدہ اور ہر پیارے سے بڑھ کر پیارے ہیں۔ غیبوں پر اطلاع پانے والوں کے سردار جن کو اُن کے رب نے خوب سکھایا۔ اور اللہ کا اُن پر فضل بہت بڑا ہے اور وہ ہر غیب پر امین اور غیب کے بتانے میں بخیل نہیں اور نہ وہ اپنے رب کے احسان سے کچھ پوشیدگی میں ہیں کہ جو ہو گزرا یا آنے والا ہو اُن سے چھپا ہو تو وہ ملک اور ملکوت کے مشاہدہ فرمانے والے ہیں۔ اور اللہ عزّوجل کی ذات و صفات کے ایسے دیکھنے والے ہیں کہ نہ آنکھ کج ہوئی اور نہ حد

Marfat.com

سے بڑھی ۔ تو کیا تم جو کچھ وہ دیکھ رہے ہیں اُن میں اُن سے جھگڑتے ہو۔ اللہ نے اُن پر قرآن اتارا۔ ہر چیز کا روشن بیان کر دینے کو تو حضور نے تمام اگلے پچھلے علوم پر احاطہ فرمایا اور ایسے علموں پر جو کسی حد پر نہ رکیں اور گنتی اُن تک پہنچنے سے تھک رہے اور تمام جہان میں اُن کو کوئی نہیں جانتا۔ تو آدم علیہ السّلام کے علم اور تمام عالم کے علم اور لوح و قلم کے علم یہ سب مل کر ہمارے محبوب صلی اللہ علیہ وسلّم کے علموں کے سمندروں سے ایک بوند ہیں۔"

## (٢١)

"برکات الامداد" ١٣١٠ھ میں مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ وہابیوں کی خبر لیتے ہوئے لکھتے ہیں۔

### (الف)

"مسلمانو! وہابیوں کے اس ظلم و جور و تعصّب کا ٹھکانہ ہے کہ بیمار پڑیں تو حکیم کے پاس دوڑیں ——— دوا کریں، کوئی مارے پیٹے تو تھانے کو جائیں ——— رپٹ لکھوائیں ——— ڈپٹی یا سارجنٹ سے فریاد کریں۔ کسی نے زمین دبالی یا تمسک کا روپیہ نہ دیا تو منصف صاحب مدد کیجیو۔ جج بہادر خبر لیجیو۔ نالش کریں ——— استغاثہ کریں۔ غرض دنیا بھر سے استعانت کریں اور حصر اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ کو اس کے خلاف نہ جانیں۔ ہاں انبیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء سے

Marfat.com

استعانت کی اور شرک آیا۔ ان کاموں کے وقت آیت کا حصر کیوں نہیں یاد آتا۔ وہاں تو یہ حکم ہے کہ ہم خاص تجھی سے استعانت کرتے ہیں۔"

(ب)

"وہابیہ خود بھی دل میں خوب جانتے ہیں کہ آیۂ کریمہ میں مطلق استعانت بالغیر کی اصلا ممانعت نہیں۔ نہ وہ ہرگز شرک و ممنوع ہو سکتی ہے بلکہ استعانت حقیقتاً ہی رب العزت جل جلالہٗ سے خاص فرمائی گئی اور اس کا اختصاص کسی طرح حضرات انبیاء و اولیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے استعانت جائزہ کا منافی نہیں ہو سکتا ہے مگر عوام بے چاروں کو بہکانے اور محبوبانِ خدا کا نامِ پاک اُن کی زبان سے چھڑانے کو دیدہ و دانستہ قرآن کے معنی بدلتے ہیں تو کیا بات۔ کہ سر کی کھلی اور دل کی بند ہیں۔ پاؤں تلے کی نظر آتی ہے۔ حکیم جی کو علاج کرتے، تھانہ دار کو چوریاں نکالتے، نواب راجہ کو نوکریاں دیتے، ڈپٹی منصف کو مقدمات بگاڑتے سنبھالتے آنکھوں دیکھ رہے ہیں۔ اُن کی امداد اعانت سے کیونکر منکر ہوں اور حضرات انبیاء و اولیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء سے جو باطن و ظاہر، قاہر و باہر مدد دین پہنچ رہی ہیں وہ نہ دل کے اندھوں کو سوجھیں، نہ اپنے نصیبے میں اُن کی برکات کا حصہ سمجھیں۔ پھر بھلا یہ کیونکر یقین لائیں۔"

Marfat.com

(ج)

"نواب صاحب کو اپنی نوابی کے نشے میں ناگوار گزری کہ نہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد کا پاس ——— نہ صحابہ و تابعین کے تعلیم و عمل کا لحاظ ——— نہ اکابر حفاظِ حدیث کی تصحیح کا خیال، سخت ڈھٹائی کے ساتھ حاشیہ ظفر جلیل پر صحیح حدیث کو بزورِ زبان دزورِ بہتان رد کرنے کے لئے عقل و شرح کی قید سے نکل راوی ثقہ کا نسب بدل تقریب کی عبارت بکمالِ شرارت ایک سطر کی دکھا، برابر کی چھپا، کسی کا حال کسی پر اتار حیا کا پانی سر سے گزار بے دھڑک بے پر کی اڑادی کہ حدیث قابلِ حجت نہیں۔"

(د)

"ایمان سے کہو غوث الاعظم کے یہی معنی ہوئے کہ سب سے بڑے فریاد رس یا کچھ اور ——— خدا کو ایک جان کر کہنا کہ غوث الثقلین کا یہی ترجمہ ہوا کہ جن و بشر کے فریاد رس یا کچھ اور؟ ——— پھر یہ کیسا کھلا شرک تمہارا امام اور اس کا سارا خاندان بول رہا ہے۔ قول کے سچے ہو تو ان سب کو بھی ذرا جی کڑا کر کے مشرک بے ایمان کہہ دو۔ ورنہ شریعتِ وہابیہ کیا آپ کی خانگی ساخت ہے کہ فقط باہر والوں کے لئے خاص ہے گھر والے سب اس سے مستثنیٰ ہیں؟ افسوس اس امام بے لگام کی تلون مزاجیوں نے طائفے کی مٹی خراب کی ہے۔ آپ ہی تو شرک کا قانون سکھائے جس کی بناء پر طائفے کے نواب بھوپالی بہادر دبی زبان سے بھی

Marfat.com

کہہ گئے غوث الاعظم یا غوث الثقلین کہنا شرک سے خالی نہیں۔ اور آپ ہی جب تلوّن کی لہر آئے تو اپنی موج میں آکر انہیں گھر سے میں دھکّا دے اور خود دور کھڑا قہقہے لگائے،

(۲۲)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرّہٗ حرکتِ زمین کے رد میں اپنے معرکۃ الآراء کتاب "فوز مبین در ردّ حرکتِ زمین" (۱۳۳۸ھ) میں آئزک نیوٹن پر تنقید کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتے ہیں:-

(الف)

"ہر جسم میں دوسرے کو اپنی طرف کھینچنے کی ایک قوتِ طبعی ہے جسے جاذبیا یا جاذبیت کہتے ہیں۔ اس کا پتہ نیوٹن کو ۱۶۶۵ء میں اس وقت چلا جب وہ وبا سے بھاگ کر کسی گاؤں گیا۔ باغ میں تھا کہ درخت سے سیب ٹوٹا، اُسے دیکھ کر اسے سلسلۂ خیالات چھوٹا، جس سے قواعدِ کشش کا بھبوکا پھوٹا"۔

(۲۳)

ایک کتاب "ختم النبوۃ" کے موضوع پر لکھی ہے (۱۳۱۷ھ)۔ اس میں مدینہ منورہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کا اس طرح نقشہ کھینچا ہے۔

(الف)

"اللہ اللہ ایک وہ دن تھا کہ مدینہ طیبہ میں حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری کی دھوم ہے۔ زمین و آسمان میں

Marfat.com

خیر مقدم کی صدائیں گونج رہی ہیں. خوشی و شادمانی ہے کہ در و دیوار سے ٹپکی پڑتی ہے. مدینے کے ایک ایک بچے کا دمکتا چہرہ انار دانہ ہو رہا ہے. باچھیں کھلی جاتی ہیں. دل ہیں کہ سینوں میں نہیں سماتے، سینوں پر جامہ تنگ، جاموں میں قبائے گل کا رنگ، نور ہے کہ جھما جھم برس رہا ہے. فرش سے عرش تک نور کا بقعہ بنا ہے. پردہ نشین کنواریاں شوقِ دیدارِ محبوبِ کردگار میں گاتی ہوئی باہر آتی ہیں کہ

طلع البدر علینا من ثنیات الوداع
وجب الشکر علینا ما دعیٰ للہ داعی

## (۲۴)

ایک عیسائی نے قرآنِ کریم پر اعتراض کیا. جب یہ بات آپ کے علم میں لائی گئی تو آپ نے "الصمصام علی مشکک فی آیۃ علوم الارحام (۱۳۱۵ھ) کے عنوان سے ایک رسالہ تحریر فرمایا. اس رسالے میں ایک جگہ حضرت عیسیٰ اور حضرت مریم علیہم السلام کے بارے میں عیسائیوں کے عقائد پر تبصرہ کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔

### (الف)

خدارا انصاف ــــ وہ عقل کے دشمن، دین کے رہزن، جہنم کے کندن ایک اور تین میں فرق نہ جانیں ــــ ایک خدا کو تین مانیں ــــ پھر تینوں کو ایک ہی جانیں ــــ بے مثل، بے کفو کے لیئے جورو بتائیں، بیٹا ٹھہرائیں ــــ اسکی پاک بندی، ستھری، کنواری

Marfat.com

پاکیزہ بتول مریم پر ایک بڑھئی کی جورو ہونے کی تہمت لگائیں۔

______ اللہ اللہ! یہ قوم! یہ قوم! ______ ہمہ اسمرلوم ______

یہ لوگ! یہ لوگ! ______ جنہیں عقل سے لاگ ______ جنہیں

جنوں کا روگ ______ یہ اس قابل ہوئے کہ خدا پر اعتراض کریں

اور مسلمان ان کی لغویات پر کان دھریں۔"

## (۲۵)

تجلی المشکوٰۃ اعلیحضرت عظیم البرکت مولانا شاہ احمد رضا خاں قدس سرہٗ سے کسی نے مسئلہ دریافت کیا کہ آیا سادات محتاجین کو زر زکوٰۃ دینا جائز ہے یا نہیں؟ اس کے جواب میں آپؒ نے فتویٰ دیا جو فتاویٰ رضویہ جلد دوم میں درج ہے۔ فتویٰ میں ایک عبارت ہے جس کو ذیل میں نقل کیا جاتا ہے۔ زبان و بیان کی لطافت اور محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جھلک ایک ایک لفظ سے پھوٹی پڑتی ہے۔

### (الف)

"بڑے مال والے اگر اپنے خاص مالوں سے بطورِ نذر و ہدیہ ان حضرات علیہ کی خدمت نہ کریں تو ان کی بے سعادتی ہے۔ وہ وقت یاد کریں جب ان حضرات کے جدِّ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا ظاہری آنکھوں کو بھی کوئی ملجا و ماویٰ نہ ملے گا کیا پسند نہیں آتا کہ وہ مال جو انہیں کے صدقے میں انہیں کی سرکار سے عطا ہوا جسے عنقریب چھوڑ کر پھر ویسے ہی خالی ہاتھ زیر زمین جانے والے ہیں اُن کی خوشنودی کے لیئے اُن کے پاک مبارک بیٹوں پر

Marfat.com

اُس کا ایک حصّہ صرف کیا کریں کہ اُس سخت حاجت کے دن اُس جوادِ کریم رؤف ورحیم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کے بھاری انعاموں اور عظیم اکراموں سے مشرف ہوں"

فتویٰ کے آخر میں جو عبارت درج ہے اُس میں اعلیٰحضرت کی زبان کی سلاست اور انفرادیت ملاحظہ ہو۔

(ب)

"غرض للہ الحمد و المنّہ فقیر غفرلہٗ المولی القدیر نے بتوفیق المولیٰ سبحانہٗ وتعالےٰ ان مسائل کو ایسی شرح وتکمیل وبسطِ جلیل کے ساتھ بیان کیا ہے کہ شاید اُن کی نظیر کتب میں نہ ملے۔ امید کرتا ہوں جو شخص ان سب کو بغورِ کامل سمجھ لے گا وہ ہزار ہا مسائلِ زکوٰۃ کا حکم ایسا بیان کرے گا جیسے کوئی عالم محقق بیان کرے۔ جن مسائل میں فقیر نے آج کل کے بعض مدعیان فقاہت وتحدیث بلکہ امامتِ فنونِ فقہ وحدیث کو فاحش غلطیاں کرتے دیکھا کہ کم علم آدمی جو اِن تحریراتِ فقیر کو بہ نہج احسن سمجھ لے گا انشاء اللہ تعالےٰ بے تکلف صحیح وصاف ادا کرے گا مگر حاشا ہر گز ارد و زبان جان کر اپنی فہم پر قناعت نہ کرے کہ نازک یا غور طلب بات جو آدمی کی اپنی استعداد سے ورا ہو کسی زبان میں کیسی ہی واضح کی جائے پھر نازک ہے بلکہ واجب کہ کسی عالم کامل سے ان مسائل کو پڑھ لے تاکہ بحول اللہ تعالےٰ اُس باب میں خود عالمِ کامل ہو جائے"

Marfat.com

(۲۶)

"الاستمداد علیٰ اجیال الارتداد" (۱۳۳۷ھ) میں رقمطراز ہیں

(الف)

"حاشا للہ! انبیاء کی شان اللہ ہی کی شان ہے۔ انبیاء کی عزت اللہ ہی کی عزت ہے۔ انبیاء کی تعظیم اللہ ہی کی تعظیم ہے۔ دیکھو آئمہ دین نے فرمایا ہے کہ غیر خدا کے لیئے تواضع حرام ہے پھر علماء وغیرہم معظمانِ دین کے لیئے تواضع کا حکم دیا۔ اگر ان کی عزت اللہ ہی کی عزت نہ ہوتی تو اُن کے لیئے تواضع حرام ہوتی۔

قال اللہ تعالیٰ: فَإِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعاً ؕ ساری عزت اللہ کے لیئے ہے۔ اور فرماتا ہے:۔ وَلِلَّهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُولِهِ وَلِلْمُؤْمِنِينَ ؕ عزت تو اللہ اور اُس کے رسول اور ایمان والوں ہی کے لیئے ہے۔ اگر اُن کی عزت عزتِ الٰہی سے جدا ہوتی تو عزت کے حصے ہو جاتے۔ ساری عزت اللہ کے لیئے نہ ہوتی تو اُس نے اللہ ہی کی شان کو چمار سے بدتر اور ذرۂ ناچیز سے کم کیا۔"

(ب)

"مسلمانوں کے ایمان میں حضور سیدالانبیاء علیہ وعلیہم افضل الصلوٰۃ والثناء ضرور شفیع ہیں اور ضرور بارگاہِ الٰہی میں اُن کے لیئے عظیم وجاہت ہے اور ضرور اُن کی وجاہت کے سبب اُن کی سفارش قبول ہے۔ جو وہاں وجاہت نہیں رکھتا اُس کا کیا منہ کہ کسی کی سفارش کر سکے؛ اُن کی وجاہت کا انکار کفر اور اُس کے سبب اُن کی

Marfat.com

شفاعت کا قبول نہ ماننا ضلال. باقی دھوکہ دینے کو جو وجاہت کے معنی میں دباؤ کی پخ لگائی کہ امیر سے دب کر سفارش مان لینا ہے محض عیاری ہے. وجاہت کے معنی میں لغتہً عرفاً شرعاً کہیں اس کا پتا نہیں۔"

(ج)

"جب کسی درخت کے پتے جاننا خاص اللہ ہی کی شان ٹھہری جس میں کسی مخلوق کو دخل نہیں تو اگر کوئی محنت کر کے گن دے تو وہ خدا ہو گیا. کیونکہ غیب خاص بخدا کی طرف کسی حیلہ سے مخلوق کو راہ ناممکن لیکن اُس نے جان لیا تو یہ ضرور اسمٰعیل کا خدا ہے. ایک ہی کے پتے جان لینا کچھ دشوار نہیں اور کیلا ہو یا ڈھاک کے تین پات جب تو خداؤں کی گنتی ہی نہ رہے گی. اصل بات یہ ہے کہ محبوبانِ خدا خصوصاً سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے جلن ہے اُن کا نام آیا اور شرک نے مُنہ پھیلایا۔"

(د)

"یہ فطری بات ہے کہ سلطنت کا رعیت، فاتح کا مفتوح پر اثر ہوتا ہے مسلمان ہندوستان میں فاتح ہو کر آئے اور صدہا سال سلطان و حکمران رہے. ہندوؤں کے روزمرّہ میں بکثرت الفاظِ عربیہ داخل ہو گئے. طرزِ معاشرت میں تبدیلیاں ہوئیں. اُن میں سے یہ بھی انہوں نے مسلمانوں سے لیا ہو تو کیا محال ہے؟ اسے اُن کا شعار کہنا صریح جھوٹ ہے. کسی قوم کا شعار وہ جس سے اُن کی پہچان ہو اور اُن میں اور اُن کے غیر میں اُس سے امتیاز کیا جاتا ہے. یہاں شعاریت اگر

Marfat.com

ہے تو وید پڑھنے سے کوئی وہابی اگر تمہاری فاتحہ میں پنڈت سے وید پڑھوائے اُسے منع کرنا کہ تو شعارِ ہنود کا مرتکب ہوا مسلمانوں کا حال آپ کو معلوم نہیں. وہ قرآنِ عظیم پڑھتے ہیں. وید پڑھنا ہنود کا شعار تھا تو قرآنِ عظیم کی تلاوت خاص شعارِ اسلام ہے. اس زمین و آسمان کے فرق کے بعد بھی تشبّہ ہے تو روزے حج بھی ممنوع ہوں خصوصاً نافلہ کہ برت اور تیرتھ سے تشبّہ ہوگا. سورج گہن اور چاند گہن کے وقت تصدق کرنا بھی ممنوع ہو کہ ہندوؤں کا شعار ٹھہرے گا. یہاں تو کوئی ایسا فرق بھی نہیں بخلافِ فاتحہ کہ اُس میں رسمِ ہنود سے تشبّہ اُسی کو سُوجھے گا جو قرآنِ عظیم و وید میں فرق نہ کرے گا۔"

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ تشریف آوری کے بعد اسی مدینہ طیبہ میں آپ کے دُنیا سے تشریف لے جانے کا منظر کھینچتے ہیں:۔

(ب)

"ایک دن آج ہے کہ اُس محبوب کی رخصت ہے مجلسِ آخری وصیت ہے. مجمع تو آج بھی وہی ہے. بچوں سے بوڑھوں تک، مردوں سے پردہ نشینوں تک، سب کا ہجوم ہے. ندائے بلال سنتے ہی چھوٹے بڑے سینوں سے دل کی طرح بے تابانہ نکلے ہیں. شہر بھر نے مکانوں کے دروازے کھلے چھوڑ دیئے ہیں. دل کمہلائے ہوئے مرجھائے، دن کی روشنی دھیمی پڑگئی کہ آفتاب جہاں تاب کی وداع نزدیک ہے. آسمان پژمردہ، زمین افسردہ، جدھر دیکھو سناٹے کا عالم اتنا اژدحام ہو کا مقام، آخری نگاہیں اُس محبوب کے روئے حق نما

Marfat.com

تک کس حسرت و یاس کے ساتھ جاتی اور ضعفِ نومیدی سے ہلکان ہو کر بیخودانہ قدموں پر گر جاتی ہیں. فرطِ ادب سے لب بند مگر دل کے دھوئیں سے صدا بلند:-

(۲۷)

"حسام الحرمین" (۱۳۲۴ھ) مولانا احمد رضا خان قدس سرہٗ کی مشہور و معروف کتاب ہے. اس میں ایک جگہ حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت و رافت کا نقشہ کھینچتے ہوئے لکھتے ہیں:-

(الف)

"اے وہ، وہ ہیں کہ تم چادر تان کر، شام سے خرّاٹے لیتے صبح کی خبر لاتے ہو، تمہارے درد ہو، کرب ہو، بے چینی ہو، کروٹیں بدل رہے ہو ــــــ ماں، باپ، بھائی، بیٹا، بی بی، اقربا، دوست، آشنا دو چار راتیں کچھ جاگے ہوئے آخر تھک تھک جا پڑے اور جو نہ اٹھے وہ بیٹھے اونگھ رہے ہیں، نیند کے جھونکے آ رہے ہیں ــــــ اور وہ پیارا، بے گناہ، بے خطا ہے کہ تمہارے لیئے راتوں جاگا کیا، تم سوتے اور وہ زار و زار رو رہا ہے. روتے روتے صبح کر دی ہے کہ اے میرے رب میری امت! میری امت."

(۲۸)

امام احمد رضاؒ کی سیاسی بصیرت اپنی مثال آپ تھی. آپؒ نے ایک رسالہ بعنوان "دوام العیش"، ۱۹۲۰ء میں تحریر فرمایا. اُس میں ایک جگہ ابو الکلام آزاد کے خیالات

Marfat.com

پر تنقید کرتے ہوئے لکھتے ہیں :۔

(الف)

"ترکوں کی حمایت تو محض دھوکے کی ٹٹی ہے۔ اصل مقصود بغلامی ہنود سوراج کی چکی ہے۔ بڑے بڑے لیڈروں نے جس کی تصریح کر دی ہے۔ بھاری بھرکم خلافت کا نام لو، عوام بھڑکیں، چندہ خوب ملے اور "گنگا وجمنا کی مقدس زمین" آزاد کرنے کا کام چلے"۔

(ب)

"معلوم تھا کہ کر تو کچھ نہیں سکتے۔ نہ خود نہ وہ۔ خالی چیخ پکار کا نام حمایت رکھنا ہے۔ اہل عقل و دین۔ اوّل تو غوغائے بے ثمر خود ہی عبث جان کر صرف توجہ الی اللہ پر قانع رہیں گے اور اگر شاید شرکت چاہیں تو انہیں مذہب اہل سنت ہر شے سے زیادہ عزیز ہے —— مذہب ہی ان کے نزدیک چیز ہے —— لہذا ایسے لفظ کی چلاہٹ ڈالو جو خلافِ مذہب اہلِ سنت ہو کہ وہ شریک ہوتے ہوں تو نہ ہوں اور کہنے کو موقع مل جائے کہ دیکھئے انہیں مسلمانوں سے ہمدردی نہیں۔ یہ تو معاذ اللہ نصاریٰ سے ملے ہوئے ہیں تاکہ عوام ان سے بھڑکیں اور دیوبندیت و وہابیت کے پنجے جمیں"۔

(ج)

"بعد حمد و صلوٰۃ حضراتِ کرام اخوانِ اہلسنت و جماعت سے گذارش۔ اگرچہ چہرۂ پُرنور ماہتابِ صدق پر کذابوں کے کذب کی نہایت وحشت ناک تیرگیاں چھائیں —— اور روئے آفتاب حق پر

Marfat.com

باطل کی سخت بھیانک اور خوفناک تاریکیاں اور کالی کالی ڈراؤنی بدلیاں آئیں ــــ مگر ہمارے قلوب بفضلہ تعالیٰ مطمئن تھے ــــ ہم سمجھے ہوئے تھے کہ یہ بھی کچھ دُور کی ہوا ہے ــــ جو دم میں ہوا ہے۔ آخر کار وہی ہوا جس کا ہمیں شدّت سے انتظار تھا۔ وہ دن آ ہی گیا کہ وہ تیرگی دُور اور تاریکی کافور ہوئی۔ اور ایک عالم نے دیکھ لیا کہ حق یہ ہے ــــ اور باطل وہ تھا جو اُس کے حضور جم نہ سکا۔ پتا توڑ بھاگا۔ کب تک باطل حجابِ حق کو چھپاتے۔ تابکے جھوٹے نقاب صدق کی آڑ کر سکتے۔ آخر حق کی شعاعوں نے ان باطل پردوں کو خاکستر کر ہی دیا۔ جھوٹے نقابوں کو جلا ہی ڈالا اور دُنیا کو اپنا جلوۂ جہانتاب دکھا ہی دیا۔"

ابو الکلام آزاد سے متعلق امام احمد رضاؔ ارشاد فرماتے ہیں:۔

(د)

"کسی پرچہ اخبار کی ایڈیٹری اور چیز ہے اور حدیث و فقہ کا سمجھنا اور وہ مِنْ کا ترجمہ "سے" اور اِلٰی کا ترجمہ "تک" کر لینے سے نہیں آتا۔ اگر ضمیر قریش کی طرف ہوتی تو اثنان کی جگہ احد فرمایا جاتا یعنی جب تک ایک قریشی بھی رہے۔"

(س)

"سلطان کافر کش دین پرور اورنگ زیب عالمگیر محی الملتہ والدین محمد عالمگیر بادشاہ غازی انار اللہ تعالےٰ برہانہٗ اگر آپ کے نزدیک اس جرم پر کہ متشرع تھے اور کفار پر غلظت رکھتے

۔ نااہل تھے تو اکبر تو نالائق نہ تھا جو آپ ہی کا ہم مشرب اور اتحادِ مشرکین کا دلدادہ تھا۔ غرض پیشگوئی بتا کر تکذیبِ حدیث کے سوا مسٹر کو کچھ مفر نہیں۔"

(۲۹)

## اسماع الاربعین
## فی
## شفاعتہ سید المحبوبین (۱۳۰۵ھ)

کسی نے امام احمد رضا خاں قدس سرہٗ سے سوال کیا کہ "نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا شفیع ہونا کس حدیث سے ثابت ہے؟" امام احمد رضا خاں قدس سرہٗ نے اس کا جواب نہایت ہی مدلل آیت قرآنیہ اور احادیثِ مقدسہ سے دیا۔ جواب کے شروع میں آپ فرماتے ہیں:۔

(الف)

"سبحان اللہ ایسے سوال سُن کر کتنا تعجب آتا ہے کہ مسلمان و مدعیان سنیّت ــــــ اور ایسے واضح عقاید میں تشکیک کی آفت ــــــ یہ بھی قربِ قیامت کی ایک علامت ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔"

"احادیثِ شفاعت بھی ایسی چیز ہیں جو کسی طرح چھپ سکیں۔ بیسیوں صحابہ، صدہا تابعین، ہزارہا محدثین، اُن کے راوی۔ احادیث کی ہر گونہ کتابیں صحاح، سنن، مسانید، معاجیم، جوامع مصنفات اُن سے مالامال ــــــ اہلِ سنّت کا ہر متنفس

Marfat.com

یہاں تک کہ زنان واطفال ــــــ بلکہ دہقانی جہال ــــــ بھی اس عقیدے سے آگاہ۔ خدا کا دیدار ــــــ محمد کی شفاعت ــــــ ایک ایک بچے کی زبان پر جاری۔ صلی اللہ علیہ وسلم وبارک"

(ب)

"نہیں نہیں۔ اُن کے رب کی قسم جس نے اُنہیں شفیع المذنبین کیا۔ اُن کی شفاعت ہم جیسے روسیاہوں، پُرگناہوں، سیہ کاروں ستم گاروں کے لیئے ہے جن کا بال بال گناہوں میں بندھا ہے۔ جن کے نام سے گناہ بھی ننگ وعار رکھتا ہے۔ تر سم آلود ہ شود دامنِ عصیاں از من"

## (۳۰)

## اتیان الارواح

۱۳۲۱ھ

(الف)

"غرض محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل ماننے کو تو جب تک حدیث قطعی نہ ہو بخاری و مسلم بھی مردود ــــــ اور معاذ اللہ حضور کی تنقیصِ فضائل کے لیئے بے اصل، بے سند، بے سرو پا حکایت مقبول و محمود ــــــ اور پھر دعوائے ایمانِ امانت و دین و دیانت بدستور موجود۔"

Marfat.com

(۳۱)

(الملفوظ امام احمد رضا) میں ایک جگہ یہ عبارت درج ہے کہ پڑھ کر امام احمد رضاؒ کی روانئ بیان و سلاستِ زبان کی داد دیئے بغیر چارہ نہیں. فرماتے ھیں:۔

(الف)

"دل میں کیا، برملا فحش گالیاں دیتے ہیں، بعض خبثاء تو مغلظات سے بھرے ہوئے بیرنگ خطوط بھیجتے ہیں. پھر ایک نہیں اللہ اعلم کتنے آتے ہیں مجھے اس کی پرواہ نہیں. اس سے زیادہ میری ذات پر حملہ کریں. میں تو شکر کرتا ہوں کہ اللہ عزّوجلّ نے مجھے دینِ حق کی سپر بنایا کہ جتنی دیر وہ مجھے کوستے، گالیاں دیتے، بُرا بھلا کہتے ہیں اتنی دیر اللہ و رسول جل جلالہٗ وصلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی توہین و تنقیص سے باز رہتے ہیں ادھر سے کبھی اس کے جواب کا وہم بھی نہیں ہوتا اور نہ کچھ بُرا معلوم ہوتا ہے کہ ہماری عزّت اُن کی عزّت پر نثار ہونے کے لیئے ہے۔ بلکہ اُن پر نثار ہونا ہی عزّت ہے. قرآن شریف میں ارشاد فرمایا:۔ لَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ اَذًى كَثِيْرًا ؕ اور تم مشرکوں اور اگلے کتابیوں سے بہت کچھ بُرا سنو گے. بڑے بڑے آئمہ مجتہدین وصحابہ وتابعین تو مخالفین کے سبّ وشتم سے بچے نہیں. یہ درکنار. جب اللہ واحدِ قہار اور اُس کے پیارے حبیب ومحبوب احمدِ مختار صلی اللہ علیہ وسلم کی شان گھٹانا

چاہیں، انہیں عیب لگائیں تو اور کوئی کس گنتی میں"

(۳۲)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ کی زبان فیض ترجمان سے بارہویں شریف کی محفل میلادِ مبارک صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک تقریر سے ایک عبارت پیش کی جا رہی ہے۔ ملاحظہ ہو۔

(الف)

"جب زمانۂ ولادت شریف کا قریب آیا۔ تمام ملک و ملکوت میں میلاد تھی۔ عرش پر محفلِ میلاد تھی، فرش پر محفلِ میلاد، ملائکہ میں مجلسِ میلاد ہو رہی تھی۔ خوشیاں مناتے حاضر آئے ہیں سر جھکائے کھڑے ہیں۔ جبرئیل و میکائیل حاضر ہیں۔ (علیہم الصلوٰۃ والسلام) اُس دولہا کا انتظار ہو رہا ہے۔ جس کے صدقے میں یہ ساری برات بنائی گئی ہے۔ سبع سماوات میں عرش و فرش پر دھوم ہے۔ ذرا انصاف کرو۔ تھوڑی سی مجازی قدرت والا اپنی مراد کے حاصل ہونے پر جس کا مدت سے انتظار ہو۔ اب وقت آیا ہے کیا کچھ خوشی کا سامان نہ کرے گا۔ وہ عظیم مقتدر جو چھ ہزار برس پیشتر بلکہ لاکھوں برس سے ولادتِ محبوب کے پیش خیمے تیار فرما رہا ہے اب وقت آیا ہے کہ وہ مراد المرادین ظہور فرمانے والے ہیں۔ یہ قادر علیٰ کل شیء کیا کچھ خوشی کے سامان مہیا نہ فرمائے گا۔ شیاطین کو اُس وقت جلن ہوئی تھی اور اب بھی جو شیاطین ہیں جلتے ہیں اور

Marfat.com

ہمیشہ جلیں گے۔ غلام تو خوش ہو رہے ہیں۔ اُن کے ساتھ تو ایسا دامن آیا کہ یہ گر رہے تھے اُس نے بچا لیا۔ ایسا سنبھالنے والا مولا کہ اُس کی نظیر نہیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔"

اسی تقریر میں ایک اور موقع پر فرماتے ہیں:۔

(ب)

"قسم اُس کی جس نے انہیں رحمتہ اللعالمین بنایا۔ آج وہ ایک ایک کا بند کمر پکڑے اپنی طرف کھینچ رہے ہیں کہ دوزخ سے بچائیں۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ الحمد للہ کیا حامی پایا۔ اربوں سے بھی اربوں مراتب زائد، گرنے والوں کو ایک اشارہ کفایت کر رہا ہے تو ایسے کہ پیدا ہونے کا ابلیس اور اُس کی ذریت کو جتنا غم ہو تھوڑا ہے۔ پہاڑوں میں ابلیس اور تمام مردہ سرکش قید کر دیئے گئے تھے۔ اُسی کے پیرو اب بھی غم کرتے ہیں، خوشی کے نام سے مرتے ہیں۔ ملائکہ سبع سماوات دھوم مچا رہے تھے۔ عرش عظیم ذوق و شوق میں ہلتا تھا۔ ایک عَلَم مشرق اور دوسرا مغرب اور تیسرا بام کعبہ پر نصب کیا گیا اور بتایا گیا کہ ان کا دارالسلطنت کعبہ ہے اور اِن کی سلطنت مشرق سے مغرب تک۔ تمام جہان انہیں کی سلطنت، انہیں کی قلمرو میں داخل ہے۔"

## (۳۳)

مولانا مولوی ظفر الدین صاحب نے ۱۸ صفر ۱۳۳۸ھ کو مولانا احمد رضا خان قدس سرہ کو ایک مراسلہ بھیجا جس میں تحریر تھا کہ "بانکی پور سے ایک

Marfat.com

انگریزی اخبار نکلتا ہے جس کا نام ایکسپریس ہے۔ اس کے ۱۸ اکتوبر کے پرچہ میں امریکہ کے البرٹ نامی منجم نے ایک پیش گوئی شائع کرائی ہے کہ ۱۷ دسمبر ۱۹۱۹ء کو سبع سیارے برج واحد میں جمع ہوں گے جس سے طوفان عظیم پیدا ہوگا۔ آفتاب میں ایک بڑا داغ سا ہوگا۔ بڑے زلزلے ہوں گے۔ ممالک متحدہ امریکہ آئندہ دسمبر میں بڑے خوفناک موسمی طوفان آب سے صاف کر دیا جائے گا وغیرہ وغیرہ۔"

چنانچہ مولانا ظفرالدین صاحب نے مذکورہ اخبار کا تراشہ مولانا احمد رضا خاں قدس سرہ کی خدمت میں بھیج دیا اور ساتھ ہی جناب شاہ نعمت اللہ ولی کی کلیات صفحہ ۳۵ کے چند اشعار بھی لکھ کر روانہ کر دیئے اور اعلیٰحضرت سے درخواست کی کہ اس ناقص پیش گوئی کا رد فرما کر لوگوں کی پریشانی کا سدِ باب کیجئے۔ مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ نے اس تراشے کا ترجمہ کرایا اور اس کے رد میں ایک بسیط و مدلل جواب لکھا اور اس کو "معین مبین بہر دور شمس و سکون زمین" ۱۳۳۸ھ کے نام سے شائع کرایا اس میں سے کچھ عبارات پیش کی جاتی ہیں:۔

(الف)

" یہ کلام " اسلامی " اصول پر تھا اب کچھ " عقلی " بھی لیجئے۔ یہ کہنا کہ دو ہزار برس سے ایسا اجتماع نہ دیکھا گیا بلکہ جب سے کواکب کی تاریخ شروع ہوئی ہے نہ جانا گیا۔ محض جزاف ہے۔ مدعی اس پر دلیل رکھتا ہے تو پیش کرے ورنہ روزِ اول کو الگ در کنار دو ہزار برس کے تمام زیجات بالاستیعاب اس نے مطالعہ کیئے اور ایسا اجتماع نہ پایا۔ یہ بھی یقیناً نہیں۔ تو دعویٰ بے دلیل باطل و ذلیل۔ اور یورنیس و نیپچون تو اب ظاہر ہوئے ، اگلے

Marfat.com

زیجات میں اُن کا پتہ کہاں ہے مگر یہ اوساط موجودہ سے بطریق تفریق ان کے ہزاروں سال کے اوساط نکالے ہوں یہ بھی ظاہر النفی ہے اور دعوی محض ادعا. کیا سب کواکب نے آپس میں صلح کر کے آزارِ آفتاب پر ایکا کر لیا ہے. یہ محض باطل ہے بلکہ مسئلہ جاذبیت اگر صحیح ہے تو اس کا اثر سب پر ہے اور قریب تر پر قوی تر اور ضعیف تر پر شدید تر اور ہر ار کو اوساطِ کواکب کا نقشہ یہ ہے اور ظاہر ہے کہ آفتاب ان سب سے ہزار درجے بڑا ہے جب اتنے بڑے پر ۶ کی کھینچ تان اُس کا منہ زخمی کرنے میں کامیاب ہو گی تو زحل کہ اس سے نہایت صغیر و حقیر ہے پانچ کی کشاکش اور ادھر سے یورینس کی مارا مار یقیناً اُسے فنا کر دینے کو کافی ہو گی اور اُس کے اعتبار سے ان کا فاصلہ بھی اور تنگ. صرف ۲۵، درجے ہے. مریخ زحل سے بھی بہت چھوٹا ہے اور اس کے لحاظ سے فاصلہ بھی کم. فقط ساڑھے چوبیس درجے. تو یہ پانچ ہی مل کر اُسے پاش پاش کر دیں گے۔"

(ب)

کتاب میں آخری عبارت پیش کرتے ہیں. ملاحظہ ہو:-

"بالفرض یہ سب کچھ سہی. پھر آفتاب کے داغوں کو زمین کے زلزلوں، طوفانوں، بجلیوں، بارشوں سے کیا نسبت ہے؟ کیا یہ احکام منجموں کے لیئے بے سروپا خیالات کے مثل نہیں کہ فلاں گرہ یا جوگ یا نچھتر کے اثر سے دنیا مین

Marfat.com

یہ حادثات ہوئے جس کو تم بھی خرافات سمجھتے ہو اور واقعی خرافات ہیں. پھر آفتاب کیا امریکہ کی پیدائش یا وہیں کا ساکن ہے کہ اس کی مصیبت خاص ممالکِ متحدہ کا صفایا کر دے گی. کلُ زمین سے اس کا تعلق کیوں نہ ہوا ؟ بیانِ منجم پر اور مواخذات بھی ہیں مگر ۱۷ دسمبر کے لیئے ۱۷، ہی پر اکتفا کریں. واللہ تعالےٰ اعلم."

## (۳۴)

## الیاقوتۃ الواسطۃ
## قلب عقد الرّابطۃ

۱۳۰۹ھ

یہ رسالہ تصوّرِ شیخ کی محبت سے متعلق ہے.

" خدارا ! ذرا ہٹ دھرمی کی نہیں یہی خدا لگتی کہو تو نہ صرف اشغال بلکہ تمام بحث تعریفِ بدعت کا یہیں خاتمہ ہو گیا اب کیا ہوئے وہ قرونِ ثلثہ کی تخصیص پر جبروتی اصرار ـــــ اب کدھر گئی وہ بات بات پر من احدث فی امرنا ھذا مالیس منہ فھو رد اور کل بدعۃ ضلالۃ وکل ضلالۃ فی النار کی تکرار. امام وہابیت کیشاں اور اُن کے حضرات الیشاں تیرھویں صدی میں بیٹھے خاص امرا عظم دین ودجوہ وتقربِ ربُ العالمین میں نئی نئی باتیں گھڑ رہے ہیں جن کا خود اُن کے اقرار سے تین قرن کیا معنی ؟ ؟

Marfat.com

یعنی تین تین چھ اور چھ اور چھ بارہ قرن تک نام ونشان نہیں.
لیکن نہ وہ بدعتی ٹھہرتے ہیں اور نہ ہی اُن کے اصل ایمان میں
خلل آتا ہے ——— نہ اُن کے لیئے اصحاب البدع
کلاب اھل النار پڑھا جاتا ہے. نہ یہ باتیں ہر دو ضلالت و
فی النار ہوتی ہیں“

## (۳۵)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہ کی ایک مایہ ناز تصنیف جس کا نام ہے
”صلاۃ الصفاء فی نور المصطفیٰ“ اس میں مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ
نے احادیث کی روشنی میں ثابت کیا ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم
اللہ تعالےٰ کے نور سے اور اُن کے نور سے باقی مخلوقات. اس میں سے
ایک عبارت نقل کی جاتی ہے.

### الف

”بکر نے جو کہا کہ وہ دفعِ خیال ضلال عمرو کے لیئے کافی ہے
شمع سے شمع روشن ہو جاتی ہے. بے اس کے کہ اُس شمع
سے کوئی حصہ جُدا ہو کر یہ شمع بنے. اس سے بہتر آفتاب اور
دھوپ کی مثال ہے کہ نورِ شمس نے جس پر تجلی کی وہ روشن
ہو گیا اور ذاتِ شمس سے کچھ جُدا نہ ہوا. مگر ٹھیک مثال
کی وہاں مجال نہیں. جو کہا جائے گا ہزار در ہزار وجوہ پر
ناقص و ناتمام ہو گا. بلاشبہ طریقِ اسلم قولِ خالد ہے اور یہی
مذہب آئمہ سلف رضی اللہ تعالےٰ عنہم اجمعین ہے“

Marfat.com

کسی نے مسئلہ دریافت کیا کہ آیا تمام مخلوقات انسان کا یہ حال ہے کہ غلاظت آلودہ پیدا ہوتے ہیں مگر خدائے تعالےٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ان سب باتوں سے محفوظ رکھا اور تمام مخلوقات پر اُن کو بزرگی عطا فرمائی۔ اس کے جواب میں مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ نے جو کچھ لکھا اُس میں سے ایک ٹکڑا یہاں درج کیا جاتا ہے۔

(ب)

"نجاست سے آلودہ پیدا ہونے میں سب مخلوق شریک نہیں۔ تمام انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام پاک و منزّہ پیدا ہوئے۔ بلکہ حدیث سے ثابت ہے کہ حضرت حسنین رضی اللہ عنہما بھی صاف ستھرے پیدا ہوئے۔ نور کے معنی فضل کے نہیں، مثال سمجھانے کو ہوتی ہے: ہر طرح برابری بتانے کو۔ قرآنِ کریم میں نورِ الٰہی کی مثال دی کَمِشْکوٰۃٍ فِیہَا مِصْبَاحٌ۔ کہاں چراغ اور قندیل اور کہاں نورِ ربِّ جلیل۔ یہ مثال وہابیہ کے اِس اعتراض کے دفع کو تھی کہ نورِ الٰہی سے نورِ نبویؐ پیدا ہوا تو نورِ الٰہی کا ٹکڑا جدا ہونا لازم آیا۔ اُسے بتایا گیا کہ چراغ سے چراغ روشن ہوتے ہیں اِس کا ٹکڑا اکٹ کر اُس میں نہیں آجاتا۔ جب یہ فانی نور اپنے نور سے دوسرا نور روشن کر دیتا ہے تو اُس نور کا کیا کہنا کہ نور سے نور پیدا ہونے کو تمام و روشنی میں مساوات بھی ضرور نہیں چاند کا نور آفتاب کی ضیاء سے ہے۔ پھر کہاں وہ اور کہاں یہ۔ علمِ ہیئات میں بتایا گیا ہے کہ چودھویں رات کے کامل چاند

Marfat.com

کے برابر نوے ہزار چاند ہوں تو روشنیٔ آفتاب تک پہنچیں گے "

نور کے مسئلہ پر کیا خوب فرمایا۔ ملاحظہ کیجئے۔ اور بیان وزبان اور ادئیگی پر قربان جایئے۔ فرماتے ہیں۔

" نور عرفِ عامہ میں ایک کیفیت ہے کہ نگاہ پہلے اُسے ادراک کرتی ہے اور اس کے واسطے سے دیگر اشیائے دیدنی کو اور حق یہ کہ نور اس سے اجلی ہے کہ اُس کی تعریف کی جائے یہ جو بیان ہوا تعریف الجلی بالخفی ہے۔ "

(ج)

" عین! عین ذاتِ الٰہی سے پیدا ہونے کے یہ معنی نہیں کہ معاذاللہ ذاتِ الٰہی ذاتِ رسالت کے لیئے مادہ ہے جیسے انسان مٹی سے پیدا ہوا۔ یا عیاذاباللہ ذاتِ الٰہی کا کوئی حصہ یا کُل ذاتِ نبی ہوگیا۔ اللہ عزوجل حصے اور ٹکڑے اور کسی کیساتھ متحد ہوجانے یا کسی شے میں حلول فرمانے سے پاک و منزّہ ہے۔ حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی شے کو جزءِ ذاتِ الٰہی، خواہ کسی مخلوق کو نفسِ ذاتِ الٰہی ماننا کفر ہے۔ اس تخلیق کے اصل معنی تو اللہ و رسول جانیں۔ عالم میں تو ذاتِ رسول کو کوئی پہچانتا نہیں۔"

(د)

" بہ غرضِ توضیح ایک کمالِ ناقص مثال یوں خیال کیجئے کہ آفتاب نے ایک عظیم وجمیل وجلیل آئینے پر تجلی کی۔

Marfat.com

آئینہ چمک اٹھا اور اُس کے نور سے اور آئینے اور پانیوں کے چشمے اور ہوائیں اور سائے روشن ہوئے۔ آئینوں اور چشموں میں صرف ظہور نہیں بلکہ اپنی اپنی استعداد کے لائق شعاع بھی پیدا ہوئی کہ اور چیز کو روشن کر سکے۔ کچھ دیواروں پر دھوپ پڑی۔ یہ کیفیت نور سے متکیّف ہیں۔ اگرچہ اور کو روشن نہ کریں جن تک دھوپ بھی نہ پہنچی۔ وہ ہوائے متوسط ظاہر کیں جیسے دن میں مسقّف دالان کی اندرونی دیواریں وغیرہا واسطہ در واسطہ کہ کیفیت نور سے بہرہ نہ پایا۔ پہلا آئینہ خود ذاتِ آفتاب سے بلا واسطہ روشن ہے اور باقی آئینے، چشمے اس کے واسطے سے اور دیواریں وغیرہا واسطہ در واسطہ۔ پھر جس طرح وہ نور کہ آئینہ اوّل پر پڑا، بعینہٖ آفتاب کا نور ہے۔ بغیر اس کے کہ آفتاب خود یا اُس کا کوئی حصّہ آئینہ ہو گیا ہو۔ یوں ہی باقی آئینے اور چشمے کہ اس آئینے سے روشن ہوئے اور دیوار وغیرہ اشیاء جن پر ان کی دھوپ پڑی یا صرف ظاہر ہوئیں۔ ان سب پر ہی یقیناً آفتاب کا ہی نور اور اُسی کا ظہور ہے۔ آئینے اور چشمے فقط واسطۂ وصول ہیں۔ اُن کی حدِ ذات میں دیکھو تو یہ خود نور تو نور ظہور سے بھی حصّہ نہیں۔

یک چراغ است دریں خانہ کہ از پرتوِ آں
ہر کجا می نگری انجمنے ساختہ اند

یہ نظیر محض ایک طرح کی تقریبِ فہم کے لیئے ہے۔ جس طرح

Marfat.com

ارشاد ہوا مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ورنہ کجا چراغ اور کجا وہ نورِ حقیقی۔ توضیح صرف ان دو باتوں کی منظور ہے۔ ایک یہ دیکھو آفتاب سے تمام اشیاء منور ہوئیں۔ بے اس کے کہ آفتاب خود آئینہ ہو گیا یا اس میں سے کچھ جدا ہو کر آئینہ بنا۔ دوسرے یہ ایک آئینہ نفسِ ذاتِ آفتاب سے بلا واسطہ روشن ہے۔ باقی بوسائط۔ ورنہ حاشا کہاں مثال اور کہاں وہ بارگاہِ جلال۔ باقی اشیاء سے کہ مثال میں بالواسطہ منور مانیں آفتاب حجاب میں ہے اور اللہ عزوجل احتیاج سے پاک بغرض کسی بات میں نہ تطبیق مراد نہ ہرگز ممکن۔ حتیٰ کہ نفسِ وساطت بھی یکساں نہیں۔ كَمَا لَا يَخْفٰى وَقَدْ اَشَرْنَا اِلَيْهِ۔

(س)

"نورِ احدی تو نورِ احدی پر بھی آفتاب کی یہ مثال چراغ سے احسن واکمل ہے۔ ایک چراغ سے بھی اگرچہ ہزار چراغ روشن ہو سکتے ہیں۔ بے اس کے کہ ان چراغوں میں اس کا کوئی حصہ آئے۔ دوسرے چراغ حصولِ نور میں اسی چراغ کے محتاج ہوتے۔ بقا میں اس سے مستغنی ہیں۔ اگر انہیں روشن کر کے پہلے چراغ کو ٹھنڈا کر دیجئے اُن کی روشنی میں فرق نہ آئے گا نہ روشن ہونے کے بعد ان کو اس سے کوئی مدد پہنچ رہی ہے۔ معہذا کسبِ نور کے بعد اُن میں اور اُس چراغِ اول میں کوئی فرق نہیں رہتا۔ سب یکساں معلوم ہوتے ہیں۔ بخلاف نورِ محمدی صلی اللہ تعالےٰ

Marfat.com

علیہ وسلم کہ عالم جس طرح اپنی ابتدائے وجود میں اس کا
محتاج تھا کہ وہ نہ ہوتا تو کچھ نہ بنتا۔ یونہی ہر شے اپنی بقاء
میں اس کی دستِ نگر ہے۔ آج اُس کا قدم درمیان سے
نکال تو عالم دفعۃً فنائے محض ہو جائے۔ ؎

وہ جو نہ تھے تو کچھ نہ تھا، وہ جو نہ ہوں تو کچھ نہ ہو
جان ہیں جہان کی، جان ہے تو جہان ہے"

(ص)

"یہاں دو اضافتیں ہیں۔ نورِ نبی، نورِ خدا۔ اور مشتہر کے
نزدیک اضافت میں مغائرت شرط ہے۔ تو نورِ نبی غیرِ نبی
ہوا اور نورِ خدا غیرِ خدا۔ اور غیرِ خدا جو کچھ ہے مخلوق ہے
تو نورِ خدا مخلوق ہوا اور اُس نور سے نورِ نبی بنا تو ضرور نورِ خدا
نورِ نبی سے پہلے مخلوق تھا۔ اور نورِ نبی باقی سب اشیاء سے
پہلے بنا اور اشیاء میں خود نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی
ہیں تو نورِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دو نور مخلوق ہوئے
یہ محض باطل ہے۔"

(۳۶)

مولانا احمد رضا خان قدس سرہٗ کی ایک تصنیفِ لطیف "نفی الفئ
عمن انار بنورہ کل شیٔ" ہے جس میں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم
کا سایہ نہ ہونے پر آپؒ نے بڑی مدلل بحث کی ہے۔ اس کتاب میں سے
ایک عبارت پیش کی جاتی ہے

Marfat.com

(الف)

"حضور نے فرمایا کہ سب سے زیادہ مجھ کو عزیز اور پیارا جاننے والا ہی مومن ہو سکتا ہے اور آفتاب نیم روز کی طرح روشن کہ آدمی ہمہ تن اپنے محبوب کے نشر فضائل و تکثیر مدائح میں مشغوف رہتا ہے۔ سچی فضیلتوں کو مٹانا اور شام و سحر نفی محاسن کی فکر میں رہنا دشمن کا کام ہے نہ کہ دوست اور محب کا۔ جانِ برادر کبھی تم نے سُنا ہے کہ تیرا محبوب تجھ کو منانے کی فکر میں ہے اور پھر محبوب بھی کیا۔ جانِ ایمان و کانِ احسان۔ جسے اس کے مالک نے تمام جہان کے لیئے رحمت بنا کر بھیجا اور اُس نے تمام عالم کا بارِ تنِ نازک پر اٹھا لیا۔ تمہارے غم میں دن کا کھانا اور رات کا سونا ترک کر دیا۔ تم رات دن لہو و لعب اور اُس کی نافرمانیوں میں مشغول اور وہ شب و روز تمہاری بخشش کے لیئے گریاں و ملول۔ جب وہ جانِ رحمت و کانِ رافت پیدا ہوا، دربارِ الٰہی میں سجدہ کیا اور رَبِّ هَبْ لِی اُمَّتِی فرمایا۔ اور جب قبر شریف میں اتارا تو لبِ جاں بخش کو جنبش دی، بعض صحابہ نے کان لگا کر سنا تو آہستہ آہستہ اُمَّتِی اُمَّتِی فرماتے تھے۔"

(ب)

"وائے بے انصافی! ایسے غم خوار پیارے کے نام پر جان صد نثار اور اس کی مدح و ستائش پر نشر فضائل سے

آنکھوں کو روشنی اور دل کو ٹھنڈک دینا واجب ہے، یا یہ کہ حق الوسع روشن چاند پر خاک ڈالے اور بے سبب اُن کی سچی اور روشن خوبیوں میں خواہ مخواہ انکار نکالے۔ اے عزیز! چشمِ خورد بین میں سرمۂ انصاف لگا اور گوشِ قبول سے پنبۂ اعتساف نکال پھر یہ تمام اہلِ اسلام بلکہ ہر مذہب و ملّت کے عقلاء اور دانشمندوں سے پوچھنا۔ پھر اگر ایک منصفِ ذی عقل بھی تجھ سے کہہ دے کہ نشرِ محاسن و تکثیرِ مدائح نہ دوستی کا مقتضا، نہ رَدِّ فضائل و نفیِ کمالات غلامی کے خلاف۔ تو تجھے اختیار ہے۔ ورنہ خدا اور رسول سے شرما اور اِس بے جا حرکت سے باز آ۔ یقین جان کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خوبیاں تیرے مٹانے سے ہرگز نہ مٹیں گی۔"

(۳۷)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ کی ایک کتاب "وصّاف الرجیح فی بسملۃ التراویح" تصنیفِ لطیف ۱۳۱۲ھ ہے جس میں آپ نے دلائل سے ثابت کیا ہے کہ نماز میں بسم اللہ شریف بآواز بلند پڑھنا مطلقاً مکروہ ہے۔ اس کتاب کے صفحہ ۳۹ پر ایک عبارت ہے جس کو یہاں پیش کیا جاتا ہے۔

(الف)

"یہ آپ فتوے لکھ رہے ہیں یا کوئی اپنی خانگی پنچایت۔ قاری صاحب کا فرمان حدیث ہے یا آیت یا فقہی روایت۔ کون سی شرعی حجّت۔ ثبوت تو دیکھیے کہ مذہب حفص تمام سورتین جزئیت

Marfat.com

بسامل تھا۔ بلکہ پہلے اس سے چلیئے کہ امام حفص کو منصب اجتہاد حاصل تھا۔ مسئلہ اجتہادیہ ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو اپنے فتوے میں ذکر فرمان پانی پت تک جو کچھ لکھا سب پر پانی پھیر دیئے۔ اور اگر ہاں تو آپ اجتہادیات میں امامِ اعظم ملت امام ائمہ امت کے مقلد ہیں یا مجتہد العصر پانی پت کے۔ یا بتابع ہو تقلید امام کو آگ دکھانا پانی پت کی خاک پر دھونی رمانا کس نے مانا اور یوں بھی سہی تو آپ کو اپنی ذات کا اختیار مسلم۔ حنفیہ کو ان کے خلاف امام فتویٰ بتانا کیسا ستم۔ افسوس کہ آپ نے اول تو تقلید شخصی کو ایسا چھوڑا کہ سب مذہب بجا۔ سب پر عمل روا۔ آخر میں پکڑا تو ایسا پکڑا کہ امام کا اتباع متروک ومہجور۔ اور تقلید پانی پت کی پت رکھنی ضرور۔ اس شتر گربگی کی کیا سند؟"

(۳۸)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ نے حج وزیارت وعمرہ کی ترکیب کامل، حاجیوں، زائروں کے نافع مسائل سلیس اردو میں نفیس رسالہ کی صورت میں تحریر فرمائے " النیرۃ الوضیہ شرح الجواہرۃ المضیہ" کتاب کے شروع میں فرماتے ہیں۔

" بعد حمد وصلوٰۃ کے واضح ہو کہ جب توفیق وعنایت الٰہی و اعانت حضرت رسالت پناہی علیہ الصلوٰۃ والسلام الغیر المتناہی نے دستگیری فرمائی اور ۱۲۹۵ھ میں فقیر سراپا تقصیر

Marfat.com

عبد المصطفیٰ احمد رضا حنفی قادری برکاتی بریلوی غفر اللہ لہٗ
ماجنا کو بہمراہی رکاب، سعادتِ انتساب ——
نعمت حاضری بلدۂ عظمیٰ مکۂ مکرّمہ ہاتھ آئی“

(الف)

”حسنِ اتفاق سے ایک روز جناب مولانا سیّدی حسین بن صالح جمل اللیل علوی فاطمی قادری مکیؒ، امام و خطیب شافعیہ سے مقامِ ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے قریب کہ فقیر رکعاتِ طواف اور وہ جناب امامتِ نمازِ مغرب سے فارغ ہوئے تھے۔ ملازمت حاصل ہوئی۔ سبحان اللہ عجب بزرگ خوش اوقات دبابرکات ہیں اکثر عرب وجادہ وداغستان وغیرہا بلاد نزدیک ودُور کے ہزاروں آدمی اُن کے بلکہ اُن کے مریدوں کے مرید —— اور شرفِ بعیت وسلسلۂ تلمذ سے مستفید ہیں۔ اوّل نیاز میں حد سے زائد لطف فرمایا۔ فقیر کا ہاتھ اپنے دستِ مبارک میں لیئے دولت خانہ تک کہ نزدیک بابِ صفا واقع ہے، لے گئے۔ اور تا قیام مکۂ معظمہ حاضری کا تقاضا فرمایا۔ فقیر حسبِ وعدہ حاضر ہوا۔ مسائل حج میں ایک ارجوزہ اپنا مسمّٰی بالجوہرۃ المفیدہ فقیر کو سُنایا۔ پھر فرمایا اکثر اہلِ ہند اس سے مستفیض نہیں ہوسکتے۔ ایک تو زبان عربی، دوسرے مذہب شافعی۔ اور ہندی اکثر حنفی۔ میں چاہتا ہوں تو اس کی بزبانِ اردو تشریح اور

Marfat.com

اُس میں مذاہبِ حنفیہ کی توضیح کر دے۔ فقیر نے باعثِ اجر جسزیل وثوابِ جمیل سمجھ کر قبول کیا۔"

(ب)

اسی میں آخر میں فرماتے ہیں۔

"قولِ تکفیر کی نفیس تقریر عمدہ توجیہ مع جواب وجیہ فقیر غفر اللہ تعالےٰ لہٗ نے بتوفیق اللہ تعالےٰ اصل فتویٰ میں ذکر کی یہاں اسیقدر کافی۔ مولیٰ تعالےٰ صدقہ اپنے حبیب کریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کا اُن کی سچی محبت اور سچا ادب بخشے اور انہیں کی محبت وتعظیم وادب وتکریم پر دنیا سے اٹھائے۔ اور اپنے کرمِ عمیم وفضلِ عظیم سے دنیا وآخرت میں ان کی زیارت سے مشرف وبہرہ مند فرمائے۔ آمین۔ آمین یا ارحم الراحمین۔ وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ سید المرسلین۔ محمد وآلہٖ وصحبہٖ اجمعین۔ آمین۔ واللہ تعالےٰ اعلم وعلمہٗ جلمجدہ اتم واحکم۔"

## (۳۹)

مولانا احمد رضا خان قدس سرہٗ کی ایک کتاب "مزارات پر عورتوں کی حاضری" جس کا نام تاریخی ہے (۱۳۳۹ھ) جمل النور نی نھی النسآء عن زیارۃ القبور مولوی حکیم عبد الرحیم مدرسِ اول مدرسہ قادریہ احمد آباد گجرات محلہ جمال پور ۲۸ صفر ۳۹ھ نے فتویٰ پوچھا جس میں بحر الرائق وتصیح المسائل مولانا فضل رسول

Marfat.com

صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے عورتوں کے لیئے زیارتِ قبور کو جانے کی اجازت پر زور دیا گیا تھا۔ اس کا جواب مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ نے دیا اُس کے شروع کی عبارت پیشِ خدمت ہے۔

(الف)

"آپ کی دو رجسٹریاں آئیں۔ تین مہینے سے زائد ہوئے کہ میری آنکھ اچھی نہیں تھی۔ میری رائے اس مسئلہ میں خلاف پر ہے۔ مدّت ہوئی اِس بارے میں میرا فتویٰ تحفۂ حنفیہ میں چھپ چکا۔ میں اس رخصت کو جو بحرالرائق میں لکھی ہے مان کر نظر بحالاتِ النساء سوائے حاضری روضۂ انور کہ واجب یا قریب بواجب ہے۔ مزاراتِ اولیاء یا دیگر قبور کی زیارت کو عورتوں کا جانا باتباعِ غنیہ علاّمہ محقق ابراہیم جلبی ہرگز پسند نہیں کرتا خصوصاً اِس طوفانِ بدتمیزی رقص و مزامیر و سرود میں جو آج کل جہّال نے اعراسِ طیبہ میں برپا کر رکھا ہے۔ اس کی شرکت تو میں عوامِ رجال کو بھی پسند نہیں رکھتا کہ وہ جن کو انجشہ رضی اللہ عنہ کی حدی خوانی بالحانِ خوش پر عورتوں کے سامنے ممانعت فرما کر انہیں نازک شیشیاں فرمایا۔ والسّلام"

(ب)

"پھر تابعین ہی کے زمانے سے ائمہ نے ممانعت شروع فرما دی۔ پہلے جوان عورتوں کو۔ پھر بڑھیوں کو بھی۔ پہلے دن میں پھر رات کو بھی۔ یہاں تک کہ حکمِ ممانعت عام ہو گیا۔

Marfat.com

کیا اُس زمانے کی عورتیں گریہ والیوں کی طرح گانے ناچنے والیاں یا فاحشہ دلالہ تھیں۔ اب صالحات ہیں۔ یا جب فاحشات زائد تھیں، اب صالحات زیادہ ہیں؟ یا جب فیوض و برکات نہ تھے اب ہیں؟ یا جب کم تھے اب زائد ہیں؟ حاشا بلکہ قطعاً یقیناً اب معاملہ بالعکس ہے۔ اب اگر ایک صالحہ ہے تو جب ہزار تھیں۔ جب اگر ایک فاسقہ تھی اب ہزار ہیں۔ اب اگر ایک حصّہ فیض ہے جب ہزار حصّے تھا؛"

(۴۰)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرّہٗ نے بعدِ دفنِ میت قبر پر اذان کہنے کے جواز میں ایک فتویٰ مسمّے بہ" ایذان الاجر فی اذانِ القبر" تحریر فرمایا اسی میں سے ایک عبارت پیش کی جاتی ہے۔

(الف)

"بعض علمائے دین نے میت کو قبر میں اتارتے وقت اذان کہنے کو سنّت فرمایا۔ امام ابنِ حجر مکی و علامہ خیرالملتہ والدین رملی استاذ صاحب درمختار علیہم رحمتہ الغفار نے اُن کا یہ قول نقل کیا.......... حق یہ ہے کہ اذانِ مذکور فی السوال کا جواز یقینی ہے ہرگز شرعِ مطہر سے اُس کی ممانعت پر کوئی دلیل نہیں اور جس امر سے شرع منع نہ فرمائے اصلاً ممنوع نہیں ہو سکتا۔ قائلانِ جواز کے لئے اسی قدر

Marfat.com

کافی . جو مدعی ممانعت ہو دلائلِ شرعیہ سے اپنا دعویٰ ثابت کرے پھر بھی مقامِ تبرع میں آکر فقیر غفر اللہ تعالے لہٗ بدلائلِ کثیرہ اس کی اصل شرح مطہر سے نکال سکتا ہے۔ جنہیں بقانونِ مناظرہ اسا نید سوال تصور کیجئے۔"

(۴۱)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ کا ایک فتویٰ " صلاۃ خوانی بعد اذان" میں سے یہ عبارت ملاحظہ ہو۔ ایک ایک لفظ سے عشقِ رسول صلی اللہ تعالے علیہ وسلم جھلک رہا ہے۔ زبان و بیان کی چاشنی قلوب کو منور و تاباں کرتی ہے۔

(الف)

"حضور پُر نور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکرِ اقدس ہر وقت ہر آن ـــــ مسلمانوں کا ایمان ـــــ ایمان کی جان ـــــ جان کا چین ـــــ چین کا سامان ہے تو معلوم ہوا کہ تکثیرِ ذکرِ شریف حضور سید المحبوبین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم حضرت حق تبارک و تعالےٰ کو محبوب اور معاذ اللہ اُن کے ذکر کی کمی اُن کے دشمنوں کی تمنا ـــــ سو قسم اُن کی جس نے اُن کے ذکر کو ابد الآباد تک رفعت بخشی کہ خدا ہی کا چاہا ہو گا ـــــ اور اُن کے دشمنوں کی تمنا کبھی نہ بر آئیگی کروروں اسی امید میں زمین کا پیوند ہو گئے کہ کسی طرح اُن کی یاد میں کمی واقع ہو مگر وہ خود ہی خاک میں ملتے گئے اور اُن کا ذکر تو قیامت تک بلند ہے جس سے ہفت

Marfat.com

آسمان و زمین گونج رہے ہیں۔"

(۴۲)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ نے تصورِ شیخ اور اثباتِ شغلِ برزخ پر ایک رسالہ تصنیف فرمایا جس کا تاریخی نام "الیا قوۃ الواسطہ قلب عقد الرابطہ" ۱۳۰۹ھ ہے۔ رسالہ کے بالکل آخر میں جو عبارت درج ہے پیش کی جاتی ہے۔

(الف)

"اب ملاحظہ ہو کہ یہیں اسی بحث میں شاہ ولی اللہ صاحب کو نہ بڑا حکیم بلکہ سید الحکماء کہا۔ حیث قال "ایں صدیقیت را جناب سید الحکماء۔ سید العلماء اعنی الشیخ ولی اللہ بقرب الوجود تعبیر میفرمائید"۔ اب کیا شک رہا کہ ان کے ایمان پر شاہ صاحب بھی (استغفر اللہ) انہیں چھوٹے رسولوں بوڑھے معصوموں میں ہیں اور اُن کے علوم بھی وحی نہانی سے اُن پر اُترے اور اُن کی سُن چکے کہ وہ انتباہ وغیرہ میں مثالی برزخ کی کیسی کیسی تجویز و تحسین و تلقین کرتے ہیں پھر اس کا انکار نہ ہوگا مگر اپنے ساختہ پیغمبر کا رد کر کے اپنے طور پر کافر ہو جانا غایت یہ کہ ظاہری پیغمبر کا منکر کھلا کافر اور نہانی کا ڈھکا کافر"۔

Marfat.com

(۴۳)

رسالہ "الرضا" ماہ ربیع الآخر ۱۳۳۹ھ نمبر ۴ جلد دوم میں حضرت مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ کی ایک تقریر چھپی ہے جس میں سے یہ تراشہ پیش کیا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو۔

(الف)

"ظہور کسی شے کا جب ایک ترقی محدود تک ہوتا ہے وہ شے نظر آتی ہے اور جب حد سے زیادہ ہو جاتا ہے تو وہ نظر نہیں آتی۔ آفتاب جب افق سے نکلتا ہے سرخی مائل کچھ بخارات و غبارات میں ہوتا ہے۔ ہر شخص کی نگاہ اس پر جمتی ہے۔ جب ٹھیک نصف النہار پر پہنچتا ہے غایت ظہور سے باطن ہو جاتا ہے اب نگاہیں اس پر نہیں ٹھہر سکتیں۔ خیرہ ہو کر واپس آتی ہیں۔ غایت ظہور پر پہنچا جس کی وجہ سے غایت بطون میں ہو گیا۔ آفتاب کہ نام ہے اُن کی گلی کے ایک ذرّہ کا۔ وہ آفتاب حقیقت کہ رب العزّت نے اپنی ذات سے اس کو آئینہ کاملہ بنایا ہے اور اس میں مع ذات وصفات کے تجلّی فرمائی ہے۔ حقیقت اس ذات کی کون پہچان سکتا ہے۔ وہ غایت ظہور سے غایت بطون میں ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔"

(۴۴)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ نے "مناد" کے مخرج کی دافع تحقیق

Marfat.com

کے متعلق ایک رسالہ " الجام الصاد عن سنن الضاد" تحریر فرمایا ۱۳۱۷ھ
یہ تراشہ اُسی میں سے لیا گیا ہے۔

(الف)

"مگر علمائے وہابیہ کو کہاں تاب کہ عجز و جہل کے طعنے سہیں۔ دقتوں دشواریوں کی کشاکش میں رہیں۔ وہاں تو مذہب کی بنا ہی آرام پروری پر ہے۔ تراویح کی آٹھ۔ وتر کی ایک ... سے انہیں اروں کے قول مل گئے ورنہ اصل مقصود وہی آرام نفس۔ جاڑا لگتا ہو تیمم کر لو۔ جماع میں انزال نہ ہوا غسل ... دو۔ شہر سے باہر ہوا کھانے نکلو نمازِ قصر پڑھو اموالِ تجارت پر زکوٰۃ نہ دو۔ دن نکلتے ہی نمازِ جمعہ پڑھ لو جلتی دھوپ کی آفت کیوں سہو۔ سال دو سال شوہر کی خبر نہ آئے عورت کا نکاح کر دو۔ تین طلاقیں معاً دیں بے حلالہ حلال سمجھو۔ چھ چیزوں کے سوا سب میں سود کھانا روا۔ آدمی اور کتے کا غلیظ وغیرہ چھ چیزیں ناپاک۔ باقی خون، پیپ مردار، شراب سب طاہر و بے باک۔ غیر مقلد مونچھوں پر شراب، داڑھی پر کتے کا پیشاب، ماتھے پر پیپ۔ گالوں پر مرغی کی بیٹ مل کر نماز پڑھے قبولِ سرکار ہے۔ ادب دربار ہے۔ کہ ہر طرف طہارتوں کا انبار ہے۔"

(ب)

"رفع ضرورت کو زنا سے خود اپنی بیٹی۔ رضاعی بھتیجی، سوتیلی خالہ سب حلال۔ بلکہ سگی پھوپھی کے لیے بھی یہی خیال۔ پھر

Marfat.com

پھوپھی بھتیجی کو جمع کر لینا کیا محال۔ انتہائے آرام طلبی یہ کہ وضو میں سر سے عمامہ اٹھانا دشوار۔ اوپر ہی سے مسح کر لو۔"

(ج)

"یہاں ایک غیر مقلد صاحب کہا کرتے! صاحبو تہجد میں تم نے آپ دشواریاں لگالی ہیں۔ ہماری تو جاڑے میں جب آنکھ کھلتی تکیے پر ہاتھ مار کر منہ پر پھیر لیئے اور چارپائی پر بیٹھے بیٹھے دو رکعتیں پڑھیں اور لحاف میں دبک رہے۔"

(۴۵)

مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ کا ایک رسالہ (۱۳۰۵ھ) بنام "النھی الاکید عن الصلاۃ وراء عدی التقلید" اس رسالے میں غیر مقلدوں کی اچھی طرح خبر لی گئی ہے۔ اس میں سے ایک تراشہ یہاں پیش کیا جاتا ہے۔

(الف)

"یا معشر المسلمین یہ فرقہ غیر مقلدین کہ تقلید ائمہ دین کے دشمن ـــــ اور بیچارے عوام اہل اسلام کے رہزن ہیں۔ مذاہب اربعہ کو چوراہا بتائیں ـــــ ائمہ ہدیٰ کو احبار و رہبان ٹھہرائیں ـــــ سچے مسلمانوں کو کافر و مشرک بتائیں۔ قرآن و حدیث کی آپ سمجھ رکھنا، ارشادات ائمہ کو جانچنا، پرکھنا ہر عامی جاہل کا کام کہیں۔ بے راہ چل کر، بیگاد مچل کر حرام خدا کو حلال کر دیں ـــــ حلال خدا کو حرام کہیں۔ ان کا بدعتی، بدمذہب، گمراہ، بے ادب۔

Marfat.com

ضالِ مضل غوی مبطل ہونا نہایت جلی و اظہر بلکہ عند الانصاف یہ طائفہ تالفہ بہت۔ فرق اہل بدعت سے شر و اضر و اشنع و افجر۔ کما لا یخفی علی ذی بصر"

اسی رسالے میں ایک اور جگہ فرماتے ہیں۔

(ب)

"واقعی یہ لوگ اُن پرانے خوارج کے ٹھیک ٹھیک بقیۃ و یادگار ہیں۔ وہی مسئلے، وہی دعوے، وہی انداز، وہی وتیرے خارجیوں کا داب تھا۔ اپنا ظاہر اسقدر متشرع بناتے کہ عوام مسلمین انہیں نہایت پابند شرع جانتے۔ پھر بات بات پر عمل بالقرآن کا دعویٰ عجب دام در سبزہ تھا۔ اور مسلک وہی کہ ہم ہی مسلمان ہیں باقی سب مشرک۔ یہی رنگ ان حضرات کے ہیں۔ آپ موحد اور سب مشرکین۔ آپ محمدی اور سب بد دین۔ آپ عامل بالقرآن و حدیث اور سب چنین و چناں بزعم خبیث پھر اُن کے اکثر مکلبین ظاہری پابندیٔ شرع میں بھی خوارج سے کیا کم ہیں۔ اہلسنت کان کھول کر سُن لیں کہ دھوکے کی ٹٹی میں شکار نہ ہو جائیں۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے صحیح حدیث میں فرمایا "تم اپنی نماز اُن کی نماز کے آگے حقیر جانو گے اور اپنے روزے اُن کے روزوں کے سامنے اور اپنے اعمال اُن کے اعمال کے مقابل"۔ باایںہمہ ارشاد فرمایا "اُن اعمال پر اُن کا یہ حال ہو گا کہ قرآن پڑھیں گے گلوں سے تجاوز نہ کرے گا۔ دین سے نکل جائیں

Marfat.com

گے جیسے تیر شکار سے ؏"

(ج)

"یہ سب باتیں بھی حرف بحرف اس طائفہ جدیدہ پر منطبق۔ اوّل تو انہیں نکلے ایسے کئے دن ہوئے تاہم جب سے سر اُبھارا سارا غصّہ مسلمانوں پر اتارا ـــــــ ہمیشہ مسلمانوں کو مشرک کہا۔ مسلمانوں ہی کے قتل و غارت کا حوصلہ رہا۔ آخر کچھ دنوں شوکت بھی پائی ـــــــ فوج و جمعیت بھی ہاتھ آئی۔ پھر کون سا ملک کافروں سے لیا ـــــــ کون سا حملہ مشرکوں پر کیا۔ ہاں خدا و مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے شہروں کو دار الحرب بنایا ـــــــ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ماننے والوں کا خون بہایا۔ آدمی کو جب قوت ملتی ہے ـــــــ دل کی دبی بھڑک کر چلتی ہے۔ جن سے غیظ تھا انہیں پر ٹوٹے ـــــــ خدا و مصطفٰے کے شہر لوٹے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔ جب وہاں اُن کا ستارہ لشکر سلطانی نے گرفتار بیت الوبال کیا۔ ان آزاد بلاد نے جہاں نہ کوئی پُرسانِ سنّت نہ خبر گیرانِ ملّت انہیں جلك على غاربك کہہ کر لیا۔ قدموں کی برکت کہاں جائے ـــــــ جب نجد اُجاڑ کر ہند میں آئے یہاں اُن کے دم سے جو فتنہ و فساد پھیلے باہم مسلمانوں میں نفاق و شقاق کے چشمے اُبلے ظاہر و عیاں ہیں ـــــــ کس پر نہاں ہیں۔ خصوصاً اُن شہروں کی تو پوری شامت ـــــــ جن میں اُن کے عمائد کی کثرت۔ کچھ دینِ قدیم پر جھگڑے

Marfat.com

رہے ہیں ـــــــ کچھ بگڑ گئے کچھ بگڑ رہے ہیں۔ باپ سُنّی ذرّیت وہابی ـــــــ شوہر سُنّی عورت وہابی۔ گھر گھر فتنے آئے۔ ـــــــ غرض کہیں خوارج کی ہم سنگی ـــــــ کہیں روافض سے ہمرنگی۔"

(د)

"اللہ تعالےٰ نے یہ دین پر استقلال ـــــــ اور کلمۂ طیبہ کا ادب و اجلال بمنہ و کرمہ ہم اہلسنت ہی کو عطا فرمایا ہے کہ بدمذہبانِ گمراہ ہماری تکفیر کریں ـــــــ ہم پاسِ کلمہ سے قدم باہر نہ دھریں۔ وہ ہر وقت اس فکر میں کہ کسی طرح ہم کو مشرک بنائیں ـــــــ ہم ہمیشہ اس خیال میں کہ جہاں تک ممکن ہو انہیں مسلمان ہی بتائیں۔ جیسے وہ بھوکی اونٹنی جس کے پیچھے ہری ہری ببولیں رہیں اور اُن میں شیر اور آگے صاف میدان پھر آباد شہر۔ وہ ببولوں کی ہریالی پر مہاریں توڑاتی اور پلٹی جاتی ہے کہ خود بھی ہلاک اور سوار کو بھی مہلکے میں ڈالے۔ سوار ہمیزیں کرتا تازیانے لگاتا آگے بڑھاتا ہے کہ آپ بھی نجات پائے اور اُسے بھی بچالے۔"

(س)

"آزما لیجئے کہ یہ حضرات جس مسئلے میں خلاف کریں گے آرامِ نفس ہی کی طرف گریں گے۔ کبھی وہ مذہب ان کے نزدیک راجح نہ ہوا۔ ـــــــ جس میں ذرا مشقت کا پلہ جھکا۔ تراویح میں بیس رکعت چھوڑیں تو چھتیس کی طرف نہ گئے جو امام مالک سے مروی، نہ چالیس

Marfat.com

پس جو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالے عنہ سے منقول اور امام اسحٰق بن راہویہ واہل مدینہ کا مذہب تھا. آٹھ پر گر پڑے کہ آرام کا سبب تھا اور اُن کے بعض مسائل کا نمونہ انشاء اللہ تعالیٰ عنقریب آتا ہے مسلمانو! جب بیباکی وہ ہے کہ جو چاہا کہدیا. نہ قرآن سے غرض نہ حدیث سے کام ——— اجماع آئمہ توکس چیز کا نام ——— اُدھر آرام طلبی کا یہ جوش تام. تو کیا عجب کہ بے غسل یا بے وضو نماز جائز کریں خصوصاً جبکہ موسم سرما ہو اور پانی ٹھنڈا. آخر یہ پھوپھی، بھتیجی، خالہ کی حلت سے عجیب تر نہ ہو گا. سچ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اذا لم تستحی فاضع ما شئت۔

(ص)

رمسگر حاشا للہ! ہم پھر بھی دامنِ احتیاط ہاتھ سے نہ دیں گے اور یہ ہزار ہمیں جو چاہیں کہیں. ہم زنہار ان کو کفار نہ کہیں گے ہاں ہاں یوں کہتے ہیں اور خدا اور رسول کے حضور کہیں یہ لوگ آثم ہیں، خاطی ہیں، بدعتی ہیں، ضال ہیں، مضل ہیں، غوی ہیں مبطل ہیں مگر ہیہات کافر نہیں مشرک نہیں. اتنے بدراہ نہیں اپنی جان کے دشمن ہیں. عدو اللہ نہیں ہمارے نبی صلی اللہ تعالے علیہ وسلم فرماتے ہیں یعنی لا الٰہ الا اللہ کہنے والوں کو کسی گناہ پر کافر نہ کہو جو لا الٰہ الا اللہ کہنے والے کو کافر کہے وہ خود کفر سے نزدیک تر ہے۔

Marfat.com

(۴۶)

احکام شریعت مصنفہ مولانا احمد رضا خاں قدس سرہٗ مسئلہ ۵ ۲ میں عورت کو اس مکان میں جہاں محارم وغیر محارم مرد اور عورتیں ہوں جانا جائز ہے یا نہیں ؟ اس کے جواب میں آپ نے فتوی دیا۔ اس فتوے سے ایک تراشہ پیش کیا جاتا ہے۔

(الف)

"خصوصاً جہاں فضولیات و بطالات وخطبات و جہالات کا جلسہ ہو جیسے سیر، تماشے، باجے تاشے، ندیوں کے پنگھٹ ناؤ چڑھانے کے جمگٹ ــــ بے نظیر کے میلے ــــ پھول والیوں کے جھمیلے ــــ نوچندی کی بلائیں ــــ مصنوعی کربلائیں، علم تعزیوں کے کاوے ــــ تخت جریدوں کے دھاوے ــــ حسین آباد کے جلوے ــــ عباسی درگاہ کے بلوے۔ ایسے مواقع مردوں کے جاتے کے بھی نہیں نہ کہ یہ نازک شیشیاں"

(۴۷)

رسالہ منبہ المنیہ امام احمد رضا قدس سرہٗ کی ایک عظیم تصنیف ہے جس میں آپ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معراج پر تشریف لے جانے پر مدلّل بحث فرمائی ہے۔ یہ تراشہ اسی رسالہ سے لیا گیا ہے۔

(الف)

"عرش تک منتہائے مکان ہے۔ اس سے آگے

Marfat.com

لامکان ہے اور جسم نہ ہوگا مگر مکان میں تو حضورِ اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم جسمِ مبارک سے منتہائے عرش تک تشریف
لے گئے اور روحِ اقدس نے وراء الوراء تک ترقی فرمائی
جسے اُن کا رب جانے جو لے گیا۔ پھر وہ جانیں جو تشریف
لے گئے۔ اسی طرف کلام امام شیخ اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ
میں اشارہ عنقریب آتا ہے کہ اُن کا پاؤں سے سیر کا
منتہی عرش ہے تو سیرِ قدم عرش پر ختم ہوئی نہ اس لیئے کہ
سیرِ اقدس میں معاذ اللہ کوئی کمی رہی بلکہ اس لیئے کہ تمام
اماکن کا احاطہ فرمالیا۔ اُوپر کوئی مکان ہی نہیں جسے
کہئیے کہ قدم پاک وہاں نہ پہنچا اور سیر قلبِ انور کی انتہا
قاب قوسین۔ اگر وسوسہ گزرے کہ عرش سے وراء کیا ہوگا کہ
حضورؐ نے اُس سے تجاوز فرمایا۔ تو امام اجل سیّدی علی وفا
رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا ارشاد سنئیے "مرد وہ نہیں جسے
عرش اور جو کچھ اس کے احاطے میں ہے افلاک و جنّت و
نار یہی چیزیں محدود و مقیّد کرلیں، مرد وہ ہے جس کی
نگاہ اِس تمام عالم کے پار گزر جائے۔ وہاں اسے موجدِ عالم
جلّ جلالہ کی عظمت کی قدر کھلے گی"

(۴۸)

رسالہ "بدر الانوار" میں سے یہ تراشہ پیش کیا جاتا ہے۔ تعزیہ
داری کا کتنا خوبصورت منظر پیش کیا ہے اور جو خرافات اس ضمن میں

Marfat.com

ہوتی ہیں اُس کو کیسے عمدہ پیرائے میں بیان کیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں

(الف)

"یوں ہی اگر روضۂ شہزادۂ گلگوں قبا حسین شہید ظلم و جفا صلوات اللہ تعالےٰ وسلامہٗ علی جدہ الکریم وعلیہ کی صحیح نقل بنا کر محض بہ نیت تبرک بے آمیزش منکرات شرعیہ مکان میں رکھے تو شرعًا کوئی حرج نہ تھا۔ مگر حاشا تعزیہ ہرگز اُس کی نقل نہیں۔ نقل ہونا درکنار بنانے والوں کو نقل کا قصد بھی نہیں۔ ہر جگہ نئی تراش، نئی گھڑت ____ جسے اس اصل سے نہ کچھ علاقہ نہ نسبت۔ پھر کسی میں پریاں، کسی میں بُراق ____ کسی میں اور بیہودہ طمطراق۔ پھر کوچہ بہ کوچہ و دشت بہ دشت اشاعتِ غم کے لیئے اُن کا گشت اور اُس کے گرد سینہ زنی ماتم سازشی کی شورا فگنی، حرام مرثیوں سے نوحہ کنی، عقل و نقل سے کٹی چھنی۔ کوئی ان کھپچیوں کو جھک جھک کر سلام کر رہا ہے، کوئی مشغولِ طواف، کوئی سجدے میں گرا ہے۔ کوئی اس مایہ بدعات کو معاذ اللہ جلوہ گاہِ حضرت امام عالیمقام سمجھ کر اس ابرک پنّی سے مرادیں مانگتا ہے، منّتیں مانتا ہے، عرضیاں باندھتا، حاجت روا جانتا ہے۔ پھر باقی تماشے، باجے، تاشے، مردوں، عورتوں کا راتوں کو میل ____ اور طرح طرح کے بیہودہ کھیل ان سب پر طرہ ہیں۔ غرض عشرۂ محرم الحرام کہ اگلی شریعتوں

Marfat.com

سے اس شریعتِ پاک تک نہایت بابرکت و محلِ عبادت ٹھہرا ہوا تھا۔ ان بے ہودہ رسموں نے جاہلانہ اور فاسقانہ میلوں کا زمانہ کر دیا۔ پھر وبالِ ابتداء کا وہ جوش ہوا کہ خیرات کو بھی بطورِ خیرات نہ رکھا۔ ریاء و تفاخر اعلانیہ ہوتا ہے۔ پھر وہ بھی یہ نہیں کہ سیدھی طرح محتاجوں کو دیں بلکہ چھتوں پر بیٹھ کر پھینکیں گے۔ روٹیاں زمین پر گر رہی ہیں۔ رزقِ الٰہی کی بے ادبی ہو رہی ہے پیسے مٹی رہتے ہیں گر کر غائب ہو رہے ہیں۔ مال کی اضاعت ہو رہی ہے۔ مگر نام تو ہو گیا کہ فلاں صاحب لنگر لٹا رہے ہیں۔ اب بہارِ عشرہ کے پھول کھلے تاشے، باجے بجتے چلے۔ رنگ رنگ کے کھیلوں کی دھوم ——— بازاری عورتوں کا ہر طرف ہجوم ——— شہوانی میلوں کی پوری رسوم ——— جشنِ فاسقانہ یہ کچھ اور اس کے ساتھ خیال وہ کچھ کہ گویا یہ ساختہ ڈھانچہ بعینہا حضرت شہدائے کرام علیہم الرضوان کے پاک جنازے ہیں

ع اے مومنو! اٹھاؤ جنازہ حسین کا

گاتے ہوئے مصنوعی کربلا پہنچے۔ وہاں کچھ نوچ اتار ——— باقی توڑ تاڑ دفن کر دیئے۔ یہ ہر سال اضاعتِ مال کے جرم و وبال جداگانہ رہے۔ اللہ تعالیٰ صدقہ حضرات شہدائے کرام کربلا علیہم الرضوان والثناء کا مسلمانوں کو نیک توفیق بخشے اور بدعات سے توبہ دے۔ آمین ؛“

Marfat.com

(۴۹)

زیرِ نظر نثر پارہ مولانا احمد رضا خان قدس سرہ کی تصنیف "المحجۃ المؤتمنہ" سے لیا گیا ہے۔

(الف)


"اسی طرح عوام جہلاء نے ایصالِ ثواب کے بارے میں جو ناپسندیدہ امور پیدا کر رکھے ہیں مثلاً دکھاوا، چرچا اور تفاخر مالداروں کو جمع کرنا اور فقراء کو منع کرنا۔ ایسے ہی تیجے میں ایک جماعت ایک جگہ بیٹھ جاتی ہے اور تمام لوگ بلند آواز سے قرآن مجید سے پڑھتے ہیں اور قرآن مجید سننے کے فریضے کو ترک کر دیتے ہیں۔ یہ تمام باتیں ممنوع، مکروہ اور ناروا ہیں۔ علماء کو چاہیئے کہ زائد خرابیوں پر لوگوں کو تنبیہہ کریں۔ یہ نہیں کہ زبان کی تیزی اور روانی کے سہارے سے اصل کام ہی کو ختم کر دیں۔ جیسے کہ اکثر عوام نماز میں خصوصاً نوافل جنہیں وہ تنہا ادا کرتے ہیں، ارکانِ نماز کو آہستہ آہستہ ادا نہ کرنے اور دیگر ممنوعات کے عادی بن جاتے ہیں۔ اس بناء پر انہیں نماز ہی سے نہ روکا جائے بلکہ ان ناپسندیدہ عادات سے روکنا اور ڈرانا چاہیئے اور نماز ادا کرنے کا شوق و رغبت دلانا چاہیئے۔ یہ مختصر تقریر اور قولِ فیصل مخالفین کے خواص اور اس طرف کے بعض عوام دونوں کو ناگوار ہوگا لیکن کیا کیا جائے کہ حق یہی ہے اور حق سے راہِ فرار نہیں۔ اللہ تعالےٰ ہی راہِ راست کی ہدایت فرمائے۔"

Marfat.com

Marfat.com



Marfat.com




Prepared and published by the National Imagery and Mapping Agency

**MAP INFORMATION AS OF 1998**

## LEGEND

POPULATED PLACES

Densely built up areas

Sparsely to moderately built up areas

ROADS

All weather hard surface

Divided, Median ≥ 40m

Two or more lanes wide

One lane wide

All weather loose surface

Two or more lanes wide

One lane wide

E22 64 10

RAILROADS

Single Track

Multiple Track

MISCELLANEOUS CULTURAL FEATURES

RAŠKA

OBSTRUCTIONS

Single Group

Elevation of obstruction top above sea level (≥ 46m)

Elevation of obstruction top above ground level (≥ 46m)

< 46m ≥ 46m

High tension powerlines

Telephone or telegraph line — Tel

Catenary powerline

DRAINAGE

Perennial Intermittent

Streams

Less than 50m wide

50m wide or more

Spring

Well

Lakes Perennial, Intermittent, Dry

Swamp, Land subject to natural inundation

Cistern, Dissipating stream

Disappearing stream

VEGETATION

Vineyard, Orchard

Scrub, Scattered trees

Woodlands Evergreen, Deciduous, Mixed

MISCELLANEOUS RELIEF

Spot elevation Highest Normal — •2030 •320

Depression, Embankment

Cliff ≥ contour interval, Cliff < contour interval

Cut ≥ contour interval, Cut < contour interval

Fill ≥ contour interval, Fill < contour interval

Marfat.com

Marfat.com

Marfat.com

# امام احمد رضا کے نثری شہ پارے

صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی
ذخیرہ

مرتبہ
سید محمد ریاست علی قادری

ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا کراچی

Marfat.com